اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر احمد حسن عقیل نے کہا کہ حکومت نے سرکاری تحویل میں چلنے والے کمرشل اداروں کی نجکاری کا عمل تیز کرنے کا عندیہ دیا ہے جس کا تاجر برادری خیر مقدم کرتی ہے۔ خسارے میں چلنے والے سرکاری ادارے قومی خزانے پر ایک بڑا بوجھ ہیں اور ان سے چھٹکارہ حاصل کرنے کا سب سے بہتر طریقہ جلد از جلد ان کی نجکاری کرنا ہے۔ پاکستان سٹیل ملز، پی آئی اے، ریلوے اور بجلی کمپنیوں سمیت سرکاری تحویل میں چلنے والے اکثر کمرشل ادارے خسارے میں چل رہے ہیں جبکہ ان اداروں کو چالو حالت میں رکھنے کیلئے حکومت کو ہر سال اربوں روپے خرچ کرنا پڑتے ہیں جو ٹیکس دہندگان کے ساتھ زیادتی ہی۔ یہی پیسہ بہتر صحت و تعلیم فراہم کرنے اور عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کر کے ملک سے غربت و افلاس کو کم کیا جا سکتا ہے۔ حکومت خسارے میں چلنے والے سرکاری کمرشل اداروں کی نجکاری کا عمل مزید تیز کرے تاکہ سرکاری خزانے پر ان کے غیر ضروری بوجھ کو ختم کیا جاسکے۔

ملازمین کے حقوق کی جنگ لڑتے رہیں گے، امان اللہ خان

ملازمین کی مستقلی کا منظوری پر ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سیکرٹری جنرل پی ڈی اے لیبر یونین (پی ایل اے) امان اللہ خان نے انتظامیہ کی طرف سے کئی سالوں سے ڈیلی ویجز اور کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے کے فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یونین کے کاوشوں سے ملازمین کی مستقلی کا فیصلہ کیا گیا، ملازمین کی مستقلی کا منظوری پر ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے ملازمین کو ان کو حق دیا۔ انہوں نے کہا کہ یونین نے 2 ماہ قبل ملازمین کی مستقلی کی فائل بورڈ کو بھجوائی تھی جس کو بعد ازاں گزشتہ 2 بورڈ اجلاس کے ایجنڈے میں شامل کیا گیا مگر ممبران کی عدم موجودگی کی وجہ منظوری نہیں ہو سکی تھی۔ پی ڈی اے یونین ملازمین کے حقوق کی جنگ لڑتی رہے گی۔ ملازمین کا درپیش دیگر مسائل کا بھی جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

ڈینگی بدستور بے قابو، 80 مریض وفاقی ہسپتالوں میں داخل

پمز میں 40 اور پولی کلینک ہسپتال میں 41 مریض زیر علاج ہیں

اسلام آباد (خبر نگار خصوصی) 2 جڑواں شہروں میں ڈینگی کے حملوں میں اضافہ، اسلام آباد کے پمز اسپتال میں ڈینگی کا شکار 40 اور پولی کلینک اسپتال میں ڈینگی بخار میں مبتلا 41 مریض زیر علاج ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پمز اسپتال اسلام آباد میں اب تک 3 ہزار مریضوں کے ڈینگی کے ٹیسٹ کیے گئے، پمز اسپتال اسلام آباد میں ڈینگی کے 40 مریض زیر علاج ہیں جبکہ پولی کلینک اسپتال میں ڈینگی کے مریضوں کی تعداد 41 ہے۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی میں 24 گھنٹوں کے دوران 80 شہری ڈینگی بخار کا شکار ہوئے، راولپنڈی میں پلیٹلیٹز کے عارضہ سے 72 افراد ڈینگی کا شکار ہوئے۔

صورتحال — 1

موجودگی میں تحریکِ عدم سول چودھری پرویز الٰہی قائم مقام گورنر پنجاب بنائے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار نے روانہ ہونے سے قبل چودھری پرویز الٰہی سے الوداعی ملاقات کی، یہ منظر بہت دلچسپ تھا۔ بزدار صاحب رخصت ہونے لگے تو انہوں نے چودھری صاحب کا ہاتھ نہایت تپاک سے کافی دیر تک اپنے ہاتھوں میں تھامے رکھا اور چودھری صاحب کے چہرے کو دیکھتے رہے جہاں ہر وقت ایک شفیق مسکراہٹ موجود ہوتی ہے۔ بزدار صاحب نے زبان سے تو کچھ نہ کہا لیکن نگاہوں ہی نگاہوں میں شاید کہہ رہے تھے چودھری صاحب پیچھے ذرا دھیان رکھنا۔

وزیراعظم عمران خان جنرل اسمبلی کیلئے روانہ ہونے سے قبل سفر تجاویز کر سکتے ہیں، سب قابل ذکر فضلیات کے بیرون ملک جانے سے ملک سونا سونا سا لگے گا۔ اہل پاکستان کو جاگتے رہنا ہے اور پیچھے سے دھیان رکھنا ہے جبکہ بلاول کیلئے پاکستان کے کئی بکھرے ہوئے دلوں والے بیان کی خوبی سے صرف اتنا ہی کہہ دینا کافی ہے کہ بلاول کے دادا کی طرح بنانے والے تین کرداروں کا انجام کھلی آنکھوں سے دیکھ لے۔ بنگالی بھتیجا اپنا باپ کہتے تھے انہوں نے شیخ مجیب کے پورے خاندان کی لاشیں اس کے گھر کے دروازے پر لٹکا دی تھیں۔ اندرا گاندھی کو مارشلوں نے کتنے کی موت مارا اور بلاول کے نانا ذوالفقار حضور پھانسی والے مقام کو دیکھ چکے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ اب اہل عمل کا وقت ہے، کیونکہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ عمل نہ کرنا کوئی آپشن نہیں ہے۔ جب ان سے سوال کیا گیا کہ بھارت کشمیر کو اپنا اندرونی معاملہ کہتا ہے تو اس پر عالمی برادری کس طرح ہامی بھرے گی جس کا جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ کشمیر اقوام متحدہ میں تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ ہے اور اقوام متحدہ کی اس حوالے سے متعدد قراردادیں موجود ہیں۔ اقوام متحدہ بیانات دینے کے بجائے اسے حل کرنے کا عملی مظاہرہ کرے۔ میں معاملے کو اقوام متحدہ میں اٹھاؤں گا اور وہاں جا کر یہ کہوں کہ یہ عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ اس معاملے کو حل کروائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے تمام مذاہب کے لوگوں کو مذہبی آزادی دی جبکہ بھارت میں آر ایس ایس نظریے کی حکومت ہے جو بازی جرمنی کے نظریے سے متاثر ہے۔ آر ایس ایس کے کیمپ میں اپنے دہشتگرد تیار ہو رہے ہیں جو تشدد سے مسلمانوں کو خوفزدہ کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے نہ صرف کشمیریوں بلکہ بھارت اور پوری دنیا میں رہنے والے مسلمانوں کی طرف سے اس کا ردعمل آئیگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ری ایکشن اس لئے آئے گا کیونکہ مسلمان پہلے ہی روہنگیا مسلمانوں کے ساتھ ہونے والے مظالم دیکھ چکے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ اب عمل کا وقت ہے، کیونکہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ عمل نہ کرنا کوئی آپشن نہیں ہے۔ جب ان سے سوال کیا گیا کہ پاکستان مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کی کس طرح مدد کریگا تو جواب میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اس وقت کچھ نہیں کر سکتا، بھارت نے تمام سرحدیں بند کی ہوئی ہیں، پاکستان عالمی برادری کو معاملے آگاہ کر رہا ہے اور اسے ہر فورم پر اٹھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب یہ معاملہ دوطرفہ بات چیت سے حل نہیں ہوسکتا، بات اس سے آگے نکل چکی ہے، اس کے حل کا راستہ صرف امریکہ ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ ساتھ روسی صدر ولادی میر پوتن اور چینی صدر شی جن پنگ بھی مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ حل کروانے کے لئے کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مسئلہ کا حل بتاتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اس کا صرف ایک ہی حل ہے اور وہ اقوام متحدہ کا کشمیری عوام کے ساتھ کیا جانے والا وعدہ ہے، جو انہوں نے حق خود ارادیت سے متعلق کیا ہے۔ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے سے متعلق وزیراعظم نے کہا کہ فریڈرا مودی نے بہت بڑی غلطی کردی کیونکہ یہ کشمیر کو بھارت کے ساتھ ضم کرنے کی جانب پہلا قدم ہے، اب انہیں کشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنا ہوگا جو ناممکن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ اقدام مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے خلاف مزاحمت کو جنم دے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت نے ایک مرتبہ پھر دراندازی کی کوشش کی تو بھارتی طیارے کو مار گرایا اور جب پاکستان نے اس گرفتار بھارتی پائلٹ کو خیر سگالی کے جذبے کے تحت واپس کیا تو انہوں نے اسے اپنی کامیابی قرار دیا اور کہا کہ پاکستان ان سے ڈر گیا۔ جب ان سے سوال کیا گیا کہ بھارت یہ الزام عائد کرتا ہے کہ پاکستان مقبوضہ کشمیر میں صورتحال خراب کرنے کا ذمہ دار ہے تو وزیراعظم نے جواب دیا کہ پاکستان ایسی کسی کارروائی میں ملوث نہیں ہے، ہم نے مودی کو یہ پیشکش کی کہ وہ اپنی انٹیلی جنس اور کسی بھی مبصر کے ذریعے اس کا پتہ لگائیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہمیں بھارت سے لاتعداد شکایتیں ہیں، یہ افغانستان میں بیٹھ کر تزویاتی علاقوں اور بلوچستان میں دہشتگردکارروائی کرتا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ پاکستان کو 9/11 کے واقعہ سے کوئی تعلق نہیں تھا، پاکستان دہشتگردی کیخلاف اس جنگ میں شامل ہوا اور جب امریکہ وہاں کامیاب نہ ہوسکا تو اس کا الزام بھی پاکستان پر عائد کیا جارہا ہے جو سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ افغانستان کی اطمینان بخش صورتحال کو سمجھ نہیں سکی، افغان کمی کسی غیر ملکی کو برداشت نہیں کرتے، سویت نے وہاں 9 سال جنگ لڑی لیکن 50 ہزار فوجی مارے جانے کے باوجود وہ اسے فتح نہ کر سکے۔ جب ان سے سوال کیا گیا کہ کیا پاکستان افغانستان سے امریکی فوج کے انخلا کی حمایت کرتا ہے تو اس کے جواب میں وزیراعظم نے کہا کہ یہ انخلا منصوبہ بندی کے ساتھ اور معاہدے کے تحت ہونا چاہئے۔ انکا کہنا تھا کہ گزشتہ 9 دہائیوں سے افغانستان کے لوگوں کو خون خرابہ دیکھ رہے ہیں، وہ اب امن چاہتے ہیں اور ہم سب دعا گو ہیں کہ طالبان اور امریکہ کے درمیان امن عمل دوبارہ بحال ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک مرتبہ پھر واضح کرنا چاہتا ہوں کہ میں پاکستان کے امریکہ کے اور امریکہ کے افغانستان سے مطالبہ کیا ہے کہ شیخ عبدالوحید نائی قبضہ ماغیا سے نجات دلائی جائے اور تمام مہمران کی فوری رہائی، قبضہ اور تعمیرات کے انکامات جاری کئے جائیں یا جمع شدہ رقوم موجودہ شرح کے حساب سے واپس کروائی جائیں۔

عمران خان — 5

رہماں ادارے الجزیرہ کو دیئے گئے انٹرویو میں وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان نے کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ میں اٹھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسی قوم ہے جو اپنی بقا کے لئے آخری دم تک لڑے گی۔ انکا کہنا تھا کہ دو ایٹمی طاقتیں جنگ کے دہانے پر ہیں اگر یہ طاقتیں لڑیں گی تو انجام بھیانک ہوگا، تاہم ایٹمی جنگ سے بچنے کے لئے عالمی برادری اپنا کردار ادا کرے۔ وزیراعظم کا یہ بھی کہنا تھا کہ کوئی بھی ذی شعور انسان ایٹمی جنگ کی بات نہیں کرسکتا۔ انہوں نے پاک بھارت کشیدگی کو امریکہ اور روس کے درمیان 1962 کے کیوبن میزائل بحران سے تشبیہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان صورتحال بہت کشیدہ ہے، اور اگر ان دونوں ممالک کے درمیان جنگ ہوئی تو اس کے اثرات برصغیر کے باہر بھی محسوس کئے جاسکیں گے۔ پاکستان جنگ کا آغاز نہیں کرنا چاہتا، جنگیں مزید مسائل کا سبب بنتی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے اور 70 ہزار افراد جاں بحق ہوئے ہیں جو تشدد سے متاثرہ ہونے سے قبل چودھری پرویز الٰہی سے الوداعی ملاقات کی، یہ منظر بہت دلچسپ تھا۔ بزدار صاحب رخصت ہونے لگے تو انہوں نے چودھری صاحب کا ہاتھ نہایت تپاک سے کافی دیر تک اپنے ہاتھوں میں تھامے رکھا اور چودھری صاحب کے چہرے کو دیکھتے رہے جہاں ہر وقت ایک شفیق مسکراہٹ موجود ہوتی ہے۔ بزدار صاحب نے زبان سے تو کچھ نہ کہا لیکن نگاہوں ہی نگاہوں میں شاید کہہ رہے تھے چودھری صاحب پیچھے ذرا دھیان رکھنا۔

کنکریاں — 2

بہانے امریکا اور اتحادی افواج افغانستان میں داخل ہوگئیں، جن کے انخلا کی باتیں پچھلے پانچ سال سے چل رہی ہیں۔ ان چالیس برسوں میں جو تباہی افغانستان میں ہوئی، اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ صرف افغان قوم ہی برباد نہیں ہوئی، پاکستانی قوم نے بھی تاریخ کے بدترین نقصانات اور بربادی کا سامنا کیا۔ خونریزی کے جن عالیہ واقعات کی وجہ سے صدر ٹرمپ نے مذاکرات منسوخ کیے، ایسے واقعات اب افغانستان میں بہت بڑے پیمانے پر ازسرنو شروع ہوجائیں گے۔ یہ صورتحال دنیا کو تشویش و خارجہ گردی اور تباہی و بربادی سے پاک دیکھنے کے خوابوں کسی بھی شخص کے لیے پسندیدہ اور قابل قبول نہیں ہوسکتی اور ایسا ہوا بھی تو بالآخر کچھ وقت گزرنے کے بعد دوبارہ بات چیت ہی سے مسئلے کا حل نکالنا ہوگا، افغانستان میں امریکا کا اٹھارہ سالہ تجربہ اور اس مخملے کی پوری تاریخ یہی بتاتی ہے۔ اس تناظر میں پومپیو کا بیان امید افزا ہے کہ طالبان سے مذاکرات کی بحالی خارج از امکان نہیں، امید ہے کہ طالبان اپنا رویہ بدلیں گے اور یہ معاملہ مذاکرات کے ذریعے ہی طے ہوگا۔ اس صورتحال میں پاکستانی دفتر خارجہ نے بالکل درست طور پر تمام فریقوں کو صبر و تحمل کے ساتھ مذاکرات جاری رکھنے کا مشورہ دیا۔ بلاشبہ امریکا، طالبان، افغان حکومت اور مخملے کے عوام سب کا مفاد افغانستان میں پائیدار امن کے قیام ہی سے وابستہ ہے، لہٰذا تمام فریقوں کو ہوش مندی سے کام لیتے ہوئے مذاکرات کی جلد از جلد بحالی کو یقینی بنانا چاہیے۔

وسعت نظر — 3

کو اپنی ہی "سازش" کے کامیاب ہونے پر جتنا اور اس سب دیکھا تھا اس سے پہلے دیکھا ہی نہ تھا، شاید ہی کسی ترانی بھی انہیں بولتے پر مائل نہ کرسکی تھی۔ دکھی تو ہونا ہی تھا، اس کے بعد نہ "اکثریت" اکثریت رہ سکی اور نہ ہی "اقلیت" کچھ کرسکی۔ کیمونسٹ پارٹی کا استر گول ہو گیا۔

ڈاکٹر صاحب بنیادی طور پر "عقیدہ پرست" تھے اور میں "عقیدہ مخالف" اس لیے بہت سی باتوں پر اختلاف رہتا تھا۔ وہ کیمونزم کو ایک "عقیدے" کے طور پر لیتے تھے اور میں اسے ایک "طرز معیشت اور طریق سیاست" کے طور پر۔ شاید ہم میں "مثلوں" کا فرق تھا یا ہماری نفسیات مختلف تھی، اگر چہ بچپن کا معاملہ کم و بیش ایک سا رہا تھا۔ میرا باپ بھی سخت تھا اور میری ماں نرم، عادات گزار اور ترقی پسند سوچ کی کسی حد تک حامی۔ بہرحال ڈاکٹر صاحب سے اختلاف کرنے سے بھی ہمارے ذاتی تعلقات متاثر بھی نہیں ہوئے تھے، تبھی تو مجھے:

جوڑ کے تو جاں سے گزر گئے

کے امین ڈاکٹر اعزاز نذیر آج بھی یاد ہیں اور یاد آتے رہیں گے۔

دھرنا اعلان — 4

اور پختونز بھی شامل ہیں، جنہوں نے اپنی تمام زندگی کی جمع پونجی ان کے پاس جمع کروائی لیکن 6 سال گزرنے کے باوجود وہ سائی کی انکوائری کمیٹیوں کو تراسفر کرنے سے انکاری ہے، جنہوں نے تقریباً 35 کروڑ سے زائد رقوم جمع کروائی ہیں اس کے باوجود متاثرین در بدر ہو گئے کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے ہمیں انصاف دلایا جائے اور قبضہ مافیا کے خلاف کاروائی کرکے 230 قتائما نوں کو اس اذیت سے نجات دلائی جائے اور انہیں فراڈ اور دھوکہ دہی پر سخت سزا دی جائے انہوں نے کہا کہ مہمران کی فوری رہسٹاریاں اور قبضہ کھل کیا جائے شیخ عبدالوحید نائی قبضہ مافیا کی جعل سازی اور فراڈ پر ایوان اقتدار کو فوری نوٹس لیتے ہوئے متاثرین کو ان سے نجات دلائی جائے، مہمران سے وصول کی گئی رقوم کا حساب کیا جائے راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو پابند کیا جائے کہ وہ متاثرین کے متعلقہ شکایات کا فوری ازالہ کریں موساکی بنا پر کسی قسم کی کوئی ڈویلپمنٹ اور سہولیات کا وجود تک نہیں نکلی سوئی گیس جو بنیادی ضرورت ہیں وہ بھی نہیں جبکہ سڑکیں سیوریج کا کوئی سسٹم نہیں ہے انہوں نے کہا کہ ہم نے بہت کوشش کی کہ ان دونوں قبضہ مافیا کے ساتھ بات چیت سے کوئی راستہ نکلے مگر انہوں نے بات کرنے کی بجائے راولپنڈی اتھارٹی کے ساتھ ملکر ہمیں ہی ہراساں کرنے کے لئے ہمارے خلاف جھوٹے مقدمات درج کروائے ہیں ہم نے ہمیشہ قانون کا احترام کیا ہے اور ہم قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنا احتجاج ریکارڈ کروائیں گے۔ ہم نے 15 تاریخ کو اسلام آباد میں احتجاج کرنے کا اعلان کیا ہے اگر ہمارے مطالبات پورے نہ کئے گئے تو ہم 15 تاریخ کو ہی اسلام آباد میں دھرنا دیں گے۔

اسامہ — 8

نے پاک افغان سرحد کے قریب اشدادوحشت گردی کے آپریشن میں القاعدہ کے سابق سربراہ اسامہ بن لادن کے بیٹے اور حمزہ بن لادن کی موت کی تصدیق کردی۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس سے حمزہ بن لادن کی ہلاکت سے متعلق متضاد خبریں گردش کر رہی تھیں۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق امریکی میڈیا نے جولائی اور اگست کے اوائل میں خفیہ ایجنسی کے حکام کا حوالہ دے کر رپورٹ دی تھی کہ 2 برس قبل دوران آپریشن حمزہ بن لادن ہلاک ہوگئے تھے۔ تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور دیگر سینئر حکام نے عوامی سطح پر اس کی تصدیق یا تردید سے انکار کیا تھا۔ اس وقت جب ڈونلڈ ٹرمپ سے صحافیوں نے پوچھا تھا تو انہوں نے کہا تھا کہ میں اس پر تبصرہ نہیں کرنا چاہتا، وائٹ ہاؤس کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاک افغان سرحد پر امریکی انسداد دہشت گردی کے آپریشن میں القاعدہ کے اہل عہدیدار اور اسامہ بن لادن کے بیٹے حمزہ بن لادن مارے گئے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ حمزہ بن لادن کی موت سے القاعدہ ایک اہم قائدانہ صلاحیت جبکہ والد کے علامتی تعلق سے بھی محروم ہوگئی۔ اعلامیہ میں آپریشن سے متعلق وقت کے بارے میں نہیں بتایا گیا۔ حمزہ بن لادن کو امریکا نے دو سال قبل عالمی دہشت گرد قرار دیا تھا۔ اسامہ بن لادن کے کمپاؤنڈ سے ملنے والے خطوط سے یہ واضح ہوا تھا کہ حمزہ ان کا پسندیدہ بیٹا تھا جس نے القاعدہ میں ان کی جگہ لینی تھی۔ امریکا نے کم مارچ کو حمزہ بن لادن سے متعلق معلومات فراہم کرنے والے کے لیے 10 لاکھ ڈالر انعام کا اعلان کیا تھا۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ حمزہ بن لادن، القاعدہ کے سربراہ کے طور پر ابھر رہا ہے۔ حالیہ برسوں میں حمزہ کی طرف سے کئی آڈیو اور ویڈیو پیغامات جاری کیے گئے ہیں جن میں اس نے القاعدہ کے جنگجوؤں سے امریکا اور اس کے مغربی اتحادیوں پر اپنے والد کی موت کا بدلہ لینے کے لیے حملہ کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

پولیس ریفارمز — 7

کھوسہ نے پولیس ریفارمز کمیٹی کا اجلاس 26 ستمبر کو طلب کرلیا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کریں گے، سپریم کورٹ نے تمام صوبوں کے آئی جیز سے پولیس کارکردگی کی رپورٹس طلب کرلی، یکم اکتوری سے تمبر تک پولیس کیخلاف 9 کیات کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہیں۔

اسامہ — 8

ہائیکورٹ سرحد کے قریب اشدادوحشت گردی کے آپریشن میں القاعدہ کے سابق سربراہ اسامہ بن لادن کے بیٹے اور حمزہ دہشت گرد بن لادن کی موت کی تصدیق کردی۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس سے حمزہ بن لادن کی ہلاکت سے متعلق متضاد خبریں گردش کر رہی تھیں۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق امریکی میڈیا نے جولائی اور اگست کے اوائل میں خفیہ ایجنسی کے حکام کا حوالہ دے کر رپورٹ دی تھی کہ 2 برس قبل دوران آپریشن حمزہ بن لادن ہلاک ہوگئے تھے۔ تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور دیگر سینئر حکام نے عوامی سطح پر اس کی تصدیق یا تردید سے انکار کیا تھا۔ اس وقت جب ڈونلڈ ٹرمپ سے صحافیوں نے پوچھا تھا تو انہوں نے کہا تھا کہ میں اس پر تبصرہ نہیں کرنا چاہتا، وائٹ ہاؤس کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاک افغان سرحد پر امریکی انسداد دہشت گردی کے آپریشن میں القاعدہ کے اہل عہدیدار اور اسامہ بن لادن کے بیٹے حمزہ بن لادن مارے گئے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ حمزہ بن لادن کی موت سے القاعدہ ایک اہم قائدانہ صلاحیت جبکہ والد کے علامتی تعلق سے بھی محروم ہوگئی۔ اعلامیہ میں آپریشن سے متعلق وقت کے بارے میں نہیں بتایا گیا۔ حمزہ بن لادن کو امریکا نے دو سال قبل عالمی دہشت گرد قرار دیا تھا۔ اسامہ بن لادن کے کمپاؤنڈ سے ملنے والے خطوط سے یہ واضح ہوا تھا کہ حمزہ ان کا پسندیدہ بیٹا تھا جس نے القاعدہ میں ان کی جگہ لینی تھی۔ امریکا نے کم مارچ کو حمزہ بن لادن سے متعلق معلومات فراہم کرنے والے کے لیے 10 لاکھ ڈالر انعام کا اعلان کیا تھا۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ حمزہ بن لادن، القاعدہ کے سربراہ کے طور پر ابھر رہا ہے۔ حالیہ برسوں میں حمزہ کی طرف سے کئی آڈیو اور ویڈیو پیغامات جاری کیے گئے ہیں جن میں اس نے القاعدہ کے جنگجوؤں سے امریکا اور اس کے مغربی اتحادیوں پر اپنے والد کی موت کا بدلہ لینے کے لیے حملہ کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

فضل الرحمان — 9

حکمت عملی کے تحت اسلام آباد جائیں گے ہمارے پروگرام میں روڈ بلاک کی کوئی گنجائش ہے اور نہ ہی اس سلسلے میں حکومت نے ہم سے رابطہ کیا۔ تمام رکاوٹیں توڑ کر اسلام آباد پہنچیں گے اگر کسی نے ہمارا راستہ روکا تو ہم پورا بلاک روک دیں گے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت کے خلاف اپوزیشن کی تمام سیاسی جماعتیں ہمارے ساتھ ہیں ہمارا اب کا پروگرام ایک ہے تاہم ہر ایک کی اپنی اپنی حکمت عملی ہے۔ ہم ان جماعتوں کو اپنا سپیج فراہم کررہے ہیں کہ وہ مشترک سپیج پر آئیں۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ الیکشن کے بعد تمام جماعتیں متفق تھیں کہ الیکشن میں دھاندلی ہوئی ہے اور موجودہ حکومت دھاندلی کا نتیجہ ہے اور ایک سال کی حکومت کے بعد اب یہ بھی ثابت ہوگیا ہے کہ یہ ناہل بھی ہے۔ ہم ان کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ تمام جماعتوں کے پیرائے میں کوئی اختلاف نہیں۔ باقی سیاسی جماعتوں سے ہماری جماعت کی سیاسی حکمت عملی میں فرق ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں آئین کے آرٹیکل 149 کے استعمال سے جناح پور جیسے منصوبے کی طرف اشارہ ہے اور اس کے تناظر میں آنے والے سندھ دیہی جیسے بیانات بھی سلامتی کیلئے خطرناک ہیں۔ آرٹیکل 149 کے استعمال سے بھی اتفاق کررہا ہے کہ سندھ کو تقسیم کیا جارہا ہے۔ ہم ان کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں، تمام جماعتوں کے پیرائے میں کوئی اختلاف نہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ باقی سیاسی جماعتوں سے ہماری جماعت کی سیاسی حکمت عملی میں فرق ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 جولائی سے اب تک تمام سیاسی جماعتوں نے الیکشن میں بدترین دھاندلی کو تسلیم نہیں کیا، لیکن صرف ہماری جماعت اس دھاندلی کے خلاف گئی۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ دھاندلی کے خلاف ہم نے 15 تاریخی اجتماعات کئے، ہم تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے ساتھ شامل کرنا چاہتے ہیں لیکن تمام جماعتوں کی اپنی ترجیحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں تمام سیاسی جماعتوں کی حمایت حاصل ہے، کوئی سیاسی جماعت سیج پر آنے یا نہ آنے پر ان کا فیصلہ ہے، وہ حالیہ ہی پر تمام سیاسی جماعتوں کا بیانیہ ایک ہے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کا تعلق کشمیر کمیٹی سے نہیں۔ کشمیر کا مسئلہ پارلیمنٹ کے سوا کہیں حل نہیں ہوسکتا۔ کشمیر کے مسئلے پر ریاستی اداروں کے ناکام ہونے پر ان کے بجائے کیلئے مجھے نشانہ بنایا جاتا ہے کہ میں نے عرصے تک کشمیر کمیٹی کا چیئرمین رہا۔ کشمیر میں بھارتی مظالم جاری ہیں مگر حکمران محو خواب ہے، ہیں کشمیر کو بچانے کی بجائے اسے ذبح کر دیا گیا ہے۔ ن مولانا نے کہا کہ ریفرنڈم کے بغیر قانا کا پاکستان میں انضمام کیا گیا اگر آج ریفرنڈم کرایا جائے تو عوام کی رائے سامنے آجائے گی۔ قانا میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی ہو رہی ہے اور ہمارے حکمران دنیا کی حمایت حاصل کرنے میں ناکام ہیں۔ یہ ہے آپ کی خارجہ پالیسی کی کامیابی کا نتیجہ۔ نام نہاد جمہوریت کا کوئی فائدہ نہیں عوام کی رائے کو مقدم رکھنا چاہیے۔

طاہر القادری، مشاورت — 10

القادری نے سیاست سے علیحدگی کے متعلق اپنے احباب سے مشاورت نہ کی اور انہیں صرف پریس کانفرنس کے اجتماع کی ہدایت کی۔ پریس کانفرنس میں سیاست سے علیحدگی کے اعلان کے بعد تحریک کے مرکزی رہنماؤں سے ویڈیو لنک کے ذریعے بات کرتے ڈاکٹر طاہر القادری کی آواز بھرا گئی۔ ڈاکٹر طاہر القادری نے کہا کہ آپ نے میرا دل میں نے آپ کا ہر طرح سے ساتھ دیا ہے، کارکن نے جتنا پیار اور احترام مجھے دیا میں اس کو الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا اور کسی بھی تحریک اور جماعت کے کارکن ایسے نہیں ہیں جیسے میرے کارکن ہیں، لیکن اب میری صحت کو دیکھتے ہوئے مجھ پر جو بڑی ذمہ داری ہے نہ ڈالیں۔ ڈاکٹر طاہر القادری منگلو کے دوران وزیراعظم عمران خان کے دور اقتدار میں بھی ساتھ نازل ٹاؤن کا انصاف نہ ملنے پر گلہ کیا لیکن انصاف کی جدوجہد کیلئے پرعزم تھے۔ عوامی تحریک کے رہنماؤں نے انہیں فیصلہ پر نظرثانی کی درخواست کی تو انہیں جواب ملا کہ کیا پارلیمنٹ نے عوام کیلئے کچھ کیا ہے؟ کیا ساتھ نازل ٹاؤن کے بے گناہوں کو انصاف مل گیا ہے؟ روزگار عام اور لوگ پیٹ بھر کر کھانا کھاتے ہیں؟ عوامی تحریک کے کارکن ہی نہیں، عوام بھی مجھ سے بہت امیدیں رکھتے ہیں لیکن میری صحت اب اجازت نہیں دیتی کہ میں باہر نکلوں لیکن میں پھر بھی باانصافی کیخلاف آواز اٹھاؤں گا۔ ڈاکٹر طاہر القادری نے کہا کہ سپریم کونسل فیصلہ سازی میں غور وفکر ہے اور جو بھی فیصلے کریگی ان کو تسلیم کیا جائے۔

سانحہ نازل ٹاؤن کیس — 13

نازل ٹاؤن انسٹاگیشن کیس کی مزید سماعت 6 ایس ستمبر تک ملتوی کردی ہے گزشتہ روز مستقیث جواد حامد نے اپنا بیان قلمبند کرواتے ہوئے کہا کہ ایس پی عبدالرحیم شیرازی کے حکم پر اے ایس آئی تقویم اسلام، ایس ایچ او شیخ عاصم، ایس ایچ او عاطف معراج، سب انسپکٹر عبدالرؤف، سب انسپکٹر اظہر محمود، ہیڈ کانسٹیبل محمد نوید، ہیڈ کانسٹیبل غلام رفیق، ہیڈ کانسٹیبل عمران علی اور کانسٹیبل عرفان علی، شجاعت حسین، برہان لطیف، جنید عباس نے منہاج القرآن کے بالمقابل گراؤنڈ میں جمع پرامن کارکنوں پر فائرنگ کی، عرفان علی کانسٹیبل کا ایک فائر محمد اکبر کو لگا تھا پر لگا، سب انسپکٹر اظہر محمود کا ایک فائر طارق محمود کی گردن پر لگا، کانسٹیبل شجاعت حسین کا ایک فائر حسن کے بائیں گھٹنے پر لگا، جنید عباس کا فائر غلام شہزاد کی بائیں ٹانگ کے نچلے حصے پر لگا، ٹخنے کے قریب لگا، عمران علی ہیڈ کانسٹیبل کا فائرنگ سے علی رضا کے دائیں پاؤں کی پشت پر لگا، مجموعی پر فائرنگ کا حکم عبدالرحیم شیرازی دے رہے تھے، انہوں نے اپنا بیان قلمبند کرواتے ہوئے کہا کہ اس پی ڈاکٹر فرخ رضا کی زیر قیادت پولیس کی بھاری نفری جس میں انسپکٹر یونس، انسپکٹر ملک حسنین، ایس ایچ او عاطف ذوالفقار، سب انسپکٹر مرتضیٰ شامل تھے نے انہائن ہوٹل کی عقب میں کھڑے پرامن کارکنان پر فائرنگ کی، ایس پی ڈاکٹر فرخ رضا کے حکم پر فائرنگ کی گئی، یہ فائر محمد یوسف، کفیل احمد کے پیٹ میں لگا۔ مزید سماعت آئندہ جمعہ کو ہوگی۔ اس موقع پر خدام مجید حسین شاہ ایڈووکیٹ، نعیم الدین چوہدری ایڈووکیٹ، سردار مظفر حسین ایڈووکیٹ عدالت میں موجود تھے۔

العزیزیہ ریفرنس — 14

اور جسٹس محسن اختر کیانی سماعت کریں گے۔ گزشتہ 9 ماہ سے ہیپاٹک کی تیاری نہ ہونے سے اپیل کی کارروائی آگے نہیں بڑھ سکی تھی اور عدالت نے گزشتہ سماعت پر ہیپاٹک کی تیاری چار ہفتے میں مکمل کرنے کا حکم دیا تھا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں اپیل کی پیچ بکس کی تیاری مکمل کرلی گئی ہے اور نیب نے پیچ بکس کا ایک سیٹ رجسٹرار آفس سے حاصل کرلیا ہے تاہم نواز شریف کے وکلا نے رجسٹرار آفس سے پیچ بکس ابھی حاصل نہیں کیں۔ یاد رہے کہ 2018 میں اسلام آباد کی احتساب عدالت نے العزیزیہ سٹیل ملز ریفرنس میں نواز شریف کو 7 سال قید، 10 سال کے لیے کسی بھی عوامی عہدے پر فائز ہونے پر پابندی، تمام منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد ضبط کرنے اور تقریباً پانچ ارب روپے کا جرمانہ کی سزا سنائی تھی۔ نواز شریف اسلام آباد ہائیکورٹ میں اس سزا کے خلاف جبکہ نیب نے سزا میں اضافہ بڑھانے کے لئے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔

شیخ رشید — 15

زرداری پالٹ کے کھاتا تھا جب کہ نواز شریف پالٹ کرنیں کھاتے ہیں اور جو پالٹ کرکھاتے تھے وہ پیسے واپس کر رہے ہیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیب اپنی کارروائیاں جاری رکھے گا، وہ سابق صدر جیل میں ہیں یا جیل جانے والے ہیں جب کہ چار سابق وزرا اعظم جیل میں ہیں یا جیل جانے والے ہیں، کشمیر ایشو پر تمام سیاسی پارٹیاں اکٹھی ہونے جارہی ہیں لیکن فضل الرحمان کو اسلام آباد کو لاک ڈاؤن کرنا نہیں دیکھ رہا۔ انہوں نے کہا کہ عثمان بزدار کو وزیراعظم تبدیلی نہیں کر رہے البتہ اکتوبر میں مرکز میں تھوڑی بہت تبدیلی کا امکان ہے، بھارت کے ساتھ کوئی ڈیل ہورہی ہے اور نہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات بحال کئے جارہے ہیں، وزیراعظم عمران خان 27 ستمبر کو جنرل اسمبلی میں کشمیریوں کا کیس لڑنے جارہے ہیں، ریلوے فریٹ سیکٹر کی آمدنی بڑھانے کے لئے مال گاڑیوں کو فی شیمہ کے حوالے کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، اس کے لئے فی شیمہ کو کم سے کم 36 ارب روپے سالانہ ریلوے کو ادا کرنا ہوگے، نواز شریف اور آصف زرداری مولانا فضل الرحمان کا ساتھ نہیں دیں گے، پاکستان کو اقوام متحدہ میں چین اور ترکی کی حمایت حاصل ہے تاہم وہ دیگر ممالک کے اپنے اپنے مفادات ہیں، کوئی بھی جنگ نہیں چاہتا، تاہم اگر جنگ ہوئی تو ہم نے بھی اپنے تارگٹ طے کئے ہوئے ہیں، مجھے معلوم ہے کہ ہمیں کب اور کتنا مصالحتی استعمال کرنا ہے، سپریم کورٹ، جمہوریت اور ادارے عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں، ملک میں کوئی قومی حکومت نہیں بن رہی، کراچی میں 149 کو کرنے کا معاملہ اب تک کابینہ میں ہی نہیں آیا ہے، اگر ایک ٹرین لیٹ ہوئی ہے تو 138 ٹرینیں لیٹ ہوجاتی ہیں، اب ہم کوئی نئی ٹرین نہیں چلائیں گے۔

ہرجانہ کیس — 16

عمران خان کا خواجہ آصف کیخلاف 10 ارب روپے ہرجانہ کے کیس میں خواجہ آصف کی اہلیہ کی درخواست کے منظور نامہ جاری کردیا۔ عدالت عالیہ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے جاری حکم نامہ میں خواجہ آصف کو ہدایت کی ہے کہ وہ دو ہفتے میں درخواست پر اعتراضات ختم کریں، دو ہفتے میں اعتراض ختم نہ کئے تو اعتراضات برقرار رہیں گے۔ یاد رہے خواجہ آصف نے ماتحت عدالت میں جمع کرائے گئے جواب کا کچھ حصہ ڈیلیٹ کرنے کو چیلن

کمشنر راولپنڈی ثاقب ظفر کا ٹی ایچ کیو پنڈی گھیب کا دورہ

ایم ایس ڈاکٹر شگفتہ جبیں نے مریضوں کو سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی

اٹک (پیرو رپورٹ) کمشنر راولپنڈی ثاقب ظفر نے ضلع اٹک کی تحصیل پنڈی گھیب کا دورہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر اٹک عشرت اللہ خان نیازی ،اسسٹنٹ کمشنر پنڈی گھیب حیدر عباس بی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر کمیل اعجاز ،ڈاکٹر عون ،ڈی ڈی او ڈاکٹر منظور حسین اور دیگر افسران موجود تھے کمشنر راولپنڈی نے ٹی ایچ کیو پنڈی گھیب کا دورہ کیا ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر شگفتہ جبیں نے انہیں ہسپتال کے آپریشنل امور پر بریفنگ دی بریفنگ دیتے ہوئے انہیں بتایا گیا کہ ہسپتال میں مریضوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جارہی کمشنر راولپنڈی کو ہسپتال میں سٹاف کی کمی اور دیگر مشکلات کے بارے میں بھی بتایا گیا جس پر انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ہسپتال میں سٹاف کی کمی اور جملہ مشکلات کو جلد دور کیا جائے گا کمشنر راولپنڈی نے ہسپتال کے مختلف وارڈز اور شعبہ جات کا تفصیلی دورہ بھی کیا اور وہاں پر موجود مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں استفسار کیا۔

مری گلیات، ریسکیو 1122 سنٹرل سٹیشن پر تقریب، آگاہی واک

واک میں ریسکیو رز، سیاح اور سول سوسائٹی نے بڑی تعداد میں شرکت کی

پنجاب میں 1122 نے 73 لاکھ لوگوں کو فرسٹ ایڈ مہیا کی، کامران رشید

مری گلیات (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر جنرل پنجاب ایمرجنسی سروس (ریسکیو 1122) ڈاکٹر رضوان نصیر کی ہدایت پر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری نے فرسٹ ایڈ ڈے کے حوالے سے ریسکیو 1122 سنٹرل سٹیشن پر ایک تقریب کا انعقاد کیا جس میں انچارج ایمرجنسی آفیسر کامران رشید، ریسکیو ایجوکیشن آفیسر ماریہ کامران، کنٹرول روم انچارج ڈیزیان حنیف اور ریسکیو رز نے بڑی تعداد میں شرکت کی انچارج ایمرجنسی آفیسر نے بروقت طبی امداد دینے کی افادیت کو اجاگر کیا بعد ازاں مال روڈ مری پر فرسٹ ایڈ ڈے کی مناسبت سے واک کا اہتمام کیا گیا واک میں ریسکیو رز، سیاح اور سول سوسائٹی نے بڑی تعداد میں شرکت کی شرکا کو انچارج ایمرجنسی آفیسر نے بتایا کہ اب تک پنجاب میں ریسکیو 1122 نے 73 لاکھ لوگوں کو فرسٹ ایڈ مہیا کی گئی، تنہا مری میں 10847 لوگوں کو مختلف حادثات میں طبی امداد فراہم کی گئی، انہوں نے بتایا کہ پنجاب میں ۱۵ لاکھ کے قریب لوگوں کو فرسٹ ایڈ کی ٹریننگ دی گئی تنہا مری میں اب تک 10031 لوگوں کو فرسٹ ایڈ کی تربیت دی گئی۔

جہلم: سڑکیں کھنڈرات، عوام بنیادی سہولیات سے بھی محروم

حکومتیں بدلتی رہیں مگر شہیدوں، غازیوں کی سرزمین جہلم کے حالات نہ بدلے

جہلم (نمائندہ جہان پاکستان) جہلم شہر مسائل کا گڑھ بن گیا، کھنڈرات کا منظر پیش کرتی سڑکیں، علاج معالجہ کی عدم دستیابی اور پینے کے صاف پانی سے محروم شہری سابق گورنر، وسابق منتخب ممبران کے خلاف سراپا احتجاج وزیر اعظم پاکستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ حکومتیں بدلتی رہیں مگر شہیدوں، غازیوں، اور سبز پاکستانیوں کی سرزمین جہلم کے حالات نہ بدلے جاسکے آج کے دور جدید میں بھی شہری ضروریات زندگی کی اہم سہولیات سے بھی تاحال شامل ہیں لاکھوں کی آبادی کیلئے واحد سول ہسپتال سہولیات کا فقدان، مریضوں کو راولپنڈی ریفر کیا جانے لگا، شہری تعلیم، صحت، صاف پانی، سوئی گیس سمیت دیگر سہولیات کیلئے در بدر ٹھوکریں کھانے پر مجبور، شہری مکمل چند کلومیٹر سڑکیں گڑھوں میں تبدیل ہوچکیں کئی، دہائیوں قبل ڈرینیج کے لئے بچھائی گئی لائنیں بھی جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں جس کی وجہ سے گٹروں، نالیوں کا گندا پانی ڈرینیج کی لائنوں میں شامل ہوکر شہریوں کے گھر میں آرہا ہے۔

تھانہ گوجر خان میں پولیس تشدد سے شہری ہلاکت: کیس کی سماعت

معطل ایس ایچ او الیاس اور محرر قیصر کی ضمانت منسوخ، احاطہ کچہری سے گرفتار

گوجر خان (نمائندہ خصوصی) گوجر خان 13 اگست کو تھانہ گوجر خان میں پولیس تشدد سے شہری ہلاکت پر درج مقدمہ کے دائر ملزمان معطل ایس ایچ او الیاس گجر اور معطل محرر قیصر اسلم کی ضمانت ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت نے منسوخ کردی، محرر قیصر اسلم کو پولیس نے احاطہ کچہری سے گرفتار کرلیا جس کا ریمانڈ حاصل کرنے کے بعد تفتیش کی جائے گی الیاس گجر تاحال پیش نہ ہوا اس سے قبل مقدمہ کا مرکزی ملزم ثریلی سب انسپکٹر حسنین شاہ کو گرفتار کیا جاچکا مقدمہ ایس ایچ او الیاس گجر اور دیگر 12 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرایا۔

چکوال، قبضہ مافیا کیخلاف آپریشن چوتھے روز بھی جاری رہا

ہسپتال روڈ پر تعمیر کی گئی غیر قانونی ممت از مارکیٹ کو سیل کر دیا

چکوال (چوہدری عمران قیصر عباس) چکوال شہر میں سرکاری اراضی پر قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن چوتھے روز میں داخل ہوگیا، اسسٹنٹ کمشنر چکوال مظفر عزائر کی سربراہی میں تحصیلدار چکوال قاضی مبین الرحمن، نائب تحصیلدار راجہ آفتاب خالد اور محکمہ مال کے دیگر افسران اور ملازمین نے ہسپتال روڈ پر تعمیر کی گئی غیر قانونی ممتاز مارکیٹ کو سیل کر دیا، اس آپریشن میں کروڑوں روپے کی سرکاری اراضی اور مالیہ چور ادا کردہ پے آمدن کا ذریعہ تھا اس کو پہلے مرحلہ میں سیل کیا گیا۔

حضرو، ایس ایچ او اعظم کی شاندار کارکردگی، 2 اشتہاری گرفتار کر لیے

حضرو (نمائندہ جہان پاکستان) پولیس ایچ او تھانہ حضرو حاجی محمد اعظم نے 2 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کرنا اپنی تعیناتی کے دوران قبل ازیں 24 اشتہاری گرفتار کیے گئے ڈی پی او اٹک سید شہزاد ندیم بخاری جو دیگر جرائم کی کمی کیلئے اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کر رہے وہاں ہی اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے ڈی پی او اٹک کی خصوصی دلچسپی اور ہدایات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ حضرو حاجی محمد اعظم نے اپنی تعیناتی کے دوران اب تک 26 اشتہاری ملزمان گرفتار کیے ان کی ٹیم ایس آئی محمد خطار اور اے ایس آئی محمد الیاس نے اشتہاری ملزمان صفدر اور ذوہیب کو گرفتار کرلیا۔

مری، چور ٹرانسفارمر سمیت اتار کر لے گئے، احاطہ نور خان تاریکی میں ڈوب گیا

مری (بیورو رپورٹ) مری شہر سے چند فرلانگ کے فاصلے سے نامعلوم چور ٹرانسفارمر چوری کر کے لے گئے جس کے باعث احاطہ نور خان کے تاریکی میں ڈوب گیا گزشتہ رات مری شہر سے چند فرلانگ کے فاصلے پر واقعہ گنجان آباد علاقے احاطہ نور خان سے رات گئے نامعلوم چور پارٹی کی طرف سے احاطہ نور خان کو بجلی فراہمی کے لیے نصب کیا گیا ٹرانسفارمر چوری کر کے لے گئے کی وجہ سے احاطہ نور خان کا پورا علاقہ گزشتہ رات سے تاریکی ڈوب ہوا ہے۔

چواسیدن شاہ، قدیمی راستے کی دوبارہ تعمیر کیلئے فنڈز فراہمی کا مطالبہ

چواسیدن شاہ (تحصیل رپورٹر) قدیمی راستہ سلوئی سے غریب وال سیمنٹ فیکٹری کیلئے فلنڈ زجاری کے جائیں انگریز دور میں موضع سلوئی ایک بڑا تجارتی مرکز کے طور پر جانا جاتا تھا جس کیلئے انگریزوں نے موضع سلوئی سے غریب وال سیمنٹ تک تقریباً 3 کلومیٹر سڑک پتھروں سے بنائی گئی جسکی چوڑائی 38 فٹ ہے جو کہ اب 3 کلومیٹر راستہ تباہ ہو چکا ہے جس کا گذشتہ دور میں بھی سروے ہو چکا ہے۔

پنڈی گھیب، صحافی نثار احمد حج کی ادائیگی کے بعد واپس پہنچ گئے

پنڈی گھیب (نمائندہ جہان پاکستان) پنڈی گھیب کے سینئر صحافی اور روزنامہ جہان پاکستان پنڈی گھیب کے نمائندہ خصوصی نثار احمد حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے نیو اسلام آباد ایئر پورٹ پر انکا استقبال انکے عزیز و اقارب اور دوست احباب نے کیا کے پی کے عزیز پریس کلب کے نائب صدر وحید احمد نے نثار احمد کو حج کی دلی مبارکباد پیش کی۔

کلر سیداں، اے سی کے ہوٹلوں پر چھاپے، ناقص صفائی پر 16 ہزار جرمانہ

ہوٹلوں میں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر برہمی کا اظہار، متعدد کو وارننگ

آئندہ ناقص صفائی پر ہوٹل سیل اور مالک کیخلاف مقدمہ درج کیا جائے گا، امبر گیلانی

کلر سیداں (جامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر کلر سیداں امبر گیلانی نے کلر سیداں اور گرد و نواح میں ہوٹلوں کی چیکنگ کے دوران صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے دانگی، موہڑہ لنگریال، کلر سیداں اور پھیر کے مقام پر دو پھلی فروشوں سمیت سات ہوٹل مالکان کیخلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مجموعی طور پر سوا لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا، چیکنگ کے دوران ہوٹلوں میں نہ صرف صفائی کے ناقص انتظامات تھے بلکہ کچرا بھی گندگی سے اٹے ہوئے اور زیر استعمال برتنوں کی بھی ناگفتہ بہ حالت تھی انہوں نے ہوٹل مالکان پر واضح کیا کہ وہ صفائی ستھرائی کے معاملے میں کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گی آئندہ اگر صفائی کے معاملات میں بہتری نہ آئی تو نہ صرف ہوٹل سیل کر دیے جائیں گے بلکہ ہوٹل مالکان کیخلاف ایف آئی آر بھی درج ہوگی۔

مری و مضافات میں پابندی کے باوجود غیر قانونی تعمیرات جاری

میونسپل کارپوریشن کا دوہرا معیار من پسند اور جیب گرم کرنے والوں کو چھوٹ

مری گلیات (نمائندہ خصوصی) مری اور مضافات میں تعمیرات پر مکمل پابندی کے باوجود غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ دھڑے سے جاری، میونسپل کارپوریشن مری کا دوہرا معیار من پسند اور جیب گرم کرنے والوں کو کھلی چھٹی، بلکہ قریب کو ایک اینٹ بھی لگانے نہیں دی جاتی میونسپل کارپوریشن مری قبضہ اور تعمیرات مافیا سے ملکر مری کے حسن کو تاتار کرنے میں مصروف یہ ادارہ کرپشن کا گڑھ بن چکا جو پیسہ سرکاری خزانے میں جانا چاہیے وہ تعمیرات مافیا کی جیبوں میں چلا جاتا ہے عوامی حلقوں نے وزیر اعظم عمران خان، وزیر اعلیٰ پنجاب، کمشنر اور ڈپٹی کمشنر مری سے مطالبہ کیا ہے کہ بے نامی جائیدادوں کی طرح مری میں بڑے پیمانے پر غیر قانونی تعمیرات کی حد میں میونسپل کارپوریشن مری کو کروڑوں روپے جو نقشوں کی مد میں ایم جی میں جمع ہونے تھے وہ کس کی جیبوں میں گئے ہیں کا فوری نوٹس لینے اور مکمل بلکہ تعمیرات کرانے کا مطالبہ کیا ہے عوامی اور سیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ مری میں قانون نام کی کوئی چیز نظر ہی نہیں آتی جس کی جو مرضی ہوتی ہے کرتا ہے۔

وفاق المدارس کے زیر اہتمام آزادی کشمیر و استحکام پاکستان ریلی آج

حضرو (نمائندہ جہان پاکستان) وفاق المدارس کے زیر اہتمام آج اسلام آباد میں آزادی کشمیر و استحکام پاکستان ریلی میں ضلع اٹک سے علماء کرام و دینی مدارس کے طلبہ بھرپور شرکت کریں گے اس حوالے سے ضلع اٹک میں بھرپور تیاریاں شروع کر دی گئیں ان خیالات کا اظہار جامعہ چاربن عبداللہ نزد چوک شاہ جامعہ عبداللہ بن عباس نزد حضرو میں منعقدہ مدارس کے مہتممین کے اجلاس سے مفتی مسئول وفاق المدارس مولانا محمد انس امیر ضلع یوآئی حضرو مولانا محمد نعیم، مولانا حفیظ الرحمن مولانا فضل الوہاب، مولانا ظفر اقبال و دیگر علماء کرام نے خطاب میں کیا۔

حضرت امام حسین نے قربانیاں دیکر دین کو بچایا، شہزادہ بتول کانفرنس

پچھوال (بیورو رپورٹ) امام حسین کی فضیلت دنیا کی ہر حریت تحریک کی پیشوا ہے، آپ نے انسانیت کی بقا کیلئے جنگ لڑی، اسلامی شہزادہ بتول کانفرنس تھوہا بہادر میں منعقد کی گئی، جس میں عالم اسلام کے جید علمائے کرام سید مظفر حسین شاہ کراچی، مولانا ہادی گوجر آباد، پیر ندیم سلطان بابو، پیر سید ریاض الحسن شاہ کے علاوہ ملک بھر سے علمائے کرام، مشائخ عظام نے بھرپور شرکت کی، علمائے کرام نے سیرت امام عالی مقام، فلسفہ شہادت اور مشن امام عالی مقام کے حوالے سے بیان کیا۔

کلر سیداں 2013 میں گرمالی گاؤں میں ہونیوالا پولیس مقابلہ جعلی نکلا

انسداد دہشتگردی عدالت نے تینوں ملزمان بری کر دیئے، حاجی مشتاق جاں بحق ہوئے تھے

کلر سیداں (نامہ نگار) 2013 میں کلر سیداں کے قریب گرمالی گاؤں میں ہونے والا پولیس مقابلہ جعلی نکلا، انسداد دہشتگردی عدالت نے تینوں ملزمان کو باعزت بری کر دیا واقعے میں ملزمان کے والد حاجی مشتاق فائرنگ سے جاں بحق ہو گئے تھے کلر سیداں پولیس نے متعدد بار چوہدری بھلا مقدمہ روڈ پر واقع گاؤں گرمالی میں چھاپے مارے مگر کوئی بھی گرفتاری کرنے میں ناکام رہی پولیس نے اضافی دستوں کے ہمراہ 2013 میں رات کے وقت گرمالی میں حاجی مشتاق کے گھر پر چھاپہ مارا تو دونوں اطراف سے فائرنگ شروع ہوگئی اور اسی فائرنگ میں حاجی مشتاق گولی لگنے سے جاں بحق ہو گیا تھا اور تانگ پر گولی لگنے سے اے ایس آئی بابر حسین زخمی ہوا تھا، کلر سیداں پولیس کا دعوی تھا کہ مقتول کی موت گھر کے اندر موجود ان کے بیٹوں کی فائرنگ سے ہوئی ہے مگر سیداں پولیس نے ملزمان امیر ار بال، صمد بال اور عامر شہزاد کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔

کشمیر بنے گا پاکستان بہت جلد نعرہ سچ ثابت ہوگا، پاپا نور

کہوٹہ (تحصیل رپورٹر) پاپا نور صاحبزادہ صفدر ہارون نے کہا ہے کہ کشمیر بنے گا پاکستان بہت جلد نعرہ سچ ثابت ہونے والا ہے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کشمیریوں کی ہر طرح سے حمایت جاری رکھیں گے، موجودہ سرکار کشمیریوں کی نسل کشی بند کرے ورنہ انجام برا ہوگا، رہنمائی ٹی آئی کہوٹہ (نمائندہ خصوصی) کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کشمیریوں کی ہر طرح سے حمایت جاری رکھیں گے، موجودہ سرکار کشمیریوں کی نسل کشی بند کرے ورنہ انجام برا ہوگا، رہنمائی ٹی آئی کشمیر پاکستان کا حصہ ہے اور بہت جلد کشمیر بنے گا پاکستان نعرہ سچ ثابت ہونے والا ہے اور بھارت کو سوائے شکست کے کچھ حاصل نہ ہوگا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف لیبر ونگ تحصیل کہوٹہ کے صدر مظہر حسین قریشی نے کیا انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کی جتنی مدد ہوسکی پاکستانی عوام کریں گے۔

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، حمایت جاری رکھیں گے مظہر حسین قریشی

مودی سرکار کشمیریوں کی نسل کشی بند کرے ورنہ انجام برا ہوگا، رہنمائی ٹی آئی

کہوٹہ (نمائندہ خصوصی) کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کشمیریوں کی ہر طرح سے حمایت جاری رکھیں گے، موجودہ سرکار کشمیریوں کی نسل کشی بند کرے ورنہ انجام برا ہوگا، رہنمائی ٹی آئی کشمیر پاکستان کا حصہ ہے اور بہت جلد کشمیر بنے گا پاکستان نعرہ سچ ثابت ہونے والا ہے اور بھارت کو سوائے شکست کے کچھ حاصل نہ ہوگا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف لیبر ونگ تحصیل کہوٹہ کے صدر مظہر حسین قریشی نے کیا انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کی جتنی مدد ہوسکی پاکستانی عوام کریں گے۔

گوجر خان پولیس کی کاروائی اشتہاری ملزم نذیر گرفتار

گوجر خان (تحصیل رپورٹر) پولیس تھانہ گوجر خان کی کاروائی، گوجر آباد یا فیان پورہ تھانہ میں درج مقدمہ کا اشتہاری گرفتار کرلیا پولیس تھانہ گوجر خان نے مقامی ہوٹل میں رہائش پذیر اشتہاری ملزم نذیر ولد نظام دین کو گرفتار کرلیا ملزم کے خلاف تھانہ یا فیان پورہ گوجر خان میں مقدمہ درج ہے جس کی گرفتاری کی اطلاع متعلقہ تھانہ کو دے دی گئی۔

GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
PAKHTUNKHWA HIGHWAYS AUTHORITY, PESHAWAR

2nd TIME NOTICE INVITING E-BIDDING

(Single stage two enwelope E-Bidding System)

Pakhtunkhwa Highways Authority re-invites Electronic Bids from Pre-Qualified firms/contractors (as given in **table "A"**) in accordance with KPPRA Rules 2014 on Single Stage Two Envelope E-Bidding procedure for the works (as given in **table "B"**). The Bidders should be registered with Khyber Pakhtunkhwa Revenue Authority (Active Status) at the time of quoting their bid and with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category & field of specialization.

Table: "A"

S#	PRE- QUALIFIED CONTRACTORS FOR PACKAGE NO. 46/2018-19
1	M/S Haji Raees Khan & Sons, Government Contractor
2	M/S Inayat Khan & Co, Government Contractor
3	M/S K.T Builders, Engineers & Surveyors, Government Contractor
S#	PRE- QUALIFIED CONTRACTORS FOR PACKAGE NO. 47/2018-19
1	M/S Haji Raees Khan & Sons, Government Contractor
2	M/S Inayat Khan & Co, Government Contractor
3	M/S K.T Builders, Engineers & Surveyors, Government Contractor

Table: "B"

1	2	3	4	5	6	7	8
S#	Name of Work	Estimated Cost (in shape of CDR) In Millions	Bid Security (in shape of CDR) In Rupees	Cost of bidding documents (in shape of CDR)	Period of completion	Last date & time of submission	Date & Time of opening
1	Package No. 46/2018-19: Repair of Inspection Office at Changla Galli	2.00	40,000	Rs. 2000/-	12 months	08-10-19 12:00 PM	08-10-19 12:30 PM
2	Package No. 47/2018-19: Repair of Existing Camp Office at Iqbal Road at Abbottabad	2.00	40,000	Rs. 2000/-	12 months	08-10-19 12:00 PM	08-10-19 12:30 PM

I. A pre-bid joint Venture (JV) of contractors (All Pre-qualified for the relevant work) will also be allowed to participate in the bidding. The JV agreement should be attached with the Technical Proposal. The JV should be registered with the PKHA well before the tender opening date for awarding User's name & password.

II. Bidding documents including Priced BOQ / Engineer Estimate, instruction to bidders (ITB), preamble, evaluation criteria etc are available on KPPRA/PKHA websites which can be downloaded for bidding purpose. These documents can also be obtained from the office of Deputy Director (Procurement) PKHA, Peshawar.

III. Cost of Tender documents mentioned above in the shape of call deposit (Non-Refundable) in the name of Managing Director-PKHA, Peshawar be put in the Technical proposal, failing which both the Technical and Financial proposals will be considered as non-responsive.

IV. All other terms / Conditions/ documents can be seen in the office of the undersigned on any working day during office hours. A Pre-bid meeting will be held in office of the undersigned on 01/10/2019 at 11:00 AM for clarification of bidding documents / evaluation criteria or other related information regarding the work.

V. The employer has the authority to reject any bid or all the bids assigning cogent reasons.

INF(P)3963/19

Director Maintenance

Tel: No. 091-9210963, Fax No. 091-9210434, E-mail: info@pkha.gov.pk Attached Departments Complex near Treasury Office, Khyber Road Peshawar

GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
IRRIGATION DEPARTMENT

E-BIDDING / CORRIGENDUM

The E-Bidding Tenders of Gomal Zam Irrigation Division DI Khan for 19/09/2019 Published in Daily "MASHRIQ" Newspaper Advertisement No. INF (P) 3770/19, dated 28/08/2019, the amendments in the Name of Work / Sub Work (at Sr.# 03) are hereby made due to mistake / error in writing in the Name of Work / Sub Work.

Sr.#	Name of Work/ Sub Work Erroneously submitted for Publication	Sr.#	Correct Name of Work / Sub Work
01	Name of Work:- REPAIR AND MAINTENANCE OF FLOOD PROTECTION WORKS IN ROD KOHI AREA IN DISTRICT DIKHAN & TANK DURING 2019-20. Sub Work:- Repair & annual maintenance of flood protection works of various villages i.e. Yarik, Katta Khel, Lali Wanda, Badni Khel, Kutti Khel, Panyala etc. in District DI Khan.	01	Name of Work:- REPAIR AND MAINTENANCE OF FLOOD PROTECTION WORKS IN ROD KOHI AREA IN DISTRICT DIKHAN & TANK DURING 2019-20. Sub Work:- Repair & annual maintenance of flood protection works of various villages including Katta Khel, Lali Wanda, Badni Khel, Kutti Khel, Sheru Wanda etc in District DI Khan.

All other term & conditions shall remain same. Interesting the Contractors / Firms are hereby informed that correct name of work / Sub Work may be considered during downloading the Tenders.

Executive Engineer
Gomal Zam Irrigation Division
DI Khan

INF(P)3772/19

EXIM
EXPORT - IMPORT BANK OF PAKISTAN

طلبی برائے اظہارِ دلچسپی (کنسلٹنگ سروسز)

اسلامی جمہوریہ پاکستان
ایگزم بینک آف پاکستان کی آپریشنلائزیشن

اسلامک ٹریڈ فنانس، تکافل پروڈکٹس اور سروسز اور ان سے متعلقہ
مینوئلز کی ڈیولپمنٹ نیز کمیٹی بلڈنگ

کنسلٹنسی سروسز برائے نئی پروڈکٹس کی ڈیولپمنٹ اور کمیٹی بلڈنگ

اسلامک ڈیولپمنٹ بینک (آئی ایس ڈی بی) کی جانب سے فراہم کردہ تکنیکی معاونت کے تحت ایگزم بینک اپنی آپریشنلائزیشن کیلئے کنسلٹنسی سروسز حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ان سروسز میں اسلامک ٹریڈ فنانس، تکافل پروڈکٹس اور سروسز اور ان سے متعلقہ مینوئل کی ڈیولپمنٹ شامل ہیں۔ اس تکنیکی معاونت کا مقصد ایگزم بینک آف پاکستان کو تکافل، اسلامک ٹریڈ فنانس کی ڈیولپمنٹ اور تخصیص کرنا اور پروڈکٹ اور سروسز کی گارنٹی دینا، پرسونل کی کمیٹی بلڈنگ اور انڈر رائٹنگ پراسیسز اور شریعہ کمپلائنٹ مینجمنٹ کے ساتھ ان پروڈکٹس اور سروسز کے فروغ کی مارکیٹنگ اور کمیونی کیشن حکمت عملیاں بنانا اور ان کا نفاذ ہے۔ اس پروجیکٹ کے نفاذ کی کُل مدت 24 ماہ ہے اور کنسلٹنٹ (کنسلٹنٹس) کا انتخاب بذریعہ آئی ایس ڈی بی کے پروکیورمنٹ پراسیجر کیا جائے گا۔ یہ پروجیکٹ ایشین ڈیولپمنٹ بینک کی جانب سے فنڈ کئے گئے لیگل فریم ورک، بزنس پلان، روایتی پروڈکٹس و سروسز، مینوئل اور مینوئل کی ڈیولپمنٹ کی کاوش کو بھی مکمل کرے گا۔

ایگزم بینک آف پاکستان کو بیان کردہ سروسز کیلئے اہل کنسلٹنٹ سے اظہارِ دلچسپی مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے کنسلٹنٹ مقررہ معلومات لازمی فراہم کریں جس میں وہ اس کا اظہار کریں کہ وہ ان سروسز (بروشرز، اسی طرح کے اسائنمنٹس کی تفصیلات، اسی نوعیت کی شرائط کیلئے تجربہ کار، اسٹاف کے درمیان مناسب مہارتوں کی دستیابی وغیرہ) کی ادائیگی کیلئے مکمل طور پر اہل ہیں۔ درج ذیل شعبوں یا امور میں تجربہ اس اسائنمنٹ کیلئے کم سے کم مطلوبہ اہلیت ہے:

- اسلامک ٹریڈ فنانس (ایم ایم ای اور کارپوریٹ برآمد کنندگان) کیلئے ٹیمپلیٹس، انسٹرومنٹس اور مینوئلز کی ڈیولپمنٹ
- تکافل انشورنس کیلئے ٹیمپلیٹس، انسٹرومنٹس اور مینوئلز کی ڈیولپمنٹ
- نئی ڈیولپ کی گئی پروڈکٹس اور سروسز کیلئے ایگزم بینک کے آفیشلز کی ٹریننگ
- ایگزم بینک آفیشلز کی اسلامک فنانس کے حوالے سے مندرجہ ذیل کی استعداد بڑھانا:
  - کارپوریٹ گورننس
  - فنانشل اور پروجیکٹ مینجمنٹ
  - رسک مینجمنٹ
  - آڈٹ اور ریگولیٹری کمپلائنس
  - سیلز اور مارکیٹنگ

کنسلٹنٹس اپنی دلچسپی بصورت ایسوسی ایشن ظاہر کریں جس کی توثیق ایسوسی ایشن کے ممبران کی جانب سے ایگریمنٹ سے کی جائے گی جس میں واضح انداز سے ایسوسی ایشن کی قسم جیسا کہ جوائنٹ وینچر، ایسوسی ایشن کی انٹرمیڈیٹ صورتیں، یا سب کنسلٹنسی کے بارے میں بتایا گیا ہو۔

اسلامک ڈیولپمنٹ بینک فنانسنگ کے تحت کنسلٹنٹس کے استعمال کیلئے گائیڈ لائنز (تازہ ایڈیشن) میں مقرر طریقہ کار کے تحت کنسلٹنٹ کا انتخاب کیا جائے گا۔

دلچسپی رکھنے والے کنسلٹنٹس مزید معلومات درج ذیل پتہ پر دفتری اوقات کے دوران یعنی صبح 9:00 بجے تا شام 5:00 بجے (پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق) کے دوران حاصل کر سکتے ہیں۔

اظہارِ دلچسپی درج پتہ پر مورخہ 30 ستمبر 2019 سہ پہر 03:00 بجے تک پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق پہنچ جانی چاہیے۔

نثار احمد
سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر
ایگزم بینک آف پاکستان
ہیڈ آفس، اسٹیٹ بینک آف پاکستان بلڈنگ، 9th فلور،
56، شاہراہ قائداعظم، 5400، لاہور، پاکستان
ٹیلی فون: 99210419 42 92+ فیکس: 99214794 42 92+
ای میل: Nisar.Ahmad@sbp.org.pk ویب سائٹ: www.eximbank.gov.pk

PID(K)843/19

از دفتر: DIG پولیس دیامر استور رینج گلگت بلتستان

ٹینڈر نوٹس

گلگت بلتستان پولیس کو تمام دلچسپی کے حامل سپلائرز/فرمز ڈی آئی جی دیامر استور رینج آفس واقع سپیشل برانچ ہیڈ آفس گلگت کو سال 2019-20 کے دوران درجہ ذیل اشیاء/پرزہ جات کی فراہمی کے لئے سربمہر الگ الگ/کوٹیشن/ٹینڈر مطلوب ہیں۔ لہذا خواہش مند حضرات اپنے ٹینڈر مورخہ 7 اکتوبر دن 10:00 بجے تک زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کرائیں جو اسی دن 11:00 بجے ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

نمبر شمار	کام کی نوعیت	تفصیل
۱۔	ٹویوٹا ریوپک اپ ڈبل کیبن 4X4 موٹر کار اور موٹر سائیکل ہونڈا 125cc وغیرہ کی مرمت وتبدیلی پرزہ جات وغیرہ۔	تمام گاڑیوں کے پرزہ جات کی تفصیل دفتری اوقات میں دیامر استور رینج آفس واقع صدر دفتر سپیشل برانچ گلگت کے اکاؤنٹس آفس سے حاصل کر سکتے ہیں۔
۲۔	آفس سٹیشنری کی فراہمی۔	سٹیشنری کی لسٹ اکاؤنٹس آفس دیامر استور رینج واقع صدر دفتر سپیشل برانچ سے حاصل کر سکتے ہیں۔
۳۔	متفرق اشیاء/ الیکٹرانک، جنریٹر اور ڈاک فیڈز وغیرہ کی فراہمی، تبدیلی و مرمت وغیرہ	متفرق اشیاء کی لسٹ اکاؤنٹس آفس دیامر استور رینج واقع صدر دفتر سپیشل برانچ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

۱۔ ٹینڈر کے ہمراہ مبلغ 5 فیصد (قابل واپسی) بینک ڈرافٹ بطور ضمانت، بنام ڈی آئی جی پولیس دیامر استور رینج منسلک ہونا ضروری ہے۔ ورنہ ٹینڈر مسترد تصور کیا جائے گا۔
۲۔ تمام گاڑیوں کے پرزہ جات جینوئن ہونا ضروری ہے۔ ناقص پرزہ جات مسترد کر دیے جائیں گے۔
۳۔ فرم مالی طور پر مستحکم/مقبول ہونا چاہئے اور اس کے سپیئر پارٹس کی دوکان گلگت شہر میں ہونا ضروری ہے جو بوقت ضرورت سپیئر پارٹس کی فراہمی اور گاڑیوں کے ضروری کام کروا سکیں۔
۴۔ نامکمل یا مبہم ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوں گے۔
۵۔ ٹینڈر منظور ہونے پر آرڈر ایشو ہونے کے بعد گاڑیوں کی مرمت نہ کرنے کی صورت میں زر ضمانت کی سلم رقم بحق سرکار ضبط کی جائے گی۔
۶۔ ٹینڈر میں دیئے گئے ریٹس مالی سال 2019-20 کے لئے ہوں گے۔ اس دوران ریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

ڈی آئی جی پولیس
دیامر استور رینج

IDGB:552/19

کلاسیفائیڈ

کورٹ نوٹس

بعدالت جناب عامر سلطان کلاچی
صاحب سول جج راولپنڈی

دعوی استقرار حق/ دوام الفت نامہ

مسماۃ جمیلہ بی بی بیوہ محمد اسحاق وغیرہ ساکن موضع کنڈ داخل کاغذیاں ڈاکخانہ بکرالی تحصیل وضلع راولپنڈی بنام عوام الناس ہر گاہ سائل نے دعوی مذکورہ بالا عدالت ہذا میں گزارہ ہے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت دعوی سائل ہو تو اصالتاً وکالتاً یا بذریعہ مختار مورخہ 16-09-2019 بوقت 8 بجے صبح حاضر عدالت آویں۔ ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط دعویدار عدالت

بعدالت جناب محمد شعیب طارق
صاحب سول جج راولپنڈی

دعوی استقرار حق/ دوام الفت نامہ

محمد خلیل ولد محمد الیاس ساکن مکان نمبر B-VII-147 محمدی کالونی مسلم ٹاؤن راولپنڈی بنام عوام الناس ہر گاہ سائل نے دعوی مذکورہ بالا عدالت ہذا میں گزارہ ہے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت دعوی سائل ہو تو اصالتاً وکالتاً یا بذریعہ مختار مورخہ 16-09-2019 بوقت 8 بجے صبح حاضر عدالت آویں۔ ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط دعویدار عدالت

بعدالت محترمہ مہرین سیاب عباسی
صاحبہ سول جج/ فیملی کورٹ راولپنڈی

دعوی والا پانے خرچہ نان ونفقہ

مسماۃ کومل سلیم بنام اسد مسیح ولد کرامت مسیح ساکن PAF اڈیالہ چیک پوسٹ راولپنڈی۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل کمن سے ہونی مشکل ہے۔ لہٰذا آپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ اصالتاً وکالتاً یا بذریعہ مختار مورخہ 21-09-2019 کو بوقت 8 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط دعویدار عدالت

بعدالت جناب مہر النساء صاحبہ سول
جج سپیشل گھیب ضلع اٹک

عنوان مقدمہ۔ زین العابدین بنام عوام الناس وغیرہ سائل۔ زین العابدین ولد فضل دین قوم اعوان ساکن محلہ مدینہ مسجد پنڈ گھیب ضلع اٹک بنام عوام الناس

درخواست سرٹیفکیٹ گارڈین

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں سائل نے تاباللہ حیاتی و دختر نوید الحق کی ذات وجائیداد کا دعوی مقرر ہونے کیلئے درخواست سرٹیفکیٹ گارڈین ہذا میں گذاری ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 18-09-2019 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی جوابدہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

بعدالت جناب عامر سلطان کلاچی
صاحب سول جج راولپنڈی

دعوی استقرار حق/ دوام الفت نامہ

مسماۃ جمیلہ بی بی بیوہ محمد اسحاق وغیرہ ساکن کنڈ داخل کاغذیاں ڈاکخانہ بکرالی تحصیل وضلع راولپنڈی بنام عوام الناس ہر گاہ سائل نے دعوی مذکورہ بالا عدالت ہذا میں گزارہ ہے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت دعوی سائل ہو تو اصالتاً وکالتاً یا بذریعہ مختار مورخہ 16-09-2019 بوقت 8 بجے صبح حاضر عدالت آویں۔ ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط دعویدار عدالت

بعدالت محترمہ مہرین سیاب عباسی
صاحبہ سول جج/ فیملی کورٹ راولپنڈی

دعوی والا پانے خرچہ نان ونفقہ

مسماۃ کومل سلیم بنام اسد مسیح ولد کرامت مسیح ساکن PAF اڈیالہ چیک پوسٹ راولپنڈی۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل کمن سے ہونی مشکل ہے۔ لہٰذا آپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ اصالتاً وکالتاً یا بذریعہ مختار مورخہ 21-09-2019 کو بوقت 8 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط دعویدار عدالت

بعدالت جناب مہر النساء صاحبہ سول
جج سپیشل گھیب ضلع اٹک

عنوان مقدمہ۔ زین العابدین بنام عوام الناس وغیرہ سائل۔ زین العابدین ولد فضل دین قوم اعوان ساکن محلہ مدینہ مسجد پنڈ گھیب ضلع اٹک بنام عوام الناس

درخواست سرٹیفکیٹ گارڈین

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں سائل نے تاباللہ حیاتی و دختر نوید الحق کی ذات وجائیداد کا دعوی مقرر ہونے کیلئے درخواست سرٹیفکیٹ گارڈین ہذا میں گذاری ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست سائلان ہو تو اصالتاً یا بذریعہ مختار مورخہ 21-9-2019 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی جوابدہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

بعدالت جناب میاں محمد کامران یونس
صاحب سول جج فتح جنگ ضلع اٹک

عنوان مقدمہ۔ محب حسین شاہ بنام مہین اختر وغیرہ اشتہار بنام۔ سمیرا یاسمین دختر محمد سلیم ساکن ڈھرنال تحصیل فتح جنگ ضلع اٹک

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہا کی تعمیل آسان طریقہ سے نہ ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 18-9-2019 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی جوابدہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

بعدالت جناب مہر یونس جاوید صاحبہ
گارڈین جج فتح جنگ ضلع اٹک

عنوان مقدمہ۔ مسماۃ راشدہ بیگم بیوہ عقیل شاعر، عدیل شاعر پسران سلطان محبوب ساکنان مرکزی جامع مسجد فتح جنگ بنام عوام الناس

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں سائلان نے درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی عدالت ہذا میں گزاری ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست سائلان ہو تو اصالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی جوابدہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط دعویدار عدالت

بعدالت جناب محمد الیاس خان سینئر سول جج/ اہلی
علاقہ قاضی صاحب مالاکنڈ بمقام بٹ خیلہ

جائیگی نمبر 66/V سال 2019۔۔۔ آسکدہ تاریخ پیشی 20-09-2019

(1) باچا حسین ولد فضل رازق (2) مسماۃ نور حیا مذہبہ باچا حسین (3) مسماۃ سدرہ حسین بیوہ خدا حسین (4) مسماۃ نعیمہ (نابالغہ) دختر فدا حسین بولایت والدہ اُس مسماۃ سدرہ حسین سکنان خان پلازا ڈھلنڈ ڈھیری تحصیل بٹ خیلہ ضلع مالاکنڈ۔۔۔ (سائلان)۔۔ بنام

۔۔۔ عوام الناس۔۔۔ اشتہار بنام عوام الناس۔۔۔ بذریعہ روزنامہ (جہان پاکستان) اسلام آباد۔ ہرگاہ بذریعہ مشتہر ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائلان مندرجہ بالا نے ایک درخواست برائے حصولی جائیگی سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے پس اگر نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو مورخہ مقررہ 28-09-2019 کو عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر ہو کر پیروی جوابدہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ آج بتاریخ 21-9-2019 بوقت صبح 9 بجے

بعدالت جناب محمد الیاس خان سینئر سول جج/ اہلی
علاقہ قاضی صاحب مالاکنڈ بمقام بٹ خیلہ

مقدمہ نمبر 26/6 سال 2019۔۔۔ آسکدہ تاریخ پیشی 28-09-2019

مسماۃ شمیم بیگم۔۔۔ بنام۔۔۔ عجب الرحمان سکنہ شیر خانہ حال تحصیل فتح جنگ ضلع اٹک۔۔۔ اشتہار بنام مدعا علیہم

(1) عبید الرحمان ولد مرغوب اسلام (2) مسماۃ ناہید بیگم دختر مرغوب اسلام (3) ہونہار ولد گل باچا (5) زمین خان ولد امیر زادہ سکنہ شیر خانہ حال ضلع مالاکنڈ (6) فضل تواب ولد فضل خالق سکنہ علہ گنگ تحصیل برکوٹ ضلع سوات۔۔۔ بذریعہ اشتہار ہذا (جہان پاکستان) اسلام آباد۔ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم ہذا کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتاریخ مقررہ 28-09-2019 کو عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً یا بذریعہ مختار حاضر عدالت ہو کر پیروی جوابدہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

بعدالت جناب محمد الیاس خان سینئر سول جج/ اہلی
علاقہ قاضی صاحب مالاکنڈ بمقام بٹ خیلہ

مقدمہ نمبر 66/V سال 2019۔۔۔ آسکدہ تاریخ پیشی 20-09-2019

(1) باچا حسین ولد فضل رازق (2) مسماۃ نور حیا مذہبہ باچا حسین (3) مسماۃ سدرہ حسین بیوہ خدا حسین (4) مسماۃ نعیمہ (نابالغہ) دختر فدا حسین بولایت والدہ اُس مسماۃ سدرہ حسین سکنان خان پلازا ڈھلنڈ ڈھیری تحصیل بٹ خیلہ ضلع مالاکنڈ۔۔۔ (سائلان)۔۔ بنام

۔۔۔ عوام الناس۔۔۔ اشتہار بنام عوام الناس۔۔۔ بذریعہ روزنامہ (جہان پاکستان) اسلام آباد۔ ہرگاہ بذریعہ مشتہر ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائلان مندرجہ بالا نے ایک درخواست برائے حصولی جائیگی سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے پس اگر نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو مورخہ مقررہ 20-09-2019 کو عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر ہو کر پیروی جوابدہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ آج بتاریخ 14-09-2019 کو بشمت میرے دستخط مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

مہر عدالت دستخط محمد الیاس خان سینئر سول جج بٹ خیلہ

عاق نامہ

میں نے اپنے بیٹے نیک بادشاہ ولد مگل بادشاہ کو بوجہ نافرمانی اور بے چال چلن اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عرصہ دو سال سے عاق کیا ہوا ہے میرا اور میرے اہل خانہ کا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اس سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ مگل بادشاہ ولد مگی جان اخوندان مائیر زسیدگی داتا خیل وچ ڈاکخانہ بٹ خیل تحصیل وتہ خیل ضلع بارتھ وزیرستان ایجنسی حال محلہ صادق آباد فتح جنگ

متفرق

اسلام علیکم میٹرو 042-37301413

تمام اخبارات میں ہر قسم کے اشتہارات گھر بیٹھے فون پر بک کروائیں بے حد مفید اور ارزاں ریٹ / موبائل کمپنی کریں میٹرو پولیٹن ایڈورٹائزر چوبرجی لاہور

0300-0315-0322-0302014-0330-4802010

M.P.----------

سی آر ----------

دینی مشورہ مفت

نماز، روزہ، حج اور عمرہ، نکاح وطلاق سمیت دیگر شرعی مسائل، ان کا حل اور مسنون دعائیں پر مبنی مفت مشورہ حبیب الرحمن ضیاء لاہور 0322-9484510

M.P.----------

سی آر ----------

ضرورت سٹاف ایڈورٹائزمنٹ

کمپنی کو فی برانچیں کیلئے ملک بھر سے میل فی میل سٹاف درکار ہے اپنی آپ کے ضلع میں تنخواہ 20 سے 42 ہزار ماہوار بائیو کنا مراعات تجربہ ضروری نہیں تعلیم نہم تا بی اے خواہشمند اپنی تعلیمی قابلیت مکمل ایڈریس SMS کریں ایمیگا انڈسٹری کراچی 0307-4297818

M.P.----------

سی آر ----------

پنجاب بھر سے ارجنٹ سٹاف میل فیمیل

گورنمنٹ رجسٹرڈ ادارے کو میل فیمیل کال کمپیوٹر آپریٹر کلرک ریپشنسٹ سیکرٹریل آفس بوائے خلی ہاؤس مائم نرس MA/B سیکرٹری 16 تا 40 ہزار کوئٹہ، بائیو میڈیکل بونس 0304-0154806

M.P.----------

سی آر ----------

فوری ضرورت سٹاف میل فیمیل

میل فیمیل مع رہنگ کیلئے کال کمپیوٹر آپریٹر کلرک اسسٹنٹ منیجر اے 22 تا 48 ہزار بائیو میڈیکل پک اپ لاب تجربہ ضروری نہیں 0303-4084493-0349-1176300

M.P.----------

سی آر ----------

ضرورت سٹاف آفس ورک

آفس ورک اور فیلڈ ورک کیلئے لڑکے لڑکیوں کی فوری ضرورت ہے پرکشش تنخواہ خواہشمند حضرات فوری رابطہ کریں 0306-1523023/0336-5555636

M.P.----------

سی آر ----------

شوگر سے مکمل نجات پائیں

ہربل فارمولے کے 5 دن میں فوری رزلٹ انسولین سے مکمل چھٹکارا ہڈیوں کا ڈھانچہ مت بنے مکمل کورس قیمت 1500 روپے رابطہ 0302-3767692

M.P.----------

سی آر ----------

صرف چھوٹے قدسے پریشان لوگ رابطہ کریں

چھوٹے قد والے اس کنڑی میں 18 سال سے اوپر مرد ہائٹ کے استعمال سے 7 انچ تک قد بڑھائیں بغیر کسی سائیڈ افیکٹ کے 100% گارنٹی 0331-7163779

M.P.----------

سی آر ----------

3 دن میں خارش اور پھنسیل کا جڑ سے خاتمہ

پرانی سے پرانی خارش اور پھنسیل 3 دن میں جڑ سے خاتمہ اور دوبارہ نہ آنے کی گارنٹی 100% گارنٹی کے ساتھ قیمت 1500 روپے 0303-2138365

M.P.----------

سی آر ----------

امراض معدہ کا جڑ سے خاتمہ

ہربل فارمولے کے 3 دن میں فوری رزلٹ پیٹ مریض جو ہومیو پیتھی قبض معدہ کی جعلی ادویات استعمال کر کے تھک چکے ہیں ہمارے ہربل فارمولے سے 3 دن میں قبض معدہ سے نجات پائیں 0331-6836653

M.P.----------

سی آر ----------

خوشخبری کمزور اور پتلے حضرات کیلئے

صرف 5 دن کے استعمال سے پہلی رنگت بچے کا کال کر ہر جسم شریف طاقت ور بنائیں مکمل ایسی باڈی صحت مند بنائیں 100% گارنٹی 0331-7045527

M.P.----------

سی آر ----------

شوگر سے مکمل نجات پائیں

ہربل فارمولے سے 7 دن میں فوری رزلٹ انسولین سے مکمل چھٹکارا ہڈیوں کا ڈھانچہ مت بنے مکمل کورس کنٹرول کریں 0336-0169067

M.P.----------

سی آر ----------

شرطیہ کالی رنگت سے چھٹکارا پائیں

نیو ہربل ہیونی کریم سے 3 دن میں اپنی جلد کو خوبصورت بنائیں چہرے کی جھائیاں داغ دھبوں اور کالی گرون سے نجات پائیں 100% گارنٹی 0336-6760023

M.P.----------

سی آر ----------

11 دن میں گنجے سر پر بال ہی بال

ہربل پیراکل 11 دن میں اپنے سر پر بال لگائیں صرف 3 دن میں بال لگوانے سے دوبارہ نہ آنے کی گارنٹی 100% گارنٹی کے ساتھ قیمت 1600 روپے 0306-1275540

M.P.----------

سی آر ----------

ڈبلے پتلے حضرات کے لئے بڑی خوشخبری

چہرے کے ہلکے کریز جسم شریف مرد عورت میں ورزش باڈی بلڈنگ حضرات کیلئے انتہائی تیز پہلی رنگت سے نجات مرد خواتین کیلئے بکمال منفیہ 100% گارنٹی 0332-6005037

M.P.----------

سی آر ----------

صرف 11 دن میں قد لمبا کریں

چھوٹے قد سے پریشان لوگوں کیلئے ہربل میڈیسن 11 دن تک قد میں اضافہ مرد وعورتوں کیلئے بکمال منفیہ پورے پاکستان میں فری ہوم ڈیلیوری 100% گارنٹی 0331-6836653

M.P.----------

سی آر ----------

بیسٹ چوائس میرج بیورو

ہمارے پاس ہر ذات برادری عمر اور مسلک کے رشتے موجود ہیں نیز دوسری شادی والے مرد اور خواتین بھی رابطہ کر سکتے ہیں رابطہ مس فری 0324-1013877/0320-8459677

M.P.----------

سی آر ----------

حفیظ اسٹیٹ، بحریہ آرچرڈ

بحریہ ٹاؤن اور رائیونڈ روڈ کی تمام سوسائٹیز میں رہائشی و کمرشل پلاٹس گھروں کی کثیر تعداد دستیاب ہے خرید و فروخت کیلئے حفیظ بھٹی 0324-9452720/0332-4099004

M.P.----------

سی آر ----------

اسکلر کرنٹ قرار گاڑیاں برآمد

2

دو درجن سے زائد اسکل شدہ گاڑیاں برآمد کرلیں، ملزم کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔

نوٹس مطالبہ

3

رانا ثناء اللہ کو بھونڈے انداز سے گرفتار کرکے سیاسی انتقام کی بدترین مثال قائم کی ہے۔ اپنے بیان میں مریم اور نگزیب کا کہنا تھا کہ رانا ثناء اللہ کی گرفتاری انصاف کے تقاضوں پر طمانچہ ہے۔

رانا ثنا

4

رانا ثناء اللہ کی جانب سے ڈائریکشنز کی درخواست پر بنچ کیلئے 28 ستمبر کو پراسیکیوٹر کو طلب کرلیا ہے۔ گزشتہ روز عدالت کو بتایا گیا کہ چیف پراسیکیوٹر صلاح الدین ناریوں کی وجہ سے عدالت میں پیش نہیں ہو سکے۔

ایڈیشیا

5

بات ہے۔ دنیا کے بھونکنوں میں لفیر منصفانہ طور پر پاکستان کی ساکھ پر مرتب ہونے والے منفی اثرات کو زائل کرنے کے سلسلے میں یہ شاندار کاوش ایک اہم اقدام ہے۔ اس کے ذریعے دنیا میں پاکستان کی اصل صورتحال کی عکاسی کی جائے گی، جاوید جبار نے مزید کہا کہ ایڈیشیا 2019 میں آنے والے مہمان خصوصاً فیر ملکی افراد یقیناً یہ محسوس کریں گے کہ پاکستان میں ترقی کی رفتار کو تیز تر کیا جائے گا۔ تقریب میں صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کا خصوصی پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔ واضح رہے کہ ایڈیشیا ایڈورٹائزنگ کی صنعت سے تعلق رکھنے والے پیشہ ور افراد کا سب سے بڑا اجتماع ہے جو ہر سال پاکستان کے مختلف شہروں میں ہوتا ہے۔ اس سلسلے کا 31 واں اور پاکستان لاہور میں ہونے والا دوسرا اجلاس ہے۔ وزیر اعظم پاکستان۔ عمران خان کو اس کانگریس کا افتتاح کرنے کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔

اے جی پی آر

6

تحقیقات کروائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سول ایوی ایشن ایسوسی ایشن جی ٹوایکٹر گروپ کے صدر چوہدری زمان، جنرل سیکرٹری کریم نواز اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری امجد اقبال نے اپنے ایک اعلامیہ میں کہا ہے کہ وفاقی وزارتوں، ڈویژنوں اور ان کے ماتحت اداروں کے جملہ اکاؤنٹس کی آڈٹ روزانہ کی بنیاد پر اے جی پی آفس کے ذریعے ہوتی چلی آرہی ہے۔ ادائیگی کی منظوری سے لیکر اخراجات کے ہر کلیم کا پری آڈٹ کیا جاتا ہے اور پھر ذمہ دار سٹاف پر فائنل منظوری کے بعد ادائیگی کا چیک جاری ہوتا ہے ایسوسی ایشن مذکورہ کے عہدیداران نے الزام عائد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ حکومت میں موجود بااثر کاری بھیڑیوں نے وفاقی وزارتوں، ڈویژنوں اور ان کے ماتحت اداروں کے فیر قانونی اخراجات کی ادائیگی سے قبل ہی ایسے اخراجات کی نشاندہی کر کے کلیمز کو مسترد کرنے والے اس اہم قومی ادارے کے اختیارات محدود کرنے کی سازش کی ہے۔ جس کی وجہ سے ہر سال فیر قانونی اور فرضی اخراجات کی مد میں عوام کے ٹیکسوں سے حاصل کردہ کروڑوں بلکہ اربوں روپے ڈکارنے کی راہ ہموار کی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کے وژن کے مطابق اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان ریونیو کے ادارے کو تو جزیرہ بااختیار بلکہ خود مختار بنانے کی ضرورت ہے تاکہ وہ ذاتوں اور گلگموں کی طرف سے ڈالے جانے والے دباؤ کی پروانہ کرتے ہوئے بوگس اور فرضی اخراجات کے تحت داخل کیے گئے کلیمز کو مسترد کر سکے۔ ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے وزیر اعظم پاکستان عمران خان سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس انتہائی اہم معاملہ کی اعلیٰ سطح تحقیقات کروائیں اور اس اہم قومی ادارے کے اختیارات محدود کرنے کی بجائے اسے خود مختاری کے ذریعے بااختیار بناتے ہوئے قومی خزانے کے ضیاع کو روکنے اور اس کی حفاظت کی عملی ذمہ داری ڈالیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خود اختاری اور عملی ذمہ داری ڈالے جانے کے بعد یہ ادارہ خزانے کی بچت میں حیران کن نتائج دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

نشئی

7

عشق پوسٹ مارٹم کیلئے تفصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پیشاوی، تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی مریدکے کے علاقہ رحمدہ کے میں آصف نے تنگدستی کے اپنی 5 سالہ بیٹی ہادیہ کو موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس کارروائی کے بغیر تدفین کی کوشش اہل محلہ نے ناکام بناتے ہوئے پولیس کو اطلاع کر دی جس پر پولیس نے قبض تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے تفصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پہنچا دیا ہے۔ بچی کی والدہ کا کہنا تھا کہ اسکا شوہر نشے کا عادی ہے، پڑھنے کیلئے نہ جانے پر بچی کو دھتکارتا تھا کہ اسکا نہ بتایا۔ بچی کی ہلاکت کے بعد فرار ہو گیا۔ پولیس نے ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے۔

طلب

8

پلے سعودی عرب گئے اور ان کی روانگی کے موقع پر

ہشاورت

9

علی رضا نے ملاقات کی۔ مسلم لیگ (ن) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری عطاء اللہ تارڑ کو حمزہ شہباز سے ملاقات کی اجازت نہ مل سکی۔ جیل انتظامیہ نے عطاء اللہ تارڑ کو واپس بھیج دیا۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز نے اپنے وکیل علی رضا سے ہیپ کیمپئر پر تبادلہ خیال کیا اور اپنی طبیعت کروانے کیلئے مشاورت بھی کی۔

پابندی

10

نے کہا کہ پیس کی اپیل کے دوران ماتحت عدالت کے جج کو عدالت میں طلب بھی نہیں کیا جا سکتا، اگر بائیکاٹ کو گلے کہ ماتحت جج شاہلیہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوا تو اس کے خلاف تحقیقات کا روائی کے لیے لکھا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ جج نصرت یاسمین نے پٹیشنر بائیکاٹ کے دلائل سننے سے انکار کرتے ہوئے کیس کی سماعت 16 ستمبر تک ملتوی کر دی تھی۔

فریال طالپور

11

کی۔ جن میں خیالی حسن کھرل، خان بہادر بھٹی، شیراز راجپر اور غلام مصطفیٰ لغاری بھی شامل تھے۔ ہفتہ کو ملاقات کے بعد سندھ کے سابق وزیر قانون ضیاء الحسن لنجار نے کہا کہ جیل حکام کو عدالت عالیہ کے احکامات موصول ہو چکے ہیں امید ہے کہ محترمہ فریال تالپور پیر کے روز اسپتال اجلاس میں شرکت کریں گی۔

ٹریفک وارڈن

12

ٹریفک وارڈنز پر بھی موبائل فون کے استعمال پر پابندی عائد کر دی گئی، ایس پی صدر ٹریفک پولیس سردار آصف نے آئی جی پنجاب کی جانب سے اختیار ناراضگی وارڈنز سے کانٹیمپل موبائل فون جمع کرا کے ڈیوٹی پر جائیں گے جبکہ لائسنسنگ برانچ کے اہلکار بھی دوران ڈیوٹی موبائل استعمال نہیں کریں گے۔ حکم نامے کے مطابق فیلڈ ڈیوٹی کرنے والے وارڈنز اپنا اپنا رائے ٹریفک سیکٹر میں موبائل جمع کروائیں گے جبکہ لائسنسنگ برانچ کے حملے کے موبائل ایجنٹ برانچ تحویل میں لے گا اور احکامات پر عمل درآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ اس سے قبل تھانوں میں سب انسپکٹرز، اے ایس آئی، کانسٹیبلز کے موبائل فون استعمال پر پابندی لگائی گئی تھی۔

مدارس ایکشن کمیٹی

13

کی مکمل فہرست پتہ جات اور فون نمبرز کے ساتھ شائع کرے۔ خواتین مدارس کی ناظمات کو دوٹ کا حق دیا جائے۔ مطالبات تسلیم نہ ہونے تو تنظیم المدارس کا الیکشن نہیں ہونے دیں گے۔ اگلا مدارس کنونشن 6 اکتوبر کو ایوان اقبال لاہور میں ہوگا۔ ویگ میں فکس کروانے کے 25 کروڑ واپس لے کر پسماندہ علاقوں کے مدارس میں تقسیم کیے جائیں۔ مدارس ناظمین نے تنظیم المدارس کی قیادت پر عدم اعتماد کا اظہار کر کے مفتی منیب الرحمن، صاحبزادہ عبدالمصطفے ہزاروی اور علامہ غلام محمد سیالوی سے استعفے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ جامعہ رضویہ میں ہونیوالے کنونشن سے سنی اتحاد کونسل کے چیئرمین صاحبزادہ حامد رضا، پی پی کے نائب صدر سید نوید قمر شاہ، مفتی منیب الرحمن، علامہ راغب نعیمی، مولانا طاہر اشرفی، علامہ ابتسام الٰہی ظہیر، مفتی محمد وقاص رفیق، مفتی گلزار احمد نعیمی، علامہ ڈاکٹر عکس الرحمن عکس، پیر سید محمد اقبال شاہ، علامہ ریاض حسین شاہ زادہ، پیر سید واجد گیلانی، علامہ ضیاء المصطفے خفاجی، علامہ اصغر علی شاکر، علامہ ارشد یحییٰ، مفتی امان اللہ شاکر، مفتی محمد حبیب قادری، ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان، علامہ ممتاز ربانی، علامہ مختار احمد نعیم، علامہ برکات احمد صدیقی، مفتی متاق احمد نوری و دیگر علماء کرام نے شرکت اور خطاب کیا۔ تنظیم المدارس کا غیر آئینی الیکشن رکوانے کیلئے لاہور ہائی کورٹ میں رٹ دائر کر دی ہے۔ اس وقت عالمی سطح پر مدارس کیخلاف ہونیوالی سازشوں پر تنظیم المدارس کی قیادت کیوں خاموش ہے؟ مدارس کنونشن میں منظور کی گئی قرارداد میں متبوضہ کشمیر کی سنگین صورتحال پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ اقوام متحدہ اور عالمی برادری متبوضہ کشمیر میں ڈیڑھ ماہ سے جاری کرفیو کے خاتمے کیلئے بھارت پر دباؤ ڈالے۔

پابندی

14

الحمد کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن پر اٹھایا گیا ہے خلاف ورزی کرنے والے کو بھاری جرمانہ کیا جائے گا۔ اس ضمن میں تمام پبلک ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔ موٹروے پر سفر کرنے والے مسافر خواتین، اقلیتوں اور نفرت انگیز مواد کی شکایت 130 موٹروے پولیس ہیلپ لائن اور موبائل ایپلیکیشن "hlmp"hamsafar پر کر سکتے ہیں۔

ترجمان پاک بحریہ

15

ترجمان پاک بحریہ نے کہا کہ کراچی میں ایئر چیف مارشل (ر) انیس حامد حسین نے سدرن نیول کمانڈ اور ڈپٹی کمانڈر 11 انفنٹری بریگیڈ سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران باہمی دلچسپی کے امور شامل رہے دونوں ممالک کے مابین بحری مشترکہ مشقوں کا سلسلہ بھی جاری ہے اور ایئر چیف مارشل انیس حامد حسین نے بحری جہاز پر فائنل آفیشل پاسنگ آؤٹ پریڈ کی سلامی لی۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں 26 افسر اور 200 بحری سیلرز نے حصہ لیا۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ کے بعد ایئر چیف مارشل انیس حامد حسین نے بحری جہاز کا دورہ کیا۔ دورے کے آخری مرحلے میں پی این ایس عالمگیر اور عمانی بحریہ کے جہاز کے درمیان باہمی مشقوں کا تبادلہ بھی کیا گیا۔ دورے کے اختتام پر پی این ایس عالمگیر نے بحیرہ عرب میں سکیورٹی پٹرولنگ دوبارہ شروع کر دیا، پاک بحریہ کے جہاز کا یہ دورہ دونوں ممالک کی بحری افواج کے مابین مضبوط ورتنانہ تعلقات کے فروغ کا باعث بنے گا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پی این ایس عالمگیر بحیرہ عرب میں ریجنل میری ٹائم سکیورٹی پٹرولنگ کیلئے تعینات ہے۔

ملالہ

16

کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیر میں بچوں سمیت 4 ہزار افراد کو گرفتار کر کے قید کرنے کی رپورٹس پر تشویش ہے، 40 دن سے متبوضہ کشمیر میں بچے سکول نہیں جا رہے، بچیاں گھر سے نہیں نکل پا رہی ہیں، عالمی برادری کشمیر میں ظلم کے خاتمے کیلئے کام کریں، کشمیریوں کی آواز سنیں اور کشمیری بچوں کا سکول جانا یقینی بنائیں۔

کاگو وائرس

17

فیصل آباد میں ڈینگی سے اب تک 5 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈینگی کے مریض میں کاگو وائرس کا پہلا مریض سامنے آگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پیر ہسپتال میں گزشتہ رات کاگو کا مریض لایا گیا کاگو کا شکار 30 سالہ رشید کا تعلق کوہاٹ سے ہے کاگو کے مریض کو پیر کے آئسولیشن وارڈ میں رکھا گیا ہے۔ ڈینگی کے مریض کی تشخیص کے بعد اس کا خون کے نمونے لیبارٹری بھیجے گئے تھے جس کی رپورٹ آئی ہے کاگو وائرس کے مریض کو ایبولینس کے ذریعے ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ڈینگی کے مریضوں کی تعداد 1300 سے زائد ہو چکی ہے۔ ڈی سی فیصل آباد نے ڈینگی کے خاتمے کیلئے 25 ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔ ڈینگی کے مریضوں کی تعداد 1300 سے زائد ہو چکی ہے۔ ڈی سی فیصل آباد نے ڈینگی کے خاتمے کیلئے 25 ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔

پابندی

18

ڈی ریسیور، سائلنسر، ٹائر، الیکٹرک ہیٹر، شیشہ شامل ہیں قبضہ میں لئے گئے سامان کی مالیت کروڑوں روپے میں ہے نیٹ ورک تک پہنچنے کے لیے ملزمان کے جام خفیہ رکھے گئے ہیں۔ ملزمان کے زیر استعمال تین گاڑیاں بھی تحویل میں لے لیا گیا۔ پکڑا گیا سامان 7 ٹرکوں میں کسٹم گودام منتقل کیا گیا۔ دیگر سمگلروں کی گرفتاری کے لیے ٹیم تشکیل دے دی گئی۔

شہریار آفریدی

19

نے پی ٹی آئی لاہور کے ٹکٹ ہولڈرز، کنٹسز لاہور ہلال لودھی، ڈپٹی کمشنر صائمہ سعید، ڈی آئی جی آپریشن اشفاق خان اور ایجنسی ہائر کوکس فورس کے افسروں سے ملاقات کی۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے وفاقی وزیر کا راستہ روکنے کی مکمل منصوبہ بندی کی۔ وزیر اعظم کو ایئرپورٹ جانے والے راستے پر نوجوان ریلی نکالنے کی اطلاع ملی تھی۔ نوجوان ریلی کو پہنچنے سے پہلے ہی روکنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی ر

قائداعظم ٹرافی کے سلسلے میں سندھ بلوچستان کے ہونے والے میچ میں یاسر شاہ وارننگ کرا رہے ہیں

قائداعظم ٹرافی کا پہلا دن، کھیل کیساتھ سیلفی سیشن بھی شروع

تاریخ میں پہلا موقع تھا جب کرکٹرز شائقین کیساتھ تصویر بنانے ان کے درمیان گئے

کراچی (عمر شاہین) پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام ہفتہ سے شروع ہونے والی قائداعظم ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے روز میچ کے ساتھ ساتھ سیلفی سیشن بھی زور وشور سے جاری رہا، کراچی میں یو بی ایل گراؤنڈ پر سندھ اور بلوچستان کی فرسٹ الیون کی ٹیموں کے مابین جاری میچ کے پہلے روز سندھ کے انور علی اور بلوچستان کے یاسر شاہ نے میچ دیکھنے کے لئے آنے والے شائقین کرکٹ کے ساتھ سیلفیز بنوائیں۔ اس موقع پر انہوں نے شائقین کے ہنستے مسکراتے سوالات کے جوابات بھی دیے۔ پاکستان کرکٹ کی تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ کرکٹرز شائقین کے ساتھ تصاویر بنوانے کے لئے ان کے درمیان گئے۔ ماضی میں فرسٹ کلاس میچوں کے دوران شائقین اپنے پسندیدہ کرکٹرز کی صرف جھلک دیکھنے کے لئے گھنٹوں انتظار کیا کرتے تھے۔ کرکٹ حلقوں کی جانب سے اس تبدیلی کو خوش آئند قرار دیا جا رہا ہے۔ لاہور ایبٹ آباد میں جاری میچوں کے پہلے دن بھی معروف کرکٹرز نے شائقین کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔

بنگلہ دیش نے زمبابوے کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی

ڈھاکہ (نیٹرنگ ڈیسک) بی ٹوئنٹی ٹرائی نیشن سیریز کے پہلے میچ میں بنگلہ دیش نے زمبابوے کو تین وکٹوں سے ہرا دیا۔ زمبابوے نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں پر 144 رنز بنائے، دریان برنی نے 57 رنز ناٹ آؤٹ بنائے، بیچ 19 اسلام، سیف الدین، مصدق حسین اور مستفیض الرحمن نے ایک ایک وکٹ لی۔ بنگلہ دیش نے 18 اوور کی چوتھی گیند پر 7 وکٹیں گنوا کر 148 رنز بنا کر میچ اپنے نام کرلیا، 26 گیندوں پر ایک چھکے اور 8 چوکوں کی مدد سے 52 قابل کلست بنانے والے بلے باز عفیف حسین مرد میدان قرار پائے۔

قائداعظم ٹرافی، عبدالقادر کو خراج عقیدت کھلاڑیوں نے سیاہ پٹیاں باندھیں

لاہور، کراچی (سپورٹس رپورٹرز) قائداعظم ٹرافی کے آغاز کے موقع پر لیجنڈری کرکٹر عبدالقادر کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ہفتہ کو شروع ہونے والی قائداعظم ٹرافی کے میچ سے قبل عبدالقادر مرحوم کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی دوسرے میں تمام کھلاڑیوں نے سیاہ رنگ کی پٹیاں پہن رکھی تھیں۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر عبدالقادر کو تینوں سٹمز پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ قائداعظم ٹرافی کے میچز لاہور، کراچی اور ایبٹ آباد میں کھیلے گئے۔

قومی جونیئر گرلز نیٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ آج سے شروع ہوگا

ملک بھر سے 18 کھلاڑی منتخب، انور احمد انصاری کیمپ کمانڈنٹ کی ذمہ داریاں انجام دینگے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی جونیئر گرلز نیٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ (آج) اتوار سے پی ایس پی کوچنگ سنٹر کراچی میں شروع ہوگا، پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے مشن آرا نیں نے بتایا کہ تربیتی کیمپ کیلئے ملک بھر سے 18 کھلاڑیوں کو منتخب کیا گیا ہے جن میں ماہین علیم، زہرا سلطانی، مہرین ساگر، زیب النساء، سہیل خورشید، ایمان رحمان، لائبہ ذوالفقار، شیریں فاطمہ، عرشیہ جوماٹی، زینب راشد، احمد النیب، وینہ زاہد، اقراء شفیق، لائبہ لاشاری، آمنہ حور العین اور انسا فضل شامل ہیں۔ انور احمد انصاری کو کیمپ کمانڈنٹ اور شازیہ یوسف کو ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا۔ نیشا سلطان کو اسسٹنٹ کوچ مقرر کیا گیا، جبکہ حنا سامسنگ اور کومل گیسن کو بالترتیب فزیو اور کیٹرنگ ٹیم کے ہمراہ ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ ایشین جونیئر گرلز چیمپئن شپ 18 سے 22 اکتوبر تک کھٹمنڈو نیپال میں کھیلی جائے گی اور چیمپئن شپ میں 6 ممالک کی ٹیموں کی کھلاڑی حصہ لے لیں گی۔ جن میں پاکستان، میزبان نیپال، سری لنکا، بھارت، بنگلہ دیش اور نیپال شامل ہیں۔ 17 اکتوبر کو چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کی میچز میں میچ ہوگی جس میں چیمپئن شپ کے قوانین اور ڈسپلن کا اعلان کیا جائے گا۔

پاکستان اور لنکا میں 27 ستمبر سے میچز کھیلے جائیں گے

لنکن ٹیم کے سینئر کھلاڑیوں نے سیکورٹی خدشات پر پاکستان آنے سے انکار کر دیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سری لنکا کی ٹیمیں 27 ستمبر سے 19 اکتوبر کے درمیان پاکستان میں تین ایک روزہ میچز اور تین ٹی 20 میچز کھیلیں گی۔ تفصیلات کے مطابق سری لنکن ٹیم 25 ستمبر کو کراچی پہنچے گی جہاں 27 ستمبر، 29 ستمبر اور 2 اکتوبر کو 3 ایک روزہ میچز کھیلے جائیں گے۔ سری لنکا کے 10 سینئر کھلاڑیوں نے پاکستان آنے سے انکار کر دیا جس میں ون ڈے کرکٹ ٹیم کے کپتان دیموتھ کرونارتنے، ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹیم کے کپتان لسیتھ ملنگا اور سابق کپتان انجیلو میتھیوز بھی شامل ہیں۔

پی ایف ایف نارملائزیشن کمیٹی شکوک وشبہات کا شکار

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پی ایف ایف نارملائزیشن کمیٹی تشکیل کے ایک روز بعد ہی شکوک و شبہات کا شکار، سید غلام علی شاہ صدر سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن و سینئر نائب صدر ساف نے سلیکشن کمیٹی کے ممبران کے انتخاب پر سوالات اٹھا دیے، پی ایف ایف کے کانگریس رکن اعجاز الحق نے بھی اعتراضات اٹھا دیے۔ گزشتہ روز فیفا نے پاکستان میں فٹ بال کے مسائل کے حل کے لئے 5 رکنی نارملائزیشن کمیٹی کا اعلان کیا تھا۔

کرسچن سپورٹس کونسل کا اجلاس، گراس روٹ لیول پر کھیلوں کے فروغ پر اتفاق

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرسچن سپورٹس ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس گزشتہ روز امریکن لاسٹف سکول جوہر ٹاؤن میں وسیم سلیم کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری جنرل جیک عاصم، نائب صدر عاصم تنویر، جوائنٹ سیکرٹری ارسلان بخاش سیکرٹری نعیم سلیم، سیکرٹری انفارمیشن منا سلیم اور کوآرڈینٹر برکھا سمیت دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ گراس روٹ لیول سے کھیلوں کو فروغ دینے اور بچوں کو صحت مندانہ سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کیلئے سکول لیول سے ملک بھر میں سپورٹس کلچر کو پروان چڑھایا جائے گا۔

آئرلینڈ کا سہ ملکی سیریز کے لئے سکواڈ کا اعلان

ڈبلن (اے پی پی) آئرلینڈ نے سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ سیریز کیلئے سکواڈ کا اعلان کر دیا۔ گیری ولسن کو کپتان مقرر کر دیا گیا ہے، ایک عرصہ بعد کیتی بولٹن کی واپسی ہوئی ہے جبکہ ڈیوڈ ڈیلانی اور ہیری ٹیکٹر پہلی مرتبہ سلیکٹرز کا اعتماد حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ سہ ملکی سیریز کا آغاز (آج) اتوار سے ہوریا ہے جس میں بھارت آئرلینڈ کے علاوہ ویسٹ انڈیز اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ اعلان کردہ سکواڈ کپتان گیری ولسن، مارک ایڈیئر، ایلڈریج ملبرائن، ڈیوڈ ڈیلانی، گیرتھ ڈیلانی، جارنٹ ڈوکریل، شین گٹ کاٹ، کیون اوبرائن، بائیرہکنٹن، پال سٹرلنگ، ہیری ٹیکٹر، سٹوارٹ تھامسن، لورکن ٹکر اور کریگ ینگ پر مشتمل ہے۔

پاک بھارت ڈیوس کپ مقابلے اسلام آباد ہی میں کرانے کا فیصلہ

آزاد سیکورٹی مشیران اور میزبان ملک کی مدد سے پاکستان میں سیکورٹی پر نظر رکھیں گے

کراچی (بائیسٹنگ ڈیسک) آئی ٹی ایف نے ڈیوس کپ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان دو روزہ ٹائی 25 ستمبر سے اسلام آباد ہی میں کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ بھارت نے 14 اور 15 ستمبر کو شیڈول ایشیا اوشیانا زون کے گروپ ون کے یہ مقابلے بھارت کی جانب سے نیوٹرل مقام پر کرانے اور تاریخ بڑھانے کے اصرار پر ملتوی کیے گئے تھے، پاکستان میں سیکورٹی کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرنے والی آئی ٹی ایف نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ وہ اپنے آزاد سیکورٹی مشیران اور میزبان ملک کی مدد سے پاکستان میں سیکورٹی حالات پر نظر رکھے گی۔ واضح رہے کہ آئی ٹی ایف بھارت کی جانب سے ویزے کے حصول کے لیے تاخیر کرنے پر اپنی حیرت اور تشویش کا اظہار کر چکی ہے، اس کا کہنا تھا ہے کہ ڈیوس کپ قواعد کے مطابق دورہ کرنے والے ملک کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ دورہ وقت کے اندر، محفوظ اور مطلوبہ کوالٹ کو پورا کرنے کا اہتمام کرے، دوسری جانب پاکستان ٹینس فیڈریشن کے سیکریٹری کرنل (ر) گل رحمان نے آئی ٹی ایف کے اس فیصلے سے الصلی خابر کی ہے۔

مینز ٹی 20 ورلڈ کپ کوالیفائر 18 اکتوبر سے شروع ہوگا

2 نومبر تک جاری رہنے والے ایونٹ میں 14 عالمی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی

دبئی (این این آئی) آئی سی سی کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے زیر اہتمام مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کوالیفائر ٹورنامنٹ 2019ء 18 اکتوبر سے 2 نومبر تک متحدہ عرب امارات میں کھیلا جائے گا۔ 2015ء میں منعقدہ کوالیفائر ٹورنامنٹ میں سکاٹ لینڈ اور ہالینڈ کی ٹیمیں مشترکہ طور پر فاتح قرار پائی تھیں۔ 2 نومبر تک جاری رہنے والے ایونٹ میں 14 ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی جن میں میزبان یو اے ای، سکاٹ لینڈ، ہالینڈ، سنگاپور، کینیڈا، آئرلینڈ، پاپوا نیوگنی، نیپال، اومان، برمودا، کینیڈا، جرسی، نمیبیا، ناتھرلینڈ اور پاپوا نیوگنی شامل ہیں۔ سکاٹ لینڈ، ہالینڈ، سنگاپور اور برمودا کو گروپ اے جبکہ یو اے ای، آئرلینڈ، اومان، پاپوا نیوگنی، کینیڈا، جرسی اور نمیبیا کو گروپ بی میں رکھا گیا ہے۔ دونوں گروپس سے ٹاپ ٹیمیں سپر 8 کے مرحلے تک رسائی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ براہ راست ورلڈ ٹی ٹوئنٹی کپ کیلئے بھی کوالیفائی کریں گی۔ 18 اکتوبر کو ایونٹ کے افتتاحی روز سکاٹ لینڈ کی ٹیم سنگاپور اور ہالینڈ کی ٹیم کینیڈا کے خلاف مہم کا آغاز کرے گی، اسی روز دیگر میچز میں پاپوا نیوگنی کا مقابلہ آئرلینڈ، اومان کا مقابلہ یو اے ای سے ہوگا۔

انٹرنیشنل کے آخری ٹیسٹ میچ میں آسٹریلوی کھلاڑی انگلش بلے باز کو آؤٹ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے

قائداعظم ٹرافی کے پہلے روز شائقین کرکٹ کی بھرپور آمد

بابر اعظم کو ایکشن میں دیکھنے کے شوقین راولپنڈی سے لاہور پہنچ گئے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قائداعظم ٹرافی میں بابر اعظم کو ایکشن میں دیکھنے کا شوق مجاہد سلیم کو قذافی اسٹیڈیم لاہور کھینچ لایا ہے۔ مجاہد سلیم سمیت دیگر شائقین کرکٹ نے بھی اپنے اسٹار کھلاڑیوں کو فرسٹ کلاس کرکٹ میں ایکشن میں دیکھنے کیلئے گراؤنڈز کا رخ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ کھلاڑیوں اور شائقین کرکٹ کے درمیان فاصلے کم کرنے کیلئے قائداعظم ٹرافی کے پہلے راؤنڈ کے تمام ویٹیکٹ پر شائقین کے لیے داخلہ مفت رکھنے کا اعلان کر چکا ہے، راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے مجاہد سلیم نے کہا کہ انہوں نے محض بابر اعظم کی بیٹنگ دیکھنے کے لیے قذافی اسٹیڈیم کا رخ کیا ہے۔ مجاہد سلیم کا کہنا ہے کہ بابر اعظم دنیا کے بہترین بیٹسمین ہیں اور وہ ان کے ساتھ تصویر بنانے کی خواہش رکھتے ہیں۔ مجاہد سلیم نے کہا کہ پی ٹی وی کی جانب سے قائداعظم ٹرافی میں شائقین کرکٹ کے لیے گراؤنڈز کے دروازے کھولنا خوش آئند عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم ٹرافی قومی ڈومیسٹک کرکٹ کا پریمیئر ٹورنامنٹ ہے۔

رگبی یونین چیمپئن شپ کے پہلے دن ایئر فورس اور پنجاب گرینز کے درمیان جاری میچ کا منظر

گروہی سیاست سے فٹبال زوال کا شکار ہے، شاہد تاج، منیر

سردار نوید حیدر کی جانب سے دونوں گروپوں میں اتفاق رائے کی کوششیں قابل تعریف ہیں

کراچی (سپورٹس رپورٹر) آل اے ملیر کے سابق سیکریٹری شاہد تاج اور سابق منیجر مشرف علی بابا نے اختر چیمل چوہدری منیر کے سردار نوید حیدر کو قذافی اسٹیڈیم لاہور کھینچ لایا ہے۔ مجاہد سلیم سمیت دیگر شائقین کرکٹ نے بھی اپنے اسٹار کھلاڑیوں کو فرسٹ کلاس کرکٹ میں ایکشن میں دیکھنے کیلئے گراؤنڈز کا رخ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ کھلاڑیوں اور شائقین کرکٹ کے درمیان فاصلے کم کرنے کیلئے قائداعظم ٹرافی کے پہلے راؤنڈ کے تمام ویٹیکٹ پر شائقین کے لیے داخلہ مفت رکھنے کا اعلان کر چکا ہے، راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے مجاہد سلیم نے کہا کہ انہوں نے محض بابر اعظم کی بیٹنگ دیکھنے کے لیے قذافی اسٹیڈیم لاہور کھینچ لایا ہے۔ مجاہد سلیم کا کہنا ہے کہ بابر اعظم دنیا کے بہترین بیٹسمین ہیں اور وہ ان کے ساتھ تصویر بنانے کی خواہش رکھتے ہیں۔ مجاہد سلیم نے کہا کہ پی ٹی وی کی جانب سے قائداعظم ٹرافی میں شائقین کرکٹ کے لیے گراؤنڈز کے دروازے کھولنا خوش آئند عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم ٹرافی قومی ڈومیسٹک کرکٹ کا پریمیئر ٹورنامنٹ ہے۔

رگبی یونین چیمپئن شپ کے پہلے دن ایئر فورس اور پنجاب گرینز کے درمیان جاری میچ کا منظر

فرسٹ کلاس سیزن کا آغاز، سندھ نے پہلے روز 237 رنز بنا لئے

سندھ کی جانب سے خرم منظور اور عابد علی نے سنچریاں اسکور کیں، آج دوسرا روز ہوگا

لاہور، کراچی (سپورٹس رپورٹرز) پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیر انتظام نئے فرسٹ کلاس سیزن کا گزشتہ روز آغاز ہوگیا۔ یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں پہلے روز کھیل کے خاتمے تک سندھ کی فرسٹ الیون نے بلوچستان کے خلاف 100 اوورز کے اختتام پر دو وکٹوں کے نقصان پر 237 رنز اسکور کر لئے تھے، بلوچستان نے ٹاس آپشن کے تحت پہلے بالنگ کو ترجیح دی۔ سندھ کی جانب سے خرم منظور اور عابد علی نے سنچریاں اسکور کیں۔ عابد علی 173 گیندوں پر 13 چوکوں کی مدد سے 120 رنز پر ناٹ آؤٹ تھے جبکہ خرم منظور 242 گیندوں پر 13 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 109 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ دونوں کے مابین پہلی وکٹ کی شراکت میں 212 رنز اسکور ہوئے۔ معصوم علی 7 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ اسد شفیق پانچ رنز پر ناٹ آؤٹ تھے۔ بلوچستان کی جانب سے یاسر شاہ نے 90 رنز کے عوض دو وکٹ حاصل کیے۔ آج میچ کا دوسرا روز ہے، لاہور میں کھیلے گئے میچ میں سدرن پنجاب نے 291 رنز بنائے اور اسکے 4 کھلاڑی آؤٹ ہو چکے ہیں دوسری طرف ناردرن اور خیبر پختونخوا کرکٹ ٹیموں کے درمیان میچ ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا، میزبان ٹیم نے دن کے اختتام تک 4 کھلاڑیوں کے نقصان پر 343 رنز بنائے۔

باسکٹ بال ورلڈ کپ، ارجنٹائن اور چین میں آج ٹاکرا

بیجنگ (اے پی پی) ارجنٹائن اور چین کی ٹیمیں فتوحات برقرار رکھتے ہوئے باسکٹ بال ورلڈ کپ فائنل میں پہنچ گئیں۔ دونوں ٹیمیں فیصلہ کن معرکے میں آج اتوار کو آمنے سامنے ہوں گی۔ چین میں جاری میگا ٹورنامنٹ میں کھیلے گئے سبھی فائنلز میں ارجنٹائن نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے فرانس کو 66 کے مقابلے میں 80 پوائنٹس سے شکست دے کر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا تھا۔

افغانستان اور زمبابوے کے درمیان جاری ٹی 20 میچ میں افغان کھلاڑی شاٹ کھیلتے ہوئے

ورلڈ سنوکر چیمپئن شپ، قومی ٹیم میانمار روانہ ہوگئی

شرکت کرنیوالی 3 رکنی ٹیم میں محمد آصف، ذوالقار عبدالقادر اور احسن جاوید شامل

کراچی (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کی تین رکنی اسنوکر ٹیم آئی بی ایس ایف ورلڈ سنکس ریڈ ایڈ ٹیم اسنوکر چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے میانمار روانہ ہوگئی جہاں منعقد ہونے والے ایونٹ شروع ہوگا۔ پاکستان بلیئرڈ اینڈ اسنوکر ایسوسی ایشن کے صدر منور حسین شیخ نے اس ضمن میں بتایا کہ ایونٹ میں شرکت کرنیوالی پاکستان کی تین رکنی ٹیم میں محمد آصف، ذوالقار عبدالقادر اور محمد احسن جاوید شامل ہیں جبکہ نوید کپاڈیا بطور ریفری ہمراہ گئے ہیں۔ چیمپئن شپ 29 ستمبر تک جاری رہے گی۔

جنوبی افریقہ آج ٹی 20 میچ سے دورہ بھارت کا آغاز کریگی

ٹیسٹ سیریز ختم ہونے کے بعد جنوبی افریقن ٹیم واپس وطن لوٹ جائے گی

نئی دہلی (این این آئی) جنوبی افریقن کرکٹ ٹیم (آج) اتوار 15 ستمبر کو پہلے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ سے دورہ بھارت کا آغاز کریگی۔ شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان دو سری ٹوئنٹی میچ 18 ستمبر کو موہالی کے مقام پر کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری میچ 22 ستمبر کو بنگلور میں کھیلا جائے گا۔ اس کے بعد دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 2 سے 6 اکتوبر تک وشاکاپٹنم میں کھیلا جائے گا، دوسرا ٹیسٹ میچ 10 سے 14 اکتوبر تک پونے میں کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 19 سے 23 اکتوبر تک رانچی میں کھیلا جائے گا۔ ٹیسٹ سیریز ختم ہونے کے بعد جنوبی افریقن ٹیم واپس وطن لوٹ جائے گی اور آٹھ سال مارچ میں بھارت کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کھیلے گی۔

تیسری سٹوڈنٹ اولمپک گیمز آئندہ ماہ 9 اکتوبر سے کراچی میں شروع ہونگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام تیسری سٹوڈنٹ اولمپک گیمز 4 اکتوبر سے کراچی میں شروع ہونگی۔ پاکستان سٹوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر متعبل آرا نیں نے بتایا کہ گیمز کی تیاریاں زور وشور پر ہیں اور گیمز میں آٹھ کھیلوں کے مقابلے منعقد ہونگے جن میں کرکٹ، باسکٹ بال، روپ سکپنگ، ایتھلیٹکس، ٹیبل ٹینس، یوگا، جمناسٹک اور ووشو کے کھیل شامل ہیں۔

ورلڈ یوتھ یو کرائے چیمپئن شپ، عدنان اسلم پاکستان کی نمائندگی کرینگے

کراچی (سپورٹس رپورٹر) پانچویں ورلڈ یوتھ یو کرائے چیمپئن شپ 16 سے 22 ستمبر تک ملائیشیا کے شہر کوالا لمپور میں منعقد ہو رہی ہے جس میں عدنان اسلم پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ وہ ماسٹر کیٹگری کی ناٹ میں حصہ لیں گے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال ایشین چیمپئن شپ میں انہوں نے برانز میڈل حاصل کیا تھا۔ اس بار بھی اپنی بہتر کے لئے پرعزم ہوں۔

انڈر 19 ایشیا کپ، بھارت نے بنگلہ دیش کو ہرا کر فائنل جیت لیا

کولمبو (اے پی پی) بھارت نے انڈر 19 ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل جیت لیا۔ فاتح ٹیم نے فیصلہ کن معرکے میں بنگلہ دیش کو ٹیپ مقابلے کے بعد 5 رنز سے شکست دے کر فائنل جیتنے کا اعزاز حاصل کیا۔ بنگلہ دیشی ٹیم 106 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 33 اوورز میں 101 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی، آفتاب راہی نے 5 وکٹیں لیکر ٹیم کی جیت میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ہفتہ کو کھیلے گئے انڈر 19 ایشیا کپ کے فائنل میں بھارتی ٹیم پہلے کھیلتے ہوئے 32.4 اوورز میں 106 رنز بنا کر پوری ٹیم آؤٹ ہو گئی، کپتان دھرو جورل 33 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ 8 کھلاڑی دوہرا ہندسہ عبور کرنے میں ناکام رہے۔ حسن جوئے اور شمیم حسین نے 3، 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں بنگلہ دیش انڈر 19 ٹیم مقررہ ہدف کے تعاقب میں 33 اوورز میں 101 رنز پر ڈھیر ہو گئی۔

کراچی: پاکستان قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان کو فتح کے ٹریک پر ڈالنے کیلئے پرعزم سرفراز

مصباح کیساتھ ملکر اپنا نمبر سیٹ کر لیا، میری اور ہیڈ کوچ کی ہم آہنگی مستقبل میں بھی کام آئے گی، کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی سے کارکردگی بہتر ہوگی، کپتان کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد کا کہنا ہے کہ چیف سلیکٹر اور ہیڈ کوچ مصباح الحق سے مل کر اپنا نمبر سیٹ کر لیا ہے، ٹیم میں اب اسی نمبر پر کھیلوں گا، پاکستان کو فتوحات کے ٹریک پر گامزن کرنے کی کوشش کریں گے، یہ بات انہوں نے ہفتہ کی شام یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس پر میڈیا سے بات چیت میں کہی، ان کا کہنا تھا کہ نئے ہیڈ کوچ مصباح الحق سے بہت اچھی ہم آہنگی ہے ہم ساتھ کھیلے بھی ہیں اور کئی میچوں میں ساتھ کامیابی بھی سمیٹی ہے یہ ہم آہنگی مستقبل میں بھی کام آئے گی۔ اوورز اور میرے درمیان رابطے ہیں جس سے بہت سی چیزیں بہتر ہو جائیں گی، ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ کپتان کتنے عرصے کے لیے ہونا چاہیے یہ فیصلہ بورڈ کرتا ہے میں اس پر کوئی تبصرہ نہیں کر سکتا۔ کپتان کا کہنا تھا کہ قومی ٹیم کے اوپنر شان مسعود، سینئر بیٹسمین اسد شفیق، رنز مشین بابر اعظم سمیت دیگر کھلاڑی اچھا پرفارم کر رہے ہیں، ہری انکا کلوف اچھی پرفارمنس کی کوشش کریں گے، ایک اور سوال کے جواب میں سرفراز احمد کا کہنا تھا کہ وہ نائب کپتان کی حیثیت سے گرم ہو رہے ہیں تو یہ پاکستان کرکٹ کے لئے ہی فائدہ مند ہوگا۔

غزل گائیک آصف مہدی کراچی کی نجی ہسپتال میں منتقل

کراچی (سپورٹس رپورٹر) شہنشاہ غزل مہدی حسن (مرحوم) کے صاحبزادے معروف غزل گائیک آصف مہدی کو شدید علالت کی وجہ سے کراچی کے نجی اسپتال میں داخل کیا گیا ہے، آصف مہدی کے اہل خانہ کے مطابق انھیں کئی برس سے گردوں کا عارضہ لاحق ہے، طبیعت خراب ہونے کی بنا پر انھیں اسپتال میں ایڈمٹ کیا گیا ہے جہاں ان کے گردوں کا ڈائیلاسز کیا جا رہا ہے۔

فلم لال کبوتر کو آسکر ایوارڈ کیلئے بھیجنے کا فیصلہ

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کرائم ڈرامہ فلم لال کبوتر کو پاکستان کی جانب سے آسکر ایوارڈ کیلئے بھیجنے کا باضابطہ فیصلہ کر لیا گیا۔ کرائم ڈرامہ فلم لال کبوتر 22 مارچ 2019ء کو سینما گھروں کی زینت بنی تھی جس نے شائقین کی خوب داد وصول کی تھی۔ فلم میں اداکار احمد علی اکبر اور اداکارہ منشا پاشا نے مرکزی کردار ادا کئے ہیں، فلم کی اداکارہ منشا پاشا نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے مداحوں کو یہ خوشخبری سناتے ہوئے کہا ہے کہ لال کبوتر کو پاکستان کی جانب سے آسکر ایوارڈ کیلئے بھیجا جا رہا ہے، لال کبوتر میرے کاسیار کیریئر کا سب سے بہترین پروجیکٹ تھا۔ لال کبوتر کی ٹیم نے ٹوئٹر پر لکھا کہ لال کبوتر کو پاکستان کی جانب سے آسکر کیلئے بھیجے جانے کا باضابطہ فیصلہ کر لیا گیا ہے اور یہ ہمارے اور ہماری ٹیم کیلئے باعث فخر ہے۔

معمر رانا پنجابی فلم ''بشیرا گجر'' میں مرکزی کردار ادا کریں گے

کاسٹ فائنل ہوتے ہی شوٹنگ کردیں گے اور ریکارڈ ٹائم میں مکمل کیا جائے گا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) فلمساز معمر رانا کی پنجابی فلم ''بشیرا گجر'' میں مرکزی کردار ادا کریں گے۔ فلم کے ہدایتکار مسعود بٹ ہیں جن کا کہنا ہے کہ معمر رانا کے مقابل نئی اداکارہ مرکزی کردار ادا کریں گی جبکہ دیگر کاسٹ کا انتخاب بھی جاری ہے۔ فلم کی کاسٹ فائنل ہوتے ہی شوٹنگ شروع کر دی جائے گی اور اسے ریکارڈ ٹائم میں مکمل کیا جائے گا۔ پروڈیوسر طاہر بچہ کی فلم پیشی گجروں دی نے عید الفطر پر شاندار کامیابی حاصل کی ہے جس کے بعد انہوں نے نئی فلم پر کام شروع کر دیا ہے جس کی کہانی ناصر ادیب لکھ رہے ہیں۔

نادیہ حسین ڈرامے میں ولن کا منفی کردار نبھانے کیلئے تیار

نیگیٹو رول آسان کام نہیں، کردار جیسی عادتیں رکھنے والے ضرور سبق حاصل کریں گے

لاہور (آئی این پی) اداکارہ نادیہ حسین اپنے دیوتی پارلر کے بزنس میں اس حد تک مصروف ہیں کہ وہ طویل عرصے سے ٹیلی ویژن اسکرینز پر کسی پروجیکٹ کا حصہ نہیں بنی لیکن اب اداکارہ بہت جلد ہم ٹی وی کے ایک ڈرامے میں کام کرتی نظر آئیں گی جس کی ہدایات حسیب علی دے رہے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ نادیہ حسین اس ڈرامے میں ولن کا منفی کردار نبھانے جا رہی ہیں۔ ایک انٹرویو میں نادیہ حسین نے کہا کہ میں ایک منفی کردار نبھانے جا رہی ہوں، اس ڈرامے میں سویرا کی بھابی کا کردار نبھا رہی ہوں اور اختر حسنین میرے شوہر بنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ڈرامے کی کہانی ایک ایسے گھرانے پر مبنی ہے جہاں اختیار چھوٹا آتے رہتے ہیں سالی پریشانیوں کا بھی سامنا ہوتا ہے، جبکہ گھریلو سیاست بھی اس ڈرامے کی کہانی کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ منفی کردار ادا کرنا آسان نہیں، مجھے امید ہے کہ جن لوگوں میں میرے کردار جیسی عادتیں موجود ہیں وہ کچھ سبق ضرور حاصل کریں گے، شاید وہ یہ سمجھ سکیں کہ میرے جیسے کردار سے دوسروں کو کتنی تکلیف دیتے ہیں۔

کامیابی کے لئے علمی کام اور تجربہ ضروری ہے، ندیم بیگ

کوئی بھی انسان گھر سے سیکھ کر نہیں آتا ہمیشہ سینئرز سے سیکھتا ہے

کراچی (رپورٹ: خطران خان) پاکستان فلم انڈسٹری کے نامور سینئر اداکار ندیم بیگ نے کہا کہ کوئی بھی انسان گھر سے سیکھ کر نہیں آتا بلکہ اپنے شعبے میں سینئرز سے سیکھتا ہے اور پھر اپنی محنت اور لگن سے اس میں نکھار لاتا ہے۔ ''جہاں پاکستان'' سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آغاز میں اداکاری پر گرفت نہیں تھی لیکن جوں جوں سینئرز کیساتھ کام کیا میرے کام میں بھی پختگی آتی گئی، کامیاب ہونے کے لیے محنتی کام اور تجربہ حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے، بولتے وقت کیسے الفاظ فلم انڈسٹری میں بھی تبدیلی آئی ہے لیکن اسے ہم نے مثبت سمت کیسی دینی ہے یہ انڈسٹری سے وابستہ لوگوں پر منحصر ہے، کسی بھی شعبے میں مہارت کامیابی کی ضمانت ہوتی ہے، فلم کی کامیابی میں کسی ایک شخص کا ہاتھ نہیں ہوتا بلکہ پردہ اسکرین پر نظر آنے والوں کے علاوہ درجنوں لوگوں کی محنت شامل ہوتی ہے، انہوں نے کہا کہ انڈسٹری میں جس طرح شیڈو کی سے کام ہو رہا ہے اب فلموں میں بھی شیڈو کی اور محنت سے کام کیا جا رہا ہے، ہمیں ایک ہی کامیاب موضوع کے پیچھے پڑنے کی ضرورت نہیں ہے، دیگر بھی موضوعات موجود ہیں جن پر کام کیا جا سکتا ہے، نئے لوگوں کو میرا مشورہ ہے کہ اپنے سینئرز کا احترام کریں اور ان سے سیکھنے کی

جنرل اسمبلی میں وزیراعظم کا خطاب دنیا دیکھے گی

اپوزیشن مسئلہ کشمیر پر سیاست نہ کرے، شاہ محمود

عمران نیویارک میں کشمیر کے سفیر کے طور مسئلہ اجاگر کرینگے، فضل الرحمان سے درخواست ہے لانگ مارچ کے فیصلے پر نظر ثانی کریں

اپوزیشن کو اسمبلی میں صدارتی تقریر سننا چاہئے تھی، اپوزیشن کے رویے کے باعث بھارت میں ہمارا مذاق اڑایا جارہا ہے، میڈیا سے گفتگو

ملتان (سٹاف رپورٹر، مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ہونیوالے وزیراعظم عمران خان کے خطاب کو دنیا دیکھے گی۔ عمران خان نیویارک میں کشمیر کے سفیر کے طور پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کریں گے۔ جنیوا میں مسئلہ کشمیر بھرپور انداز میں اٹھا کر بھارت کا اصلی چہرہ بے نقاب کرایا۔ میری تقریر کے بعد جنیوا میں 58 ممالک نے پاکستان کے بیانیے کا ساتھ دیا۔ مسئلہ کشمیر پر مسلم امہ اور او آئی سی ہمارے ساتھ ہے۔ آج دنیا میں بھارت پر تنقید ہورہی ہے۔ اپوزیشن کشمیر کے معاملے پر سیاست نہ کرے۔ اپوزیشن کو اسمبلی میں صدارتی تقریر سننا چاہئے تھی۔ اپوزیشن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

ایڈیشیا 2019 کی تعارفی تقریب کے موقع پر چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی ایڈیشیا سرمد علی، چیئرمین پاکستان ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن علی مانڈوی والا، جاوید جبار، شنار، مارکیٹنگ کے سربراہ اقبال نعیم ہاشم پاراکھ، بگر کا گروپ فوٹو

ایڈیشیا دنیا میں پاکستان کی عکاسی کرے گی، جاوید جبار

30 سال بعد میزبانی قابل فخر، پاکستان کو ایڈورٹائزنگ میں نمایاں مقام ملے گا

ایڈیشیا 2019 میں سرمد علی، علی مانڈوی والا سمیت مارکیٹنگ، ایڈورٹائزنگ کی شخصیات کا خطاب

کراچی (بزنس رپورٹر) ایڈ ایشیا لاہور 2019 کے حوالے سے کراچی میں تعارفی تقریب کا انعقاد، مارکیٹنگ اور ایڈورٹائزنگ سے وابستہ شخصیات نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر سابق وفاقی وزیر اطلاعات اور پاکستانی ایڈورٹائزنگ کی نامور شخصیت جاوید جبار نے کہا کہ 30 سال کے بعد ایڈ ایشیا کانفرنس کی ایک مرتبہ پھر میزبانی کرنا پاکستان کیلئے بہت بڑے اعزاز کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

کراچی: بدنام زمانہ مطلوب اسمگلر گرفتار، 2 درجن گاڑیاں برآمد

کراچی (سٹاف رپورٹر) کسٹم حکام نے بدنام زمانہ مطلوب اسمگلر کو گرفتار کر کے اس کی نشاندہی پر کروڑوں روپے مالیت کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

ن لیگ کا چیف جسٹس سے رانا ثناء اللہ کی گرفتاری پر نوٹس لینے کا مطالبہ

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کی ترجمان مریم اورنگزیب نے چیف جسٹس پاکستان سے رانا ثناء اللہ کیس کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

رانا ثناء کے جوڈیشل ریمانڈ میں مزید توسیع، بحث کیلئے پراسیکیوٹر طلب

لاہور (نیوز رپورٹر، خصوصی رپورٹر) انسداد منشیات کی عدالت نے منشیات کیس میں مسلم لیگ رہنما رانا ثناء اللہ کے جوڈیشل ریمانڈ میں مزید 14 روز کی توسیع کرتے ہوئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

تعلیمی اداروں میں حجاب کیلئے مہم ''حجاب حکم قرآن'' ٹاپ ٹرینڈ

سوشل میڈیا پر سکولوں میں حجاب اور عبایا کو لازمی قرار دینے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر مہم چل پڑی ہے اور اس حوالے سے ٹویٹر پر صارفین مختلف پوسٹوں اور ٹویٹس میں سکولوں میں لڑکیوں کو حجاب اور عبایا پہننے کو لازمی قرار دینے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ''حجاب حکم قرآن'' کا ہیش ٹیگ بھی ٹاپ ٹرینڈ بنا ہوا ہے، اس حوالے سے ضلع (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)



اداکارہ مہوش حیات ایک بار پھر تنقید کا نشانہ بن گئیں

اداکارہ مہوش حیات کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ایک بار پھر شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ گزشتہ روز اداکارہ مہوش حیات نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر متحدہ عرب امارات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ٹویٹ کیا تھا اور لکھا تھا کہ ''میں متحدہ عرب امارات کا شکریہ جس نے مجھے یو ایس اوپن ٹینس کا فائنل دیکھنے کے لیے دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ رافیل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

وزیرستان کے سریلے مکینک کے گانے نے دھوم مچادی

سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو بہت مقبول ہو رہی ہے جس میں ایک مکینک اپنی خوبصورت آواز میں گانا پیش کر رہا ہے۔ وزیرستان سے تعلق رکھنے والے تو صیف ایک سریلے مکینک ہیں۔ ویڈیو میں ایک بندہ ان سے کہتا ہے کہ ''توصیف بھائی میری بائیک کا سریلا سا کام کر دیں'' بائیک میں کام کروانے والے نے ساتھ کچھ گنگنانے کی بھی فرمائش کی۔ توصیف نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

جہالت کی انتہا، جنازے پر نوٹوں کی بارش، صارفین کی تنقید

شادی بیاہ کی تقریبات میں اکثر اوقات نوٹوں کی بارش کر کے اپنی خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اپنی شادی کو یادگار بنانے کا خواب تو ہر کسی کا ہوتا ہے، ہر کوئی اپنی شادی کو یادگار بنانے کے لیے نت نئے طریقے آزماتا ہے کوئی باراتیوں میں ڈبہ پیک فون تقسیم کرتا ہے تو کوئی اپنی بیوی کو روبوٹ تحفے میں دے دیتا ہے۔ تاہم اب سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو سامنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

بھارتی گلوکار نے فرحان سعید کا گانا چوری کرلیا

سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر پاکستانی گلوکار فرحان سعید نے ایک ٹویٹ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ''سلیم مرچنٹ کا گانا 'پیریا' کسی نے مجھے بھیجا ہے، جو میرے گانے 'روئیاں' سے کاپی کیا گیا ہے۔ انہیں نے لکھا کہ مجھے حیرت ہے دوسروں کا کام چوری کر کے خود کو فنکار کہلانے کی ہمت ان میں کہاں سے آتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی لکھا کہ گانا اگر لیجنڈ ہی ہے تو ایک مرتبہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

مقبوضہ کشمیر میں سسکتی انسانیت کو بچایا جائے، آل پارٹیز کانفرنس

آزاد ریاست میں مظلوم کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے بڑے اجتماعات کرانے کا فیصلہ، کمیٹی قائم

5 اگست، 5 مارچ کی تاریخ عمران خان کی اپیل پر موثر، یورپی یونین انسانیت کو بچانا چاہتی ہے تو فوری مداخلت کرے، وزیراعظم فاروق حیدر

اسلام آباد (صباح نیوز، نمائندہ خصوصی) وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے اندر بدترین لاک ڈاؤن کو 40 روز گزر گئے ہیں۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

کوئٹہ: امیر جماعت اسلامی سراج الحق مشاورتی جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں (فوٹو: آئی این پی)

40 وفاقی وزارتوں میں 15 ہزار 673 ارب کی بے ضابطگیاں

51 کیسز میں کمزور مالی انتظامات کی نشاندہی، آڈیٹر جنرل کی رپورٹ پارلیمنٹ کو ارسال

اسلام آباد (اے این این) مالی سال 2017-18 میں وفاقی وزارتوں میں 15 ہزار 673 ارب روپے کی بے قاعدگیوں اور بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈیٹر جنرل پاکستان نے 40 وفاقی محکموں کی گزشتہ مالی سال کی آڈٹ رپورٹ پارلیمنٹ کو بھجوائی ہے جس میں 51 کیسز میں 14 ہزار 562 ارب روپے کی کمزور مالی انتظامات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

بزدار سے کہا ہے دلیری سے کام کریں، پرویز الٰہی

عمران خان نے مسئلہ کشمیر جانداری سے اٹھایا، قائم مقام گورنر، وزیراعلیٰ کا دورہ

وزیراعلیٰ: قائم مقام گورنر پنجاب چودھری پرویز الٰہی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے مسئلہ کشمیر جانداری سے اٹھایا، قائم مقام گورنر، وزیراعلیٰ کا دورہ

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے مسئلہ کشمیر جانداری سے اٹھایا، قائم مقام گورنر چودھری پرویز الٰہی کا دورہ

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے مسئلہ کشمیر جانداری سے اٹھایا، قائم مقام گورنر، وزیراعلیٰ

اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، گوجرانوالہ، ملتان اور کراچی سے بیک وقت اشاعت
www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
روزنامہ
جہان پاکستان
اسلام آباد
اتوار 15 محرم الحرام 1441ھ 15 ستمبر 2019ء

اقوام متحدہ کا شام میں ہسپتالوں پر بمباری کی تحقیقات کا اعلان

ادلب میں جنگ بندی کے باوجود حملے، 6 جاں بحق

30 ستمبر سے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کردیا جائیگا: بشار حکومت نے ادلب کے دیہی علاقے میں میزائل داغے، جاں بحق ہونیوالوں میں بچی بھی شامل: شام میں جنگ ختم ہوچکی، روسی وزیر خارجہ

نیویارک، دمشق، اسکو (مانیٹرنگ ڈیسک، ایجنسیاں) اقوام متحدہ نے شام میں ہسپتالوں پر بمباری کے واقعات کی تفتیش کرانے کا اعلان کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کا ایک داخلی کمیشن اس کی رپورٹ جنرل سیکرٹری انتونیو گوٹیرش کو پیش کریگا۔ اس حوالے سے 30 ستمبر کو باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کردیا جائیگا۔ حال ہی میں متعدد شامی ہسپتالوں پر بمباری کے نتیجے میں درجنوں افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ دریں اثناء باغیوں سے فائر بندی لاگو ہونے کے باوجود بشار حکومت نے ادلب کے دیہی علاقے میں میزائل حملے کیے۔ اس کے نتیجے میں 6 شہری موت کی نیند سو گئے جن میں ایک بچی شامل ہے۔ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاروف کا کہنا ہے کہ شام میں جنگ ختم ہوچکی۔ روسی اخبار کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اب صرف ادلب اور دریائے فرات کے مشرقی کنارے جیسے علاقوں میں کشیدگی کے بادل چھائے ہوئے جو شامی حکومت کے زیر کنٹرول نہیں ہیں۔

بغداد: عراقی وزیر برائے توانائی انرجی فورم سے خطاب کررہے ہیں

سعودی عدالت کا کمپنی کی گاڑیاں نیلام کرکے تنخواہیں ادا کرنیکا حکم

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی عدالت نے کمپنی کی گاڑیاں نیلام کرکے ملازمین کو تنخواہیں ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی عرب کے علاقہ الباحہ میں مقامی تعمیراتی کمپنی کے ملازمین نے دو سال سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف مقامی عدالت سے رجوع کیا تھا۔

ادلب بحران: روس، ترکی، ایران کا سہ فریقی اجلاس کل ہوگا

صدور شریک ہونگے، ایران جوہری معاہدے کی خلاف ورزی نہ کرے، روس کا انتباہ

ادلب (این این آئی) روس، ترکی اور ایران کے رہنما کل اتوار کو ہونے والے ایک اجلاس میں شام کے صوبے ادلب میں جاری بحران پر خیال آرائی کرینگے۔ سربراہ اجلاس میں روسی صدر ولادیمیر پوتن، ترک صدر اردگان اور ایرانی صدر حسن روحانی شرکت کرینگے۔ کریملن کے ایک سینئر عہدیدار یوری اوشاکوف نے کہا کہ روس نے ایران سے کہا ہے کہ وہ ایسی کسی بھی کارروائی سے باز رہے جس کے نتیجے میں جوہری معاہدہ مزید خطرے سے دوچار ہو۔ جو پہلے ہی امریکا کے یکطرفہ انخلا سے متاثر ہوچکا ہے۔ حال ہی میں روسی وزیر خارجہ سرگئی لاروف نے کہا تھا کہ شام میں جنگ ختم ہوگئی ہے اور شام آہستہ آہستہ معمول کے پرامن زندگی میں واپس آرہا ہے۔

9/11 حملے، امریکہ میں قومی ہنگامی حالت کی مدت میں توسیع

واشنگٹن (اے پی پی) امریکی صدر نے 9/11 دہشتگرد حملوں کے بعد نافذ ہونے والی قومی ہنگامی حالت کی مدت میں توسیع کردی ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ نے کانگریس کے نام ایک پیغام میں دہشتگرد حملوں سے متعلق قومی ہنگامی حالت کی مدت بڑھادی ہے۔

برکینا فاسو: افریقی ممالک کی تنظیم جی 5 کی سیکورٹی کونفرنس میں مختلف ملکوں کے مندوبین شریک ہیں

امریکی صدر سے ذاتی تعلق، روسی ایئر ڈیفنس سسٹم کی خریداری کے بعد پیدا ہونیوالی کشیدگی پر قابو پاسکتے ہیں، اردگان

ترکی کا امریکہ سے پیٹریاٹ میزائل خریدنے کا فیصلہ

واشنگٹن اتحادی ملک کو مزید نقصان نہیں پہنچانا چاہے گا اور یہ کوئی مناسب برتاؤ بھی نہیں، ٹرمپ سے 2 ہفتے پہلے بات ہوئی، رواں ماہ خریداری کے سلسلے میں مزید بات کرونگا، ترک صدر

انقرہ (اے پی پی) ترکی نے امریکہ سے پیٹریاٹ میزائل خریدنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لئے ترک صدر نے اپنے امریکی ہم منصب سے رابطہ بھی کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ میں ترک صدر رجب طیب اردگان نے کہا کہ وہ رواں ماہ امریکی صدر سے پیٹریاٹ میزائل کی خریداری کے سلسلے میں بات کرینگے۔ طیب اردگان کا کہنا تھا کہ امریکی صدر سے ان کا ذاتی تعلق روس سے ایئر ڈیفنس سسٹم کی خریداری کے بعد پیدا ہونے والی ترک امریکہ کشیدگی پر قابو پاسکتا ہے۔ ترک صدر نے مزید کہا کہ ان کی امریکی صدر ٹرمپ سے پیٹریاٹ میزائل کی خریداری کے حوالے سے دو ہفتے قبل فون پر بات ہوئی تھی، اب اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں امریکی صدر سے ہونے والی ملاقات میں اس حوالے سے حتمی بات ہوگی۔ طیب اردگان نے بتایا کہ انہوں نے امریکی صدر سے کہا کہ ہم آپ سے پیٹریاٹ میزائل ایک خاص رقم پر لینا چاہتے ہیں۔ ترک صدر نے کہا کہ جب ان کی ملاقات ہوگی تو اس حوالے سے ایک بڑی ڈیل پر بات کرینگے۔ طیب اردگان کا مزید کہنا تھا کہ ان کی نظر میں امریکہ جیسا ملک اپنے اتحادی ملک ترکی کو مزید نقصان نہیں پہنچانا چاہے گا اور یہ کوئی مناسب برتاؤ نہیں ہے۔

بانگ کانگ میں مظاہرے کے دوران چین کے حامی اور مخالفین ایک دوسرے سے گتھم گتھا ہیں

لیبیا: کیمپ پر ڈرون حملہ، کرنل سمیت 3 فوجی ہلاک

ترہونا میں کارروائی کی گئی، ہلاک ہونے والوں میں ایک کیپٹن بھی شامل

طرابلس (اے پی پی) لیبیا کے شہر ترہونا میں فوجی کیمپ پر دہشت گردوں نے ڈرون سے حملہ کیا، جس میں تین فوجی ہلاک ہوئے۔ یہ اطلاع لیبیا کی فوج نے ایک بیان میں دی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق لیفٹ مارشل خلیفہ حفتار نے بتایا کہ اس حملہ میں ایک کرنل، ایک کیپٹن اور فوجی کی موت سے فخر وہ ہوں جو دہشت گردوں کی طرف سے کیے گئے حملے میں مارے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ لیبیا میں ایک عشرے سے متحارب گروہ برسرِ اقتدار ہیں۔

مسئلہ فلسطین عالم عرب کیلئے مسائل کی ماں ہے: قطر

عالمی قراردادوں کے مطابق حل تک خطے میں امن قائم نہیں ہوسکتا، وزیر خارجہ

دوحہ (اے پی پی) قطر کے وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمان آلثانی نے کہا ہے کہ مسئلہ فلسطین عرب ممالک کیلئے مسائل کی ماں کا درجہ رکھتا ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق عبدالرحمان نے کہا کہ قضیہ فلسطین کے دیرپا منصفانہ اور عالمی قراردادوں کے مطابق حل تک خطے میں امن قائم نہیں ہوسکتا۔ قطری وزیر خارجہ آلثانی کا کہنا تھا کہ فلسطینی قوم کے خلاف اسرائیلی ریاست کے ظلم کے تسلسل کو قبول نہیں کرتے، مسئلہ فلسطین کے حوالے سے ہمارا موقف واضح اور دوٹوک ہے، ہم عرب بھائیوں کے ساتھ مگر فلسطینیوں کی ہر ممکن مدد جاری رکھیں گے۔

جرمنی اٹلی آنیوالے 25 فیصد مہاجرین کو سیاسی پناہ دیگا

طے شدہ منصوبے میں تبدیلی نہ ہوئی تو ہر چوتھے مہاجر کو لایا جائیگا، وزیر خارجہ

برلن (این این آئی) جرمن حکومت سمندری راستوں سے اٹلی پہنچنے والے پچیس فیصد مہاجرین کو اپنے ہاں سیاسی پناہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جرمن وزیر داخلہ ہورسٹ زیہوفر کا کہنا تھا کہ کسی بھی مہاجر کو ڈوبنے نہیں دیا جائے گا۔ جرمن وزیر داخلہ کے مطابق اطالوی حکومت کے ساتھ طے شدہ منصوبے میں تبدیلی نہ ہوئی تو ہر چوتھے مہاجر کو جرمنی میں لایا جائے گا۔ ابھی تک بھی جن مہاجرین کو ڈوبنے سے بچایا گیا پہنچایا گیا ہے، ان میں سے ہر چوتھا مہاجر جرمنی پہنچا ہے۔ زیہوفر کا کہنا تھا کہ یہ نظام ختم ہونا چاہیے کہ مہاجرین کو ڈوبنے سے بچانے والے بحری جہازوں کو بندرگاہوں پر مہینوں انتظار کرنا پڑتا ہے اور کوئی انہیں قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتا۔

بیٹی کا کالج داخلہ: رشوت دینے پر نامور امریکی اداکارہ گرفتار

اداکارہ کو 14 روز جیل، 30 ہزار ڈالر جرمانہ، 250 گھنٹے کمیونٹی سروس کی سزا

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی اداکارہ فیلیسٹی ہفمین کو بیٹی کے کالج میں داخلے کیلئے رشوت دینے پر گرفتار کرلیا گیا۔ فلم ڈی ڈیسپریٹ بائس وائیوز کی مقبول اداکارہ فیلیسٹی ہفمین کیخلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا کہ جس میں درخواست گزار نے موقف اختیار کیا تھا کہ اپنی بیٹی کا کالج میں داخلے کیلئے رشوت دی تھی۔ تاہم اب امریکی اداکارہ نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے مئی 2017 میں اپنی بیٹی کے کالج میں داخلے کیلئے 15 ہزار ڈالر کی رشوت دی تھی جس پر وہ شرمندہ ہیں لیکن یہ صرف اس لئے تھا کہ وہ ایک اچھی ماں بننا چاہتی ہیں۔ برطانوی اشرپائی ادارے کی رپورٹ کے مطابق امریکی عدالت نے کالج ایڈمیشن سکینڈل پر اداکارہ کو سزا سناتے ہوئے 14 روز جیل کی سزا اور 30 ہزار ڈالر کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ اس کے علاوہ اداکارہ کو 250 گھنٹے کی کمیونٹی سروس بھی انجام دینی ہوگی۔

ایران نے آئل ٹینکر کے حوالے سے بدعہدی کی: جبرالٹر

ٹینکر کو خیر سگالی اور خودمختار ریاست کے وعدوں کی بنیاد پر چھوڑا، وزیر

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک، این این آئی) جبرالٹر کے جہاز رانی کے وزیر نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے خطے کے وسیع تر مفاد میں ایرانی آئل ٹینکر اور ریان دار یا 1 چھوڑ دیا تھا مگر تہران نے اپنے وعدے پورے نہیں کیے۔ ایران نے یقین دہانی کرائی تھی کہ تیل بردار جہاز لادا گیا خام تیل شام کو فروخت نہیں کرے گا مگر اس نے اس کے برعکس دمشق کو تیل فروخت کرنے کی بدعہدی کی ہے۔ خیال رہے کہ 4 جولائی کو برطانوی کوشش فورسز نے گریس 1 نامی ٹینکر کو اس شبہ میں پکڑا کہ وہ یورپی یونین کی پابندیوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شام جا رہا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جبرالٹر نے ایران سے تحریری ضمانت حاصل کرنے کے بعد 15 اگست کو یہ ٹینکر چھوڑ دیا تھا۔

ٹویٹر نے کیوبا کمیونسٹ پارٹی کے لیڈر راول کاسترو کا اکاؤنٹ بند کردیا

ہوانا (اے پی پی) ٹویٹر نے کیوبا کے کمیونسٹ پارٹی لیڈر راول کاسترو، ان کی بیٹی مارلنا کاسترو اور سرکاری کنٹرول کے میڈیا اداروں کے اکاؤنٹس بند کردیے۔ ٹویٹر نے ان اکاؤنٹس پر کیوبا کی انجمن صحافت نے ٹویٹر انتظامیہ کے خلاف احتجاج کیا ہے۔

دنیا میں صرف ایک چین امریکہ حقائق کا احترام کرے، وزارت خارجہ

واشنگٹن کا رویہ ناقابل قبول، پرامن بقائے باہمی کی بنیاد پر تعاون پر تیار ہیں، ترجمان: ہانگ کانگ میں بیجنگ کے حق میں مظاہرے

بیجنگ (آئی این پی) دنیا میں صرف ایک چین ہے، امریکہ حقائق کا احترام کرے، چین پر امن بقائے باہمی کے پانچ اصولوں کی بنیاد پر دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ دوستی اور تعاون کو فروغ دینے کیلئے تیار ہے۔ ان خیالات کا اظہار چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ہوا چن ینگ نے پیر کے روز امریکہ کی طرف سے جزیرہ سائوتھ کو چین کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے کے فیصلے پر دارالحکومت دینے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کا غیر اخلاقی رویہ ناقابل قبول ہے۔ دریں اثناء ہانگ کانگ کے ہزاروں شہریوں نے مغربی کوولون کے شاپنگ سینٹر پر بیجنگ کے حق میں مظاہرہ کیا۔

سپین: بارشوں وسیلاب کے باعث 15 افراد ہلاک، ہزاروں بے گھر

میڈرڈ (آن لائن) سپین کے جنوب مشرق میں سیلاب سے 5 افراد ہلاک جبکہ 3500 بے گھر ہوگئے۔ مقامی میڈیا رپورٹ کے مطابق والینسیا، مارسیا اور مشرقی اینڈ لوسیا میں طوفانی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے جس سے باندھوں کو توڑ کر پانی کئی علاقوں میں گھس گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے مزید بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔

جاپان میں 100 سالہ شہریوں کی تعداد 70 ہزار سے متجاوز

صد سالہ شہریوں کی تعداد 71238 ہوچکی، 88 فیصد خواتین ہیں، حکام

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں ایک سو سال سے زائد عمر کے شہریوں کی تعداد پہلی بار 70 ہزار سے تجاوز کرگئی ہے۔ دنیا کی اس تیسری بڑی معیشت میں 71238 شہری ایسے ہیں جن کی عمریں ایک سو برس یا اس سے بھی زیادہ ہوچکی ہیں۔ حکومتی اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ ان میں سے اکثریت 88 فیصد خواتین ہیں۔

نیپال: تودے تلے دب کر 16 افراد ہلاک

کھٹمنڈو (آئی این پی) نیپال میں 16 افراد مٹی کے تودے تلے دب کر ہلاک ہوگئے، مرنے والوں میں ایک ہی خاندان کے 8 افراد شامل ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق بارشوں کے باعث مٹی کا بھاری تودہ آبادی پر آگرا۔

یمن میں باغیوں کی شیلنگ، خواتین اور بچوں سمیت 13 شہری ہلاک

حوثی باغیوں نے الحدیدہ اور تعز صوبوں میں کارروائیاں کیں، ایک گولہ گھر کے نزدیک آگرا، 2 بچے زد میں آگئے، ٹریفک حادثے میں 6 اماراتی فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق

صنعاء (مانیٹرنگ ڈیسک) یمنی سکیورٹی حکام کے مطابق حوثی باغیوں کی بمباری سے 13 عام شہری مارے گئے ہیں۔ یمنی حکومت کے جاری کردہ بیان کے مطابق الحدیدہ اور تعز صوبوں میں حوثی باغیوں کی ان کارروائیوں میں بچے اور خواتین بھی مارے گئے ہیں۔ تعز کے مشرق میں حوثی ملیشیا کی گولہ باری کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے دو بچے جاں بحق اور تیسرا زخمی ہو گیا۔ حوثی باغیوں نے تعز شہر کے مشرق میں واقع ضلع صالہ میں رہائشی علاقوں کو مارٹر گولوں سے نشانہ بنایا۔ ان میں ایک گولہ صہیل ضلع کے علاقے میں ایک گھر کے نزدیک گرا۔ اس کے نتیجے میں دو بہن بھائی 3 سالہ قیس اور 9 سالہ سماح موت کی نیند سو گئے۔ قبل ازیں متحدہ عرب امارات کے حکام نے بھی تصدیق کرتے ہوئے کہا تھا کہ یمن میں ایک حادثے کے نتیجے میں ان کے چھ فوجی ہلاک ہو گئے ہیں۔ حکام نے اس حادثے کی نوعیت، مقام اور وقت کے بارے میں تفصیلات نہیں بتائیں۔

روس، چین تعلقات مثالی، کوئی تیسرا اثر انداز نہیں ہوسکتا، روسی وزیر خارجہ

ماسکو (اے پی پی) روس کے وزیر خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ روس اور چین میں تعلقات اتنے گہرے ہیں کہ کوئی تیسرا ملک ان پر اثر انداز نہیں ہوسکتا۔

روس کا ڈالر کے بجائے دیگر کرنسیوں میں بیرونی قرضے لینے کا اعلان

ماسکو (اے پی پی) روس کے وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ ان کا ملک آئندہ سال سے بیرونی قرضوں کا حصول ڈالر کے بدلے یورو یا چینی یوآن میں کرسکتا ہے۔

2 ایرانی کمپنیوں میں گیس فیلڈ کی تیاری کیلئے 440 ملین ڈالر کا معاہدہ

تہران (آن لائن) دو ایرانی کمپنیوں نے خلیج فارس میں ایک گیس فیلڈ کی تیاری کے لئے بلند کے روڈ 440 ملین ڈالر کے معاہدے پر دستخط کردیے ہیں۔

سعودی عرب کا آئندہ ماہ سے یومیہ ایک کروڑ بیرل تیل نکالنے کا اعلان

ریاض (اے پی پی) سعودی وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان نے اعلان کیا ہے کہ سعودی عرب اکتوبر سے یومیہ 9.890 ملین بیرل پٹرول نکالے گا۔ سعودی میڈیا کے مطابق وزیر توانائی نے کہا کہ تیل پیداوار میں بھاری کمی کے موضوع پر بحث اوپیک کے آئندہ اجلاس میں ہوگی۔

ایڈورڈ سنوڈن یورپی ملک میں سیاسی پناہ کیلئے پرامید

ٹرمپ، بورس جانسن کی کامیابی عارضی نہیں، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی خفیہ ایجنسی این ایس اے کے سابق اہلکار ایڈورڈ سنوڈن نے امید کا اظہار کیا ہے کہ انہیں جرمنی یا پھر کسی دوسرے یورپی ملک میں سیاسی پناہ دے دی جائیگی۔ ایڈورڈ سنوڈن نے 2013 میں امریکہ کے خفیہ راز افشا کئے تھے۔ 36 سالہ سنوڈن کا کہنا تھا کہ امریکہ میں ٹرمپ، برطانیہ میں بورس جانسن اور جرمنی میں دائیں بازو کے سیاستدانوں کی کامیابیوں کو عارضی نہ سمجھا جائے۔

عوام کریٹ سرکاری ملازمین کو گولی مار دیں، فلپائنی صدر

قتل نہ کریں، صرف زخمی کردیں، اقدام پر عوام کو جیل نہیں جانے دینگے، آپ کو صرف جسمانی سزا ملے گی، صدر روڈریگو ڈوٹیرتے

فلپائن (این این آئی) فلپائن کے صدر روڈریگو ڈوٹیرتے نے عوام کو اجازت دی ہے کہ وہ ایسے سرکاری ملازمین کو گولی مار دیں جو رشوت لیتے ہوں اور کرپشن میں ملوث ہوں تاہم انہیں قتل نہ کریں، صرف زخمی کر دیں۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق صدر نے عوام سے کہا کہ احتیاط سے کام لیتے ہوئے راشی اور بدعنوان افسر کو گولی مار کر زخمی کرنا ہے کیونکہ اس کی ہلاکت کی صورت میں مجھے قانونی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی کو قتل کرنے کا نہیں کہہ رہا، صرف ٹانگ پر گولی مارنے کا کہہ رہا ہوں۔ صدر نے عوام سے وعدہ کیا کہ اس اقدام پر عوام کو جیل نہیں جانا پڑے گا، پولیس کی ادائیگی کے معاملے میں یا کوئی سرٹیفکیٹ یا دستاویز بنوانے کے لئے اگر کوئی سرکاری ملازم آپ سے رشوت طلب کرے تو جتھیار ہونے کی صورت میں آپ اسے گولی مار سکتے ہیں۔ سخت گیر قانونی صدر نے عوام سے وعدہ کیا کہ اس اقدام پر عوام کو جیل نہیں جانا پڑے گا، آپ کو صرف جسمانی سزا ملے گی۔

ایران حزب اللہ کے گرد مزید گھیرا تنگ کرینگے، امریکہ کی دھمکی

حزب اللہ کو جنوبی امریکہ کے منشیات کے کاروبار سے پیسہ ملتا ہے اور منی لانڈرنگ کے ذریعہ رقم وصول کی جاتی ہے، محکمہ خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت خزانہ کے سیکرٹری، مرنل ہنٹسلی نے کہا ہے کہ امریکہ حزب اللہ، ایران کی قدس فورس اور ایرانی حکومت کے گرد گھیرا تنگ کرنے کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑے گا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران پر انتہائی مالی اور معاشی دباؤ کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ حزب اللہ پر امریکی پابندیوں کے اثرات ظاہر ہو رہے ہیں۔ امریکی وزارت خزانہ نے لبنانی فلیشیا کے مالیاتی نیٹ ورک کو ختم کرنے میں مدد کرنے والوں کے لئے مالی انعامات مقرر کئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق واشنگٹن میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امریکی نائب وزیر خزانہ نے کہا کہ حزب اللہ کو جنوبی امریکہ کے منشیات کے کاروبار سے پیسہ ملتا ہے اور منی لانڈرنگ کے ذریعہ یہ رقم وصول کی جاتی ہے۔ جنوبی امریکی ملکوں میں حزب اللہ کے مقرب افراد اور کمپنیاں رقوم بھیجتی ہیں جو خود کش بمباروں کے اہل خانہ کی کفالت پر صرف کی جاتی ہے۔

سعودی عرب کی عمرہ ویزے آن لائن کرنے کی ہدایت

زائرین کو پہلے سعودی عمرہ کمپنی کے غیر ملکی ایجنٹ کا انتخاب کرنا ہوگا، حکام

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک، این این آئی) سعودی عرب نے عمرہ زائرین کے لئے ویزے آن لائن جاری کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی وزارت حج و عمرہ نے ایک بیان میں کہا کہ زائرین کو آئندہ عمرہ پیکیج فیس اپنے وطن میں ہی ادا کرنی ہوگی۔ وزارت حج کے مطابق تمام کمپنیوں اور اداروں کو عمرہ ویزے آن لائن جاری کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ نئی ہدایات کے مطابق عمرہ زائرین کو پہلے سعودی عمرہ کمپنی کے غیر ملکی ایجنٹ اور پھر عمرہ پیکیج کا انتخاب کرنا ہوگا، عمرہ پیکیج مطلوبہ خدمات اور سعودی عرب کے دو طرفہ ٹکٹ پر مشتمل ہوگا۔

ونیزویلا اپنا دفاع کرنے کیلئے تیار ہے، وزیر خارجہ ایریزا

ہم کسی کو بھی اپنی مقدس سرزمین پر گھسنے نہیں دینگے، پریس کانفرنس

ہیوسٹن (آن لائن) ونیزویلا اپنے دفاع کرنے کے لئے تیار ہے، یہ بات وزیر خارجہ جارج ایریزا نے گزشتہ روز ہیوسٹن جب واشنگٹن میں ایک علاقائی دفاعی معاہدہ ختم کردیا جس قسم کے اقدام کو بروز فراہم کرسکتا تھا۔ ایریزا نے ہیوسٹن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ہم کسی کو مقدس سرزمین پر گھسنے نہیں دینگے۔

جاپان کا شمالی کوریا سے احتجاج

ٹوکیو (اے پی پی) جاپان کے چیف کابینہ سیکرٹری یوشی ہیدے سوگا کا کہنا ہے کہ گزشتہ ماہ جاپان کے خصوصی اقتصادی زون میں مشتبہ طور پر شمالی کوریا کے جنگی جہازوں کے داخلے پر حکومت نے احتجاج درج کرایا ہے۔

جاپان میں جنگ بندی کے باوجود حملے، 6 جاں بحق

ایران حزب اللہ کے گرد مزید گھیرا تنگ کرینگے، امریکہ کی دھمکی

عوام کریٹ سرکاری ملازمین کو گولی ماردیں، فلپائنی صدر

سعودی عرب کی عمرہ ویزے آن لائن کرنے کی ہدایت

یمن میں باغیوں کی شیلنگ، خواتین اور بچوں سمیت 13 شہری ہلاک

جاپان میں 100 سالہ شہریوں کی تعداد 70 ہزار سے متجاوز

دنیا میں صرف ایک چین امریکہ حقائق کا احترام کرے، وزارت خارجہ

ایران نے آئل ٹینکر کے حوالے سے بدعہدی کی: جبرالٹر

دفتر سے تنگ چینی شہری نے 14 ہزار ڈالر سڑک پر اڑا دیئے

ہوانگ ڈانٹ ڈپٹ کی وجہ سے الجھن اور چڑچڑاہٹ کا شکار تھا، دفتری ساتھی

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں ایک شخص نے دفتر سے بیزار ہو کر سڑک پر 14 ہزار ڈالر اڑا دیئے جسے لوگوں نے فوری طور پر لیا لیکن جب اس شخص کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے وہی پیسے واپس مانگنا شروع کردیئے۔ چین کے صوبے فوجیان کے شی شی شہر میں 42 سالہ ہوانگ نامی شہری نے پیک سے 14 ہزار سے زائد ڈالرز نکالے تھے جسے اس نے سڑک پر ٹریفک جام ہونے کے سبب غصے میں اڑا دیئے جسے اردگرد موجود تمام راہ گیروں نے فوراً سمیٹ لئے۔ ہوانگ کے دفتر ساتھی بتاتے ہیں کہ اس کا یہ ان آفس میں بہت برا گزرا تھا اور ڈانٹ ڈپٹ کی وجہ سے کافی الجھن اور چڑچڑاہٹ کا شکار تھا۔

ماہرین کی مچھروں سے بچاؤ کیلئے نئی کوششیں شروع

مچھر ایک مہلک مخلوق ہیں جو ہر سال لاکھوں اموات کا سبب بنتے ہیں

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) مچھروں پر تحقیق کے دوران معلوم ہوا ہے کہ مچھر اپنے پروں کی مدد سے بھنبھناتے ہیں اور یہ آواز ان کے تولیدی عمل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ مچھر اپنے جنس مخالف کو اس بھنبھناہٹ سے تلاش کرتے ہیں۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سائنسدانوں کا خیال ہے کہ وہ اس آواز میں خلل ڈال کر مچھروں کے مسئلے کا تدارک کرسکتے ہیں۔ سائنسدان مچھروں کے بھنبھنانے کی آواز کی مدد سے ان کی آبادی کو کم کرنے پر تحقیق کررہے ہیں اور انہیں انسانی آبادی سے دور رکھنے کے طریقے تلاش کررہے ہیں۔ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ مادہ مچھر کے پروں کا وزن کم ہوتا ہے، اسی لئے اس کی بھنبھناہٹ ہلکی ہوتی ہے۔

22 سال سے گمشدہ شخص کو گوگل میپ سے ڈھونڈ لیا گیا

1997 کو فلوریڈا کے علاقے لیہانا سے 40 سالہ ولیم مولٹ لاپتہ ہوگئے تھے

فلوریڈا (مانیٹرنگ ڈیسک) گوگل میپ نے لگ بھگ 22 سال سے لاپتہ شخص کی گمشدگی کا معمہ حل کر دیا۔ گوگل میپ میں ایک جگہ اتھلے پانی میں ڈوبی کار دکھائی دی جس سے 1997 سے غائب ایک شخص کی باقیات برآمد ہوئی ہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق 7 نومبر 1997 کو فلوریڈا کے علاقے لیہانا سے 40 سالہ ولیم مولٹ لاپتہ ہوگئے تھے۔ وہ ایک نائٹ کلب گئے تھے اور واپس نہیں آئے۔ بہت تلاش کے بعد ان کا کوئی سراغ نہیں مل رہا تھا۔ اس سال 28 اگست کے روز 22 سال بعد پولیس نے کہا کہ واشنگٹن کے علاقے میں ایک گاڑی ملی ہے۔ یہ کار تالاب سے ملی ہے جس میں ایک انسانی ڈھانچہ ہے اور تحقیق کے بعد اسے ولیم کی باقیات قرار دیا گیا۔

زمین کی گرمی سے بیٹری چارج کرنیوالا کم خرچ نظام

آلدرات کے وقت زمین سے خارج ہونے والی حرارت سے بجلی بناتا ہے، ماہرین

لاس اینجلس (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا میں اس وقت ایک ارب سے زائد افراد بجلی کی نعمت سے محروم ہیں۔ اسی کے پیش نظر ایک نیا نظام بنایا گیا ہے جو رات کے وقت زمین سے خارج ہونے والی حرارت کو بجلی میں بدلتا ہے اور یوں پہلے مرحلے میں اس سے موبائل فون کے علاوہ ایل ای ڈی لائٹس کو روشن رکھنے والی بیٹریاں چارج کی جاسکتی ہیں۔ یہ آلدرات کے وقت زمین سے خارج ہونے والی گرمی یا حرارت سے بجلی بناتا ہے۔ اسے یونیورسٹی آف کیلی فورنیا لاس اینجلس کے سائنسدان ڈاکٹر آسوتھرامن نیاہران کے ساتھیوں نے بنایا ہے۔ اس ٹیکنالوجی میں تھرموالیکٹرک اثر سے برق پیدا کی جاتی ہے۔ یہ آلہ تھرموالیکٹرک اثر استعمال کرتے ہوئے بجلی بناتا ہے۔

اے ایمان والو اگر کوئی فاسق تمہارے پاس خبر لائے تو خوب تحقیق کرلیا کرو — القرآن

جہان پاکستان

اتوار 15 محرم الحرام 1441ھ
15 ستمبر 2019ء

1۔ گلوبل پلازہ، 2 آف رائیونڈ روڈ لاہور، فون: 042-35467350-54
6,7 گلوبل مارکیٹ جناح روڈ سہالہ، زون فائیو، اسلام آباد، فون: 051-2870901-06
C-75 شیر یاؤس، مین کورنگی روڈ، ڈی ایچ اے فیز 2، ایکسٹینشن کراچی، فون: 021-35319901-08
ملتان ریڈیو سٹیشن، خانیوال روڈ، ملتان، فون: 061-6772951

قومی سلامتی اور دفاع کیلئے ہر حد تک جایا جائے

وطن عزیز کی جغرافیائی حیثیت، علاقائی اہمیت اور عالمی سیاست میں کردار کا تقاضا ہے کہ قومی سلامتی اور دفاع کے باب میں ہر لمحہ بیدار رہا جائے۔ اس ضمن میں تشویش ناک امر یہ بھی ہے کہ مشرق میں بھارت ایسا کینہ پرور دشمن بھی دفاع کے لیے مستقل خطرے کی موجود ہے جبکہ مغرب میں افغانستان کی داخلی صورتحال ہمارے لیے سنگین سردی خطرات کا باعث ہے۔ ان دنوں بھی حالات یہ ہیں کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں جاری سفاکیت سے دنیا کی نظریں ہٹانے کے لیے لائن آف کنٹرول پر کشیدگی کی بدترین فضا پیدا کر رکھی ہے۔ گزشتہ روز بھی بھارتی افواج نے لائن آف کنٹرول پر اشتعال انگیزی کی جس کے نتیجے میں پاک فوج کا ایک جوان اور ایک خاتون شہید ہوئے جبکہ آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں 7 شہری زخمی ہو گئے۔ اس سے پہلے مغربی سرحد پر دہشت گردوں سے دو مختلف جھڑپوں کے دوران پاک فوج کے 4 جوان شہید اور ایک زخمی ہو گیا، جوابی کارروائی میں دو دہشت گرد مارے گئے۔

عسکری دفاع، قومی سلامتی اور داخلی امن کے منظر نامے کو دیکھا جائے تو ضرورت اس امر کی ہے کہ نہ صرف دفاعی صلاحیت میں اضافے بلکہ اندرونی و بیرونی دشمنوں کو جست و تابو کرنے میں ذرہ بھر کوتاہی کا مظاہرہ نہ کیا جائے۔ عجیب معاملات ہیں کہ پاکستان جتنا امن کے لیے کوششیں کرتا ہے، شر پسند قوتیں اتنی ہی بے شرمی و ڈھٹائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن دشمن حرکات پر اتر آتی ہیں۔ بعض اوقات تو دشمن قوتوں کے رویے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ امن کی خواہش کا مطلب کچھ اور لے رہی ہیں۔ عالمی برادری سے یہ حقیقت بھی پوشیدہ نہیں کہ بھارت اور افغانستان کے حکمرانوں کی طرف سے بسا اوقات ایسے بیانات سامنے آتے ہیں، جن کا سیدھا اور صاف مطلب پاکستان کے پُرامن موقف کو کمزوری تاثر کرنا ہوتا ہے۔ کل کے واقعات ہی کو دیکھا جائے تو ایک طرف بھارتی فوجیوں نے خنڈہ گردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لائن آف کنٹرول پر اشتعال انگیزی کی تو دوسری جانب افغان علاقے سے دہشت گرد عناصر نے سرحد پار باڑ لگانے والے پاکستانی فوجیوں پر حملہ کر دیا۔ ان واقعات کا صاف مطلب ہے کہ خطے کی سلامتی و استحکام کے لیے سرگرم پاکستان کی کوششوں کو براہ راست اور بالواسطہ طور پر ناکام بنانے کی سازشیں کی جا رہی ہیں۔ پاکستان کا جرم یہ ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کے خاتمے اور افغان امن عمل کی کامیابی کے لیے سرگرم ہے۔ پاکستان کا یہ قصور بھی ہے کہ امریکا، روس اور چین کو خطے میں سلامتی کے لیے کردار ادا کرنے پر زور دیتا رہا ہے۔ کشمیر کے تنازع کو حل کرنے کے لیے دنیا کے معتبر ممالک کی ثالثی تک کو قبول کرنے کی بات کر رہا ہے۔ پائیدار امن اور باہمی احترام کی بنیاد پر بھارت ایسے دشمن سے مذاکرات کی میز پر بیٹھنے کو تیار ہے۔ اس طرز عمل پر اگر پاکستان کی سرزمین پر دہشت گردی کے تانے بانے سرحدوں پر کشیدہ ماحول پیدا کرنے اور خطے میں اشتعال انگیزی کو ہمیز دینے کا رد عمل ہو گا تو بہتری یہی ہو گا کہ شر پسندوں، فسادیوں اور امن دشمنوں کے دانت کھٹے کرنے کے بجائے دانت توڑنے کی حکمت عملی اختیار کی جائے۔ یعنی سرحدوں کے اندر دہشت گردوں، ان کے پشت پناہوں اور سہولت کاروں کے لیے صفر برداشت کی پالیسی اختیار کی جائے۔ آپریشن ردالفساد کو آخری حد تک بروئے کار لاتے ہوئے کوئٹہ، کراچی، لاہور، راولپنڈی، پشاور سمیت ملک کے چپے چپے سے آخری شر پسند تک کو چن چن کر ختم کیا جائے۔ سرحدوں پر مشرق اور مغرب میں سخت خاتمی اقدامات کرنے کے ساتھ دشمن کی طرف سے کی جانے والی معمولی شرانگیزی کا بھی آہنی جواب دیا جائے۔ بھینسے بھی ہوتا آیا ہے، تاریخ انسانی کا سب سے بڑا سبق بھی یہی ہے کہ دشمنی پر آمادہ اور جارحیت سے پیچھے نہ ہٹنے والوں کو پوری قوت سے جواب دیا جانا چاہیے۔ یہ حقیقت بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ بعض حالات میں امن و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے طاقت و قوت کا فوری، بروقت اور بھرپور استعمال ناگزیر ہو جاتا ہے۔

الحمدللہ افواج پاکستان دنیا کی بہترین عسکری قوتوں میں سرفہرست ہیں۔ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت، قابلیت اور دفاعی اہلیت کی پوری دنیا معترف ہے۔ پاکستان کے پاس روایتی و غیر روایتی اسلحہ، جدید ترین فضائی و بحری قوت موجود ہے، بھارت ایسے دشمن کے مقابل ہم ایٹم بم سے میزائل ٹیکنالوجی تک کی صلاحیت سے بھی بہرہ ور ہیں۔ ان تمام حوصلہ افزا حقائق کے باوصف اگر سلامتی کی بات کی جاتی ہے تو پاکستانی قوم اور قیادت کی امن سے محبت کی دلیل ہے۔ اس کے باوجود دشمن یا شر پسند عناصر امن کی خواہش کو کسی بھی طرح، کسی بھی قسم کی کمزوری پر محمول کرتے ہیں تو پھر طاقت کا استعمال ضروری ہو جاتا ہے۔ اس لیے ملک کی سیاسی و عسکری قیادت کو آگے قدم پر آتے ہوئے طے کر لینا چاہیے کہ اب سمجھوتا، مصلحت یا مصالحت کی بے جا بات نہیں کی جائے گی۔ دشمن اگر امن، صلح جوئی اور مفاہمت کی بات نہیں سنتا تو اس کی ہر اشتعال انگیزی کا منہ توڑ جواب دیا جائے۔ اس ضمن میں یہ کہنا ہرگز غلط نہیں ہو گا کہ امن دشمنی میں بدمست دشمن پر پیار کی بات اثر انداز نہ ہو تو اس کے ہیجان، ہذیان اور بے ہنگم پن کو توپوں سے بھی درست کر دیا جانا چاہیے۔ لہٰذا امن، سلامتی، استحکام کو ہر لحاظ سے یقینی بنانے کے لیے شر پسندی اور اشتعال انگیزی کی ہر شکل کو بے رحمی سے کچل ڈالا جائے۔

قومی ایئر لائن کی بہتری، راست اقدامات ناگزیر!

گزرے وقتوں میں پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن (پی آئی اے) کا طوطی پوری دنیا میں بولتا تھا۔ معیار اور بہترین سروس میں اس کا ثانی نہ تھا۔ یہ وہ سنہرا دور تھا جب دنیا کی بعض معروف ایئر لائنوں کی آپ بیاری پی آئی اے کے ذریعے ہی ہوئی، آج وہ ترقیوں کی معراج پر پہنچی ہوئی ہیں جب کہ ان کی اساس میں اپنا بھرپور حصہ ڈالنے والا ادارہ (پی آئی اے) اپنی قسمت پر ماتم کناں دکھائی دیتا ہے۔ دیکھا جائے تو قومی ایئر لائن کے کٹھن دور کا آغاز ایک دم ہی نہیں ہو گیا تھا۔ بداحتظامی، اقربا پروری، سفارش کلچر ایسی دیمکوں نے اسے رفتہ رفتہ کھوکھلا کر کے رکھ چھوڑا۔ اس میں خدا خدا کر لانے کی جتنی بھی کوششیں کی گئیں، وہ سب بے سود ثابت ہوئیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ حالات مزید ابتر سے ابتر ترین ہوتے چلے گئے۔ آج یہ عالم ہے کہ یہ ادارہ نہ صرف خلائقات سے دوچار بلکہ قومی خزانے پر برسہا برس سے بھاری بھرکم بار ثابت ہو رہا ہے، صرف اسی پر کیا موقوف کئی سرکاری اداروں کو لگ بھگ یہی صورت حال درپیش ہے اور وہ تباہی کے دہانے پر پہنچے ہوئے ہیں۔ بدعنوانی کا عفریت اُن کے لیے سوہان روح بنا ہوا ہے۔ ایسے میں تمام سرکاری اداروں بشمول پی آئی اے کی درست خطوط پر بہتری اور بحالی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے لیکن اس جانب کسی کی توجہ ہی نہیں جاتی، اس حوالے سے چشم پوشی اختیار کی جاتی ہے، پھر کیونکر ملک و قوم کے لیے صورت حال موافق ہو سکتی ہے۔

قومی ایئر لائن کے حوالے سے ایک اچھی خبر "جہان پاکستان" میں تحقیقی رپورٹ کی صورت شائع ہوئی ہے، جس کے مطابق پی آئی اے نے مالی بحران سے نکلنے کے لیے سے بزنس پلان پر عمل درآمد شروع کر دیا۔ پاکستان سے ملائیشیا کے شہر کوالالمپور کے لیے پروازوں کا دوبارہ آغاز کرنے کی تیاریاں مکمل کر لیں جب کہ سعودی عرب سمیت دیگر ممالک روٹس کے لیے پروازیں شروع کرنے کی خاطر تیاریاں شروع کر دی گئیں جس کے لیے نومبر 2019 کے آخری ہفتے میں 2 ایئربس 320 طیارے ڈرائی لیز پر لے لیے جائیں گے۔ بلاشبہ یہ قومی ایئر لائن کا احسن فیصلہ ہے، صرف اسی پر بس نہ کیا جائے بلکہ ماضی میں منافع بخش ثابت ہونے والے دیگر روٹس پر بھی توجہ دی جائے اور وہاں کے لیے پروازوں کا دوبارہ سے آغاز کرنے کی منصوبہ بندی کی جائے۔ بہت سی لاحاصل کی جا چکی، اب از حد ضروری ہے کہ حکومت بھی قومی ایئر لائن کی بحالی پر خصوصی توجہ دے اور اس میں بہتری لانے کے لیے موثر حکمت عملی ترتیب دی جائے، جس کے تحت ہر وہ اقدامات کیے جائیں، جن سے اس ادارے کی بہتری کا پہلو نکلتا ہو۔ اس میں کسی شک و شبے کی گنجائش نہیں کہ اگر بعض سرکاری اداروں سے بدعنوانی سمیت دیگر تمام برائیوں اور خرابیوں کا قلع قمع کر دیا جائے، ان میں ایمان داری اور شفافیت کو فروغ دیا جائے تو اس کے ذریعے یہ ادارے ملک و قوم کے مفاد میں نہ صرف بہترین ثابت ہو سکتے بلکہ قومی خزانے میں اچھا خاصا نفع بھی پہنچا سکتے ہیں۔ بس نیک نیتی سے قدم آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔

ذرا دھیان رکھنا

نصف صدی سے یہ نعرہ سن رہے ہیں کہ کشمیر بنے گا پاکستان، وطن عزیز کو عزیز از جان سمجھنے والوں کیلئے اس میں ہمیشہ ہی اضافیت کا پہلو رہا ہے، جب بھی یہ نعرہ سنا، قومی لاغری، کمی، کمزوری کے باوجود اہل پاکستان کا خون بڑھتا نظر آیا، مسئلہ کشمیر عرصہ دراز بعد دنیا بھر میں نمایاں ہے اس کا سہرا کشمیریوں، ان کی قربانیوں کے ساتھ ساتھ موجودہ حکومت کے سر ہے۔ زمینی حقائق کے مطابق کشمیر کا علیحدہ وجھنڈا بن چکا ہے جو ہر اجتماع، ہر فورم پر لہرایا جاتا ہے۔ کشمیر کا ترانہ گنگنایا جاتا ہے، اس کی دھن بن چکی، یہ ریکارڈ ہو چکا، اب یہ ترانہ آزادی کشمیر کے حوالے سے ہر تقریب میں گایا جاتا ہے۔ کیا یہ سمجھ لیا جائے کہ کشمیر اب پاکستان کا حصہ نہیں بنے گا۔

کشمیر کی آزادی کے حوالے سے ایک عجیب سازش اس شخص کے زمانہ اقتدار میں ہوئی جس کی حب الوطنی پر کوئی شخص شک نہیں کر سکتا تھا، وہ تھا فاتح پاکستان کیلئے تین چکیلے لڑ چکا تھا۔ اس نے نواز شریف حکومت کا بوریا بستر گول کرنے کے بعد کالا باغ ڈیم کے ساتھ ساتھ کشمیر کا کیس خوب لڑا اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ عوام کے دلوں میں گھر کر گیا۔ جب اس کا اقتدار مستحکم ہو گیا تو کالا باغ ڈیم بنانہ آزادی کشمیر کی تحریک آگے بڑھی، سب کچھ سرد خانے میں ڈال دیا گیا۔ دس برس گزرنے کے بعد اندازہ ہوا کہ پرویز مشرف کیوں اقتدار میں آئے یا لائے گئے۔ جو انہیں اقتدار میں لائے تھے انہوں نے دیکھا کہ دہشت گردی کے خلاف نام نہاد جنگ میں ان کی ضرورت نہیں رہی تو انہیں اسی باعزت انداز میں رخصت کر دیا گیا جو ان کی آمد کے وقت اپنایا گیا تھا۔ پرویز مشرف کی رخصتی کے موقع پر گارڈ آف آنر کی فرمائش بھی آقاؤں کے حکم پر پوری کی گئی۔ مقبوضہ کشمیر کے یکے بعد دیگرے پھر انہیں بھی اقتدار سے دیا گیا جو اس سے قبل کارپوریٹ وجود ثابت کیے گئے تھے۔ ان سے اپنی مرضی کے مطابق کام لے کر انہیں پھر رخصت کر دیا گیا۔ آصف زرداری اور نواز شریف کا نام تک ملک کو اقتصادی اور اخلاقی طور پر تباہ کرنا اور قوم کو ریوڑ میں تبدیل کرنا تھا، وہ انہوں نے کر دیا۔ ملک کو قرضوں کی دلدل میں پھنسانا تھا، پھنسا دیا، جائیدادیں بنانا تھیں، بنا لیں۔ پرویز مشرف جانے سے قبل کشمیر کے معاملے میں تھرڈ آپشن کا بیج بو گئے۔ انہوں نے اس

صورتحال

ناصر شیرازی

مقاصد کیلئے امریکا کی طرف رخ رکھنے والے وزیر خارجہ کا تقرر کیا تھا، وہ اسلام آباد میں امریکی قنصلیہ کی خوب آبیاری کی، اسے یہ سہولت میسر کی کہ وہ انعام کے طور پر اپنے ذاتی اور نجی قافلے کا روبار کیلئے کروڑوں ڈالر جمع کرنے کا کام جاری رکھے۔ آج وہ بلاسہالہ کئی ارب کی جائیدادوں کے مالک ہیں، ڈالروں کے بیگ دینے کی رفتار اس قدر تیز ہے کہ کوئی اس تک نہیں پہنچ سکتا، سب کچھ برق رفتاری سے ہو رہا ہے۔

اب تحریک انصاف کی حکومت ہے جس کے حواریین کا کہنا ہے کہ یہ صرف تحریک ہے انصاف دور دور تک نظر نہیں آتا۔ اس کے سربراہ عمران خان، پرویز مشرف سے متاثر ہو کر اسی طرح وزیر اعظم بننے گئے۔ وہ یہ پرچم تھام لیتے تو راز سے پردہ اٹھ جاتا کہ کشمیر آزاد ہونے جا رہا ہے۔ انہوں نے راز، راز ہی رہنے دیا۔ اب قلم کی آخری ریل کے آخری مقبرے میں واقع ہو گا کہ کیا ہونا ہمارے مقدر میں، کس کس نے ایک میز پر بیٹھ کر کھایا ہے۔

مولانا فضل الرحمٰن طویل عرصہ تک کشمیر کمیٹی کے چیئرمین رہے، انہوں نے کشمیر کی آزادی کیلئے کچھ نہیں کیا، وقت بتائے گا کہ ان کا کچھ نہ کرنا کشمیر کو آزاد ہونے سے روکنا تھا یا کشمیر کو پاکستان کا حصہ بننے سے روکنا، فی الحال تو وہ لانگ مارچ اور اسلام آباد دھرنے کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ لفظ نامہیں رسالت، آزادی مارچ اور قائد کے حکم پر اداداوی فلاح کرنے کی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ فنڈ کیلئے جاری کردہ پرچی پر سو روپے سے پانچ سو روپے تک کی رقم درج ہے، کچھ فنڈ ایسے ذرائع سے آتے ہیں جن کی رسید جاری نہیں کی جاتی، یہ فنڈ سیکڑوں یا ہزاروں میں نہیں لاکھوں اور کروڑوں میں ہوتے ہیں۔ سب جانتے ہیں اور کوئی نہیں جانتا کہ یہ فنڈ کہاں سے آتے ہیں، دھرنا، لانگ مارچ، آزادی مارچ کامیاب ہو نہ ہو، فنڈ کافی اکٹھا ہو جائے گا۔

ان ایام میں جبکہ کشمیر فلیش پوائنٹ بن چکا ہے، گورنر پنجاب چودھری سرور، اقوام متحدہ میں موجود نہیں، حسن اتفاق ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب جناب عثمان بزدار کو سرزمین حجاز سے بلاوا آ گیا، وہ عمرہ کی ادائیگی کیلئے رخصت ہوئے۔ گورنر کی غیر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

فرمانِ قائدؒ

قدرت نے پاکستان کو بے حد و حساب معدنی دولت سے نوازا ہے اور وہ زمین کے نیچے پڑی انتظار کر رہی ہیں کہ اسے کھود کر استعمال میں لایا جائے۔

(امریکی لوگوں سے خطاب فروری 1948ء)

فکرِ اقبالؒ

ترا اندیشہ افلاکی نہیں ہے
تری پرواز لولاکی نہیں ہے
یہ ماتا اصل شاہینی ہے تیری
تری آنکھوں میں بے باکی نہیں ہے (بالِ جبریل)

کنکریاں



کاشف مرزا

kashif.mirza@jahanpakistan.com

یہ بھی ممکن تھا کہ صدر ٹرمپ اس ڈیل کا کریڈٹ لینا چاہتے تھے تاکہ آئندہ برس انتخابات میں فائدہ اٹھا سکیں۔ غالباً ٹرمپ اب سمجھ گئے ہیں کہ قراب ڈیل سے ڈیل نہ ہونا بہتر ہے۔ طالبان سمجھتے ہیں، انہوں نے امریکیوں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا ہے، مذاکرات کی منسوخی طالبان کو دبانا تھا، طالبان امن عمل میں آنے کے لیے ٹرمپ کی چال بھی ہو سکتی ہے، طالبان کی عالیہ کارروائی سے سب سے زیادہ فائدہ پاکستان کو ہوا، جس نے پچھلے دس ماہ میں افغان امن عمل میں بہت محنت کی جو ضائع ہو گئی۔ صدر ٹرمپ جن شرائط پر معاہدہ کر رہے تھے، اس پر امریکی اسٹیبلشمنٹ راضی نہ تھی، افغان حکومت نے ٹرمپ کے سامنے کھل کر اپنی ناراضی کا اظہار کر دیا ہے، مذاکرات منسوخی کی ایک وجہ طالبان کا رویہ بھی ہے، طالبان جیتا معاہدے کے قریب ہوئے، اُتنا ہی افغان حکومت سے متعلق ان کا رویہ تلخ ہو گیا۔

صدر ٹرمپ کی جانب سے طالبان امریکا مذاکرات معطل کرنے کے اعلان کے بعد امن عمل جاری رکھنے کے لیے چین، پاکستان اور افغانستان کے باہمی تعاون کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔ مذاکرات کی بحالی اور جلد از جلد اطمینان بخش تکمیل علاقائی اور عالمی امن کی بڑی ضرورت ہے، جس کے لیے اس سہ طرفی اتحاد کو بھی اپنا کردار موثر طور پر ادا کرنا چاہیے تاکہ خطے کو تباہی کے ایک نئے دور سے بچایا جا سکے۔ ٹرمپ کے طالبان قیادت سے مذاکرات منسوخ کرنے کے اعلان سے خطے میں امن و استحکام کے امکانات دھندلے ہوتے نظر آتے ہیں لیکن اس بڑھتی تاریکی میں افغان امن عمل کو جاری رکھنے کی خاطر پاکستان، چین اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کا اسلام آباد میں اجلاس یقیناً امید کی روشن کرن ہے۔ تینوں وزرائے خارجہ نے مشترکہ نیوز کانفرنس میں بتایا کہ تینوں ملکوں نے افغان امن عمل کے سلسلے میں اقتصادیات، رابطہ سازی، سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور سٹارٹرتی تربیت کے شعبوں میں تعاون کے فروغ سمیت پانچ ثنائی معاہدے پر اتفاق کیا ہے، افغانستان سے غیر ملکی افواج کا انخلا مرحلہ وار اور ذمے دارانہ ہونا چاہیے۔ یہ ایسی بات ہے جس کی ضرورت کسی وضاحت کی محتاج نہیں۔ امریکی افواج کی ایک ہی مرحلے میں مکمل واپسی سے مختلف افغان فریقوں میں اس طرح خانہ جنگی شروع ہو سکتی ہے جیسے سوویت افواج کے انخلا کے بعد ہوئی تھی۔

پاکستان اور چین افغان تنازع کے پُرامن حل کے لیے طالبان اور افغان حکومت میں براہ راست مذاکرات کے خواہاں ہیں، کیونکہ مستقبل کے نظام کی تشکیل اسی طرح ممکن ہے۔ مذاکرات کے اگلے مرحلے (جس کا اہتمام بیجنگ میں کیا جائے گا) میں بین الافغان مذاکرات کی جانب پیش رفت کی جا سکے گی۔ چین، پاکستان اور افغان حکومت کی مشترکہ کاوشوں سے اگر بین الافغان مذاکرات کی راہ کھل گئی تو اس سے وقت کی وہ اصل ضرورت پوری ہو گی جس کے بغیر افغانستان میں کسی دیرپا حفظ اور پائیدار حکومت کا قیام ممکن نہیں جو اس ملک اور خطے کے امن و استحکام کی ضمانت بننے کی اہلیت رکھتی ہو۔ چین کی افغانستان میں براہ راست امن کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ اگرچہ اس وقت امریکا کے ساتھ روس بھی بین الافغان امن کے لیے افغانستان کے مختلف سٹیک ہولڈرز سے مذاکرات کر رہا ہے لیکن چین نے اپنے طور پر جو کوششیں شروع کیں، وہ خوش آئند ہیں۔ امریکا نے دوحہ میں مذاکرات کے کئی دور کرائے جبکہ روس نے ماسکو میں امن کانفرنس کا انعقاد کیا۔ چین کی کوششوں میں خطے کے دیگر ممالک خصوصاً شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کو بھی شامل کرنا چاہیے کیونکہ اب ہمیں یہ بتانے کی (باقی کوئی نہیں کہ افغانستان میں کیا یا کھیل شروع ہونے والا ہے۔ ہمیں پیچیدہ سیاسی قیادت کے دماغ سے رہنمائی لینا چاہیے۔

افغانستان میں دو عشروں سے جاری جنگ کے خاتمے کے لیے چین، پاکستان اور امریکی حکومت کے درمیان تعاون کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔ مذاکرات کی بحالی اور جلد از جلد اطمینان بخش تکمیل علاقائی اور عالمی امن کی بڑی ضرورت ہے، جس کے لیے اس سہ طرفی اتحاد کو بھی اپنا کردار موثر طور پر ادا کرنا چاہیے تاکہ خطے کو تباہی کے ایک نئے دور سے بچایا جا سکے۔ ٹرمپ کے طالبان قیادت سے مذاکرات منسوخ کرنے کے اعلان سے خطے میں امن و استحکام کے امکانات دھندلے ہوتے نظر آتے ہیں لیکن اس بڑھتی تاریکی میں افغان امن عمل کو جاری رکھنے کی خاطر پاکستان، چین اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کا اسلام آباد میں اجلاس یقیناً امید کی روشن کرن ہے۔ تینوں وزرائے خارجہ نے مشترکہ نیوز کانفرنس میں بتایا کہ تینوں ملکوں نے افغان امن عمل کے سلسلے میں اقتصادیات، رابطہ سازی، سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور سٹارٹرتی تربیت کے شعبوں میں تعاون کے فروغ سمیت پانچ ثنائی معاہدے پر اتفاق کیا ہے، افغانستان سے غیر ملکی افواج کا انخلا مرحلہ وار اور ذمے دارانہ ہونا چاہیے۔ یہ ایسی بات ہے جس کی ضرورت کسی وضاحت کی محتاج نہیں۔ امریکی افواج کی ایک ہی مرحلے میں مکمل واپسی سے مختلف افغان فریقوں میں اس طرح خانہ جنگی شروع ہو سکتی ہے جیسے سوویت افواج کے انخلا کے بعد ہوئی تھی۔

پاکستان اور چین افغان تنازع کے پُرامن حل کے لیے طالبان اور افغان حکومت میں براہ راست مذاکرات کے خواہاں ہیں، کیونکہ مستقبل کے نظام کی تشکیل اسی طرح ممکن ہے۔ مذاکرات کے اگلے مرحلے (جس کا اہتمام بیجنگ میں کیا جائے گا) میں بین الافغان مذاکرات کی جانب پیش رفت کی جا سکے گی۔ چین، پاکستان اور افغان حکومت کی مشترکہ کاوشوں سے اگر بین الافغان مذاکرات کی راہ کھل گئی تو اس سے وقت کی وہ اصل ضرورت پوری ہو گی جس کے بغیر افغانستان میں کسی دیرپا حفظ اور پائیدار حکومت کا قیام ممکن نہیں جو اس ملک اور خطے کے امن و استحکام کی ضمانت بننے کی اہلیت رکھتی ہو۔ چین کی افغانستان میں براہ راست امن کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ اگرچہ اس وقت امریکا کے ساتھ روس بھی بین الافغان امن کے لیے افغانستان کے مختلف سٹیک ہولڈرز سے مذاکرات کر رہا ہے لیکن چین نے اپنے طور پر جو کوششیں شروع کیں، وہ خوش آئند ہیں۔ امریکا نے دوحہ میں مذاکرات کے کئی دور کرائے جبکہ روس نے ماسکو میں امن کانفرنس کا انعقاد کیا۔ چین کی کوششوں میں خطے کے دیگر ممالک خصوصاً شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کو بھی شامل کرنا چاہیے کیونکہ اب ہمیں یہ بتانے کی (باقی کوئی نہیں کہ افغانستان میں کیا یا کھیل شروع ہونے والا ہے۔ ہمیں پیچیدہ سیاسی قیادت کے دماغ سے رہنمائی لینا چاہیے۔

افغانستان میں دو عشروں سے جاری جنگ کے خاتمے کے لیے چین، پاکستان اور امریکی حکومت کے درمیان تعاون کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔ مذاکرات کی بحالی اور جلد از جلد اطمینان بخش تکمیل علاقائی اور عالمی امن کی بڑی ضرورت ہے، جس کے لیے اس سہ طرفی اتحاد کو بھی اپنا کردار موثر طور پر ادا کرنا چاہیے تاکہ خطے کو تباہی کے ایک نئے دور سے بچایا جا سکے۔ ٹرمپ کے طالبان قیادت سے مذاکرات منسوخ کرنے کے اعلان سے خطے میں امن و استحکام کے امکانات دھندلے ہوتے نظر آتے ہیں لیکن اس بڑھتی تاریکی میں افغان امن عمل کو جاری رکھنے کی خاطر پاکستان، چین اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کا اسلام آباد میں اجلاس یقیناً امید کی روشن کرن ہے۔ تینوں وزرائے خارجہ نے مشترکہ نیوز کانفرنس میں بتایا کہ تینوں ملکوں نے افغان امن عمل کے سلسلے میں اقتصادیات، رابطہ سازی، سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور سٹارٹرتی تربیت کے شعبوں میں تعاون کے فروغ سمیت پانچ ثنائی معاہدے پر اتفاق کیا ہے، افغانستان سے غیر ملکی افواج کا انخلا مرحلہ وار اور ذمے دارانہ ہونا چاہیے۔ یہ ایسی بات ہے جس کی ضرورت کسی وضاحت کی محتاج نہیں۔ امریکی افواج کی ایک ہی مرحلے میں مکمل واپسی سے مختلف افغان فریقوں میں اس طرح خانہ جنگی شروع ہو سکتی ہے جیسے سوویت افواج کے انخلا کے بعد ہوئی تھی۔

پاکستان اور چین افغان تنازع کے پُرامن حل کے لیے طالبان اور افغان حکومت میں براہ راست مذاکرات کے خواہاں ہیں، کیونکہ مستقبل کے نظام کی تشکیل اسی طرح ممکن ہے۔ مذاکرات کے اگلے مرحلے (جس کا اہتمام بیجنگ میں کیا جائے گا) میں بین الافغان مذاکرات کی جانب پیش رفت کی جا سکے گی۔ چین، پاکستان اور افغان حکومت کی مشترکہ کاوشوں سے اگر بین الافغان مذاکرات کی راہ کھل گئی تو اس سے وقت کی وہ اصل ضرورت پوری ہو گی جس کے بغیر افغانستان میں کسی دیرپا حفظ اور پائیدار حکومت کا قیام ممکن نہیں جو اس ملک اور خطے کے امن و استحکام کی ضمانت بننے کی اہلیت رکھتی ہو۔ چین کی افغانستان میں براہ راست امن کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ اگرچہ اس وقت امریکا کے ساتھ روس بھی بین الافغان امن کے لیے افغانستان کے مختلف سٹیک ہولڈرز سے مذاکرات کر رہا ہے لیکن چین نے اپنے طور پر جو کوششیں شروع کیں، وہ خوش آئند ہیں۔ امریکا نے دوحہ میں مذاکرات کے کئی دور کرائے جبکہ روس نے ماسکو میں امن کانفرنس کا انعقاد کیا۔ چین کی کوششوں میں خطے کے دیگر ممالک خصوصاً شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کو بھی شامل کرنا چاہیے کیونکہ اب ہمیں یہ بتانے کی (باقی کوئی نہیں کہ افغانستان میں کیا یا کھیل شروع ہونے والا ہے۔ ہمیں پیچیدہ سیاسی قیادت کے دماغ سے رہنمائی لینا چاہیے۔

”جو چلے تو کوہ گراں تھے ہم“ (2)

میں انہیں ہمیشہ ڈاکٹر صاحب ہی کہتا تھا۔ ویسے بھی ان کے ساتھ چپکا یہ لاحقہ اتنا معروف تھا کہ متعلقہ حلقوں میں صرف ڈاکٹر صاحب کہنے سے ہی عیاں ہو جاتا تھا کہ ذکر اعزاز نذیر صاحب کا ہی ہے۔ ڈاکٹر صاحب اگرچہ ڈاکٹر ڈاکٹر نہیں تھے، نہ طبی اور نہ ہی پی ایچ ڈی یافتہ۔ اس بارے میں بھی انہوں نے خود ہی بتایا تھا کہ زیر زمین رہنے کے دوران سندھ کے کسی دیہات میں وہ ایک میڈیکل سٹور پر کام کرنے لگے تھے اور لوگوں نے انہیں ڈاکٹر کہنا شروع کر دیا تھا، یوں وہ ڈاکٹر بن گئے تھے۔

وسعتِ نظر



ڈاکٹر مجاہد مرزا (ماسکو)

ڈاکٹر صاحب اپنے عادت کو کیمونسٹوں کی بہت پرانی تھی۔ میں اس کا بھیانک مخالف رہا کیونکہ میرے خیال میں جس طرح آم کے پیڑ کو ملتان سے لا کر ماسکو میں نہیں لگایا جا سکتا اس طرح کسی دور کے سرد دیس کے معاملات کو بھی اپنے گرم ملک کے معاملات پر منطبق نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ ابھی ”لائن“ نہیں آئی تھی کہ میں ”ہری سترویکا“ کا حامی بن چکا تھا (یاد رہے گورباچوف کی کتاب ”ہری سترویکا“ سب سے پہلے لندن سے چھپی تھی، جو میں پڑھ چکا تھا)۔ اور جب لائن آ گئی تو میں بھیانک ”حزب اختلاف“ کا ہونے کی وجہ سے جان بوجھ کر ”ہری سترویکا“ کا مخالف ہو گیا تھا۔ ڈاکٹر اعزاز نذیر بابا کے ”ساتھی“ تھے، انہوں نے میری اس راشن سے ہی فائدہ اٹھا کر مجھے ”اقلیت“ یعنی پارٹی کے خیالات میں تبدیلی لانے والے لوگوں کے خلاف ”شیشے“ میں اتارنے کی سعی کی تھی، میں تو ویسے بھی جیسا کہ پہلے بتا چکا ہوں حسب مراتب کا خیال رکھتا ہوں، چنانچہ رضا کارانہ طور پر سیاں اتر کر ان کے اس شیشے میں بیٹھ گیا تھا۔ جب پارٹی میں ”وہ“ ہو گیا تو میں ان کے ہمراہی شاہد (میاں شہباز) کے اپارٹمنٹ میں پہنچا تھا۔ میں نے ڈاکٹر صاحب (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

امن مذاکرات کی منسوخی! (2)

ہاری مسجد کی تعمیر کی اجازت دی ہے، رام جی کی جائے پیدائش ہے۔

اکبر کے نورتنوں میں سے سرفہرست راجا بیربل تھا جس کا اصلی نام مہیش داس تھا اور وہ خود ایک برہمن تھا۔ ہندوؤں کے مطابق یہ شہر رام کی جائے پیدائش ہے۔ مغل بادشاہ بابر کی بنائی ہوئی معروف بابری مسجد بھی اسی شہر میں واقع تھی، جسے 1992ء میں ہندوؤں نے حملہ کر کے شہید کر دیا تھا۔

بھارت میں عبادت گاہوں پر حملے کوئی نئی بات نہیں ہے، ایودھیا میں بابری مسجد کا تنازع اور اس جگہ کے کو بنیاد بنا کر مسلمانوں کے قتل عام کو دنیا دیکھ چکی ہے۔ بابری مسجد کو مغل بادشاہ ظہیر الدین بابر کے کہنے پر میر باقی نے تعمیر کیا تھا۔ ہندو مت پر بات کرنے سے پہلے میں اکبر کی شخصیت کے حوالے سے واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مغل بادشاہوں میں اکبر وہ واحد بادشاہ گزرا ہے جو باقی بادشاہوں کی نسبت آزاد خیال اور لبرل سوچ کا مالک تھا۔ اس نے اپنے دور حکومت میں ہندوؤں کو خوش کرنے کیلئے بہت سے کام کیے، وہ بہت ذہین اور اعلیٰ دماغ کا مالک تھا، ابوالفضل اور فیضی جیسے عالم اس کے دربار کے مشک تھے، اس نے ایک ہ

عمران خان نے کشمیریوں کو آزادی کا پیغام دیا، تقدیس گیلانی

27 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب اہمیت کا حامل، پاکستان کی فتح ہوگی

مظفرآباد (پیرو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کی سابق مشیر پروفیسر تقدیس گیلانی نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے مظفرآباد میں یوم یکجہتی کشمیر پر کشمیریوں کی آزادی کا پیغام دیا 27 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب اہمیت کا حامل ہے پاکستان کی بھارت مکالمہ دشت گرد جنگ ہے مودی دنیا پر بھرپاور ہاں کر تھرتھرانی کا خواب دیکھ رہا جس کو کشمیری کسی صورت پورا نہیں ہونے دیں گے مودی نے اپنے ہاتھوں سے متبوضہ کشمیر میں غیر آئینی اقدام کرکے بھارت کے گلوے ٹکڑے کرنے کا آغاز کر دیا 41 دنوں سے متبوضہ کشمیر میں لاک ڈاؤن انٹرنیٹ بند میڈیا پابندی قاتل مذمت ہے مظفرآباد میں یوم یکجہتی کے موقع پر مودی کو وزیراعظم عمران خان نے پیغام دیا کہ متبوضہ کشمیر پر جبر انتبضہ برقرار نہیں رہے گا ہم نے بار بار مذاکرات کی بات کی مگر بھارت نے مذاکرات سے راہ فرار اختیار کیا۔

بھارتی مظالم کیخلاف احتجاج ریکارڈ کرائیں گے، میجر لطیف خلیق

متحدہ آزادی فورم کی کال پر لبیک کہتے ہیں، راجہ خالد محمود، دھرنے کی حمایت

دھیرکوٹ (راجہ انعام الحق خان) سابق اسمبلی ممبر (ر) لطیف خلیق اور راجہ خالد محمود خان نے 26 ستمبر UNO آفس اسلام آباد کے سامنے دھرنے کی حمایت کا اعلان کر دیا متحدہ آزادی فورم کی کال پر لبیک کہتے ہیں اور موجودہ حالات میں متبوضہ کشمیر میں جاری ظلم کے خلاف اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کروائیں گے متحدہ آزادی فورم کے ممبران کنوینر راجہ ارشد خان، راجہ مہتاب اشرف، راجہ حفیظ نجانب، راجہ خاور قیوم ایڈووکیٹ، سردار اعتیاز عباسی، جاوید عارف عباسی، راجہ شعیب و دیگر مبارکباد کے مستحق ہیں جنہوں نے موجودہ کشمیر کی نازک ترین صورت حال پر متحد ہو کر ایک پلیٹ فارم کی بنیاد رکھی ایک نعرے اور ایک جھنڈے تلے یونائیٹڈ نیشن کے آفس کے سامنے اپنی آزادی اور رائے شماری کا مطالبہ کریں گے اور مسلسل کرفیو کے خلاف مودی حکومت کے خلاف شدید احتجاج کیا جائے گا متحدہ آزادی فورم کی ہر کال پر لبیک کہتے ہیں۔

کھیلوں سے طلبہ میں مقابلے کا شوق بڑھتا ہے، پروفیسر شاہد منیر

بچوں میں کھیلوں کے مقابلے کروانے سے ڈسپلن پیدا ہوتا ہے، چیئرمین تعلیمی بورڈ

میرپور (پیرو رپورٹ) آزاد جموں وکشمیر تعلیمی بورڈ میرپور کے چیئرمین پروفیسر شاہد منیر جرال نے کہا کہ جس قوم کے کھیل کے میدان آباد ہوتے ہیں اُس کے ہسپتال ویران ہوتے ہیں نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں سے طلبہ میں مقابلے کا رجحان پیدا ہوتا ہے ان خیالات کا اظہار پروفیسر شاہد منیر جرال نے آل آزاد کشمیر انٹر سکولز نور ہفتوں کی ایک میٹنگ میں کیا میٹنگ کا انعقاد بورڈ کے شعبہ سپورٹس کی طرف سے کیا گیا اجلاس میں ڈی پی ای آئی سکولز ڈی پی ای آئی سکولز زنانہ اور آزاد کشمیر بھر کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز نے بھی شرکت کی پروفیسر شاہد منیر جرال نے کہا کہ تعلیمی بورڈ ہر سال ثانوی اسکولوں میں انٹر اسکولز اور کالجز کی سطح پر انٹر کالجز کے نور ہفتوں کا انعقاد کرواتا ہے جس میں کرکٹ، فٹبال، کبڈی، رسہ کشی کے مقابلہ جات میں بچوں میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ ملتا ہے ایک صحت مند دماغ کیلئے صحت مند اور مضبوط جسم اسی صورت میں ہو سکتا جب آپ بچوں میں کھیلوں کے مقابلے کرواتے ہیں۔

مقبوضہ کشمیر کی صورتحال انتہائی کشیدہ ہو چکی، سردار میر اکبر

اقوام متحدہ بھارت پر دباؤ ڈال کر کرفیو ختم کروائے اور مظالم رکوائے، وزیر جنگلات

باغ (پیرو رپورٹ) وزیر جنگلات سردار میر اکبر خان نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال انتہائی کشیدہ ہو چکی اقوام متحدہ اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر میں فوری طور پر فیک فائٹنگ مشن بھجوائیں اور اقوام متحدہ اپنی نگرانی میں استعمال کرائے کرفیو ختم کروائے اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کا جذبہ حریت بھی اسی طرح روز بروز زیادہ ابھر رہا ہے۔

بھارت کے ہندو انتہاء پسندانہ نظریات کو محض کشمیر، بھارت اور پاکستان کے مسلمانوں کیخلاف سمجھنا سنگین غلطی ہوگی، بھارتی حکمران اکھنڈ بھارت منصوبے پر کام کر رہے ہے

امن پسند دنیا کو بھارتی دہشتگردی کا مقابلہ کرنا ہوگا

سردار مسعود

انتہاء پسندی عالمی امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہے، قابض فوج نے مقبوضہ جموں وکشمیر کو بھارت کی کالونی میں بھی تبدیل کر دیا، صدر آزاد کشمیر کا خطاب

مانچسٹر (صباح نیوز) آزاد جموں وکشمیر کے صدر سردار مسعود خان نے کہا کہ دنیا کے تمام امن پسند شہریوں کو مل کر بھارتی دہشت گردی کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ بھارت کے ہندو انتہاء پسندانہ نظریات کو محض کشمیر، بھارت اور پاکستان کے مسلمانوں کے خلاف سمجھنا سنگین غلطی ہوگی بھارتی حکمران اور انتہاء پسند تنظیمیں اکھنڈ بھارت کے منصوبے پر کام کر رہے ہیں جن کا ہدف یہ ہے کہ ہندو مذہب کے پیروکاروں کے علاوہ دوسرے تمام انسانوں کو جینے کے حق سے محروم کر دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مانچسٹر میں ٹوئی الکھیڈ سے تعلق رکھنے والے ممبران پارلیمنٹ، ممبران یورپی پارلیمنٹ، میئرز، شخصیات اور کونسلرز کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر برطانیہ کی پارلیمنٹ کے رکن انڈریا گائین، برطانوی پارلیمنٹ کے سابق رکن واجد خان، لیبر سائیڈ کونسل کے میئر اور مانچسٹر کے میئر عابد لطیف چوہان بھی موجود تھے بھارت کے انتہاء پسندانہ نظریے کو گزشتہ صدی میں یورپ میں فروغ پانے والے قوم پرستانہ شدت پسندی سے مماثل قرار دیتے ہوئے صدر آزاد کشمیر نے کہا کہ بھارتی انتہاء پسندی عالمی امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہے بھارت کی جارح اور قابض فوج نے گزشتہ ماہ کی پانچ تاریخ کو ایک جیا حملہ کر کے کشمیریوں کو نہ صرف ان کے حقوق اور شناخت سے محروم کر دیا بلکہ پورے متبوضہ جموں وکشمیر کو بھارت کی کالونی میں بھی تبدیل کر دیا متبوضہ کی 80 لاکھ آبادی کو ان گھروں میں قید کر دیا گیا اور اس وقت متبوضہ جموں وکشمیر کی گلیوں، بازار اور سڑکیں اور دیہات قبرستان کی خاموشی کا منظر پیش کر رہے سڑکوں اور گلیوں میں بھارتی فوجی اہلکاروں کے علاوہ کوئی انسان نظر نہیں آتا جبکہ بھارتی فوجی کرفیو اور ایمرجنسی بلیک آؤٹ کا فائدہ اٹھا کر کشمیریوں کی نسل کشی میں مصروف ہیں۔ متبوضہ علاقے میں کرفیو کے باعث خوراک اور ادویات کی شدید قلت ایک بڑی انسانی المیے کی صورت میں سامنے آرہی ہے ان حالات میں برطانیہ کے ممبران پارلیمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل، سلامتی کونسل کے ارکان، جنرل اسمبلی کے صدر اور انسانی حقوق کونسل اور انسانی حقوق کمیشن کے سربراہان کے نام خطوط لکھیں اور ان سے متبوضہ کشمیر کی مخصوص آبادی کے لئے انسانی راہداری کھولنے اور بھارتی حکومت کی طرف سے متبوضہ جموں وکشمیر کو اپنی کالونی قرار دینے کی مخالفت کرنے کا مطالبہ کریں۔

برسلز، صدر آزاد کشمیر سردار مسعود خان پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں (فوٹو صباح)

ایل او سی کو توڑنے کا فیصلہ آل پارٹیز کانفرنس کریگی، چوہدری عزیز

عمران خان کی ایل او سی اور جنرل کونسل سے خطاب کا انتظار کرنا ہوگا، وزیر تعمیرات

مظفرآباد (پیرو رپورٹ) وزیر تعمیرات عامہ شاہرات چوہدری محمد عزیز نے کہا کہ ایل او سی کو روندنے، توڑنے کا حتمی فیصلہ آل پارٹیز کانفرنس کرے گی کہ کب اور کیسے ایک ہی مقام یا مختلف مقامات سے سیز فائر لائن کی طرف بڑھا جائے تاہم وزیراعظم عمران خان کی ایل او کو ان کے اقوام متحدہ کی جنرل کونسل سے خطاب اور اس موقع پر عالمی سربراہان ممالک سے ملاقاتوں میں متبوضہ کشمیر کی صورتحال سے مکمل آگاہی اور اس کے اثرات کا انتظار کیا جائے لازم ہو گیا ہماری ساری قیادت سیز فائر لائن توڑنے کے فیصلے پر عملدرآمد اور ان کی یو این او سے خطاب سرگرمیوں کے بعد واپسی پر کرے گی عوامی جذبات کا تقاضا ہے مان ہے کہ سیز فائر لائن کو توڑ دیا جائے تاہم فیاضوں کو تمام تر تحاول حالات اسباب اور مستقبل کے بین الاقوامی علاقائی تقاضوں کو ہر حال میں پیش نظر رکھ کر فیصلے کرنے ہوتے ہیں۔

برسلز، صدر آزاد کشمیر سردار مسعود خان پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں (فوٹو صباح)

کوٹلی، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عمر اعظم سے سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی بشیر چوہدری ملاقات کر رہے ہیں (فوٹو این این آئی)

وزیراعظم فاروق حیدر 15 ستمبر کو کوٹلی کا دو روزہ دورہ کریں گے

کوٹلی (صباح نیوز) وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان کے دورہ کوٹلی کے حوالہ سے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عمر اعظم کی زیر صدارت ضلعی آفیسران کا اجلاس منعقد ہوا ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عمر اعظم نے وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان کے کوٹلی کے 15 ستمبر 16 کوٹلی کا دو روزہ دورہ کے حوالہ سے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان 15 ستمبر 16 کوٹلی کا دو روزہ دورہ کریں گے دورہ کے دوران وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان چوہدری کھوئیرٹہ اور فتح پور تھکیالہ میں ان آف کنٹرول کے اجتماعات سے خطاب کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عمر اعظم نے تمام ضلعی آفیسران کو ہدایت کی کہ وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان کے دورہ کوٹلی کے دوران حاضری یقینی بنائیں۔

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آزاد کشمیر انتخابات، واجبات جمع کرانے کیلئے آخری تاجر 20 ستمبر

مظفرآباد (پیرو رپورٹ) آزاد جموں وکشمیر بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین شیر زمان اعوان ایڈووکیٹ نے کہا کہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آزاد کشمیر کے انتخابات برائے سال 2019-20 کے سلسلہ میں ممبران سپریم کورٹ بار کے واجبات جمع کروانے کی آخری تاریخ 20 ستمبر مقرر کر دی گئی ممبران سپریم کورٹ بار اپنے واجبات بہر صورت 20 ستمبر تک جمع کروا سکتے جس کے بعد ممبران سپریم کورٹ کی حتمی ووٹرز فہرست جاری کر دی جائے گی حتمی ووٹرز فہرست جاری ہونے کے بعد کسی شہری کی ووٹر فہرست جاری نہیں کی جائے گی۔

آزاد کشمیر میں آئندہ حکومت پی ٹی آئی بنائے گی، بیرسٹر سلطان

دوسری جماعتیں چھوڑ کر پی ٹی آئی میں شامل ہونے والوں کو جائز مقام ملے گا

سردار مقبول عباسی کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت تحریک انصاف میں شمولیت

اسلام آباد (خالصہ خصوصی) آزاد کشمیر کے سابق وزیراعظم و صدر پی ٹی آئی کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی آزاد کشمیر کے آئندہ عام انتخابات جیت کر حکومت بنائے گی دوسری جماعتیں چھوڑ کر پی ٹی آئی میں شامل ہونے والوں کو پارٹی میں جائز مقام ملے گا، دو پارٹی سکریٹریٹ میں مسلم کانفرنس کے سینئر رہنما سردار مقبول عباسی کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت پی ٹی آئی کشمیر میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے اس موقع پر پی ٹی آئی کشمیر سینئر نائب صدر ظفر اقبال، سیکرٹری جنرل راجہ مصدق خان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل چوہدری مقبول احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سلیم بٹ، سابق مرکزی سیکرٹری اطلاعات سردار امتیاز خان، سابق سیکرٹری مالیات چوہدری اخلاق احمد، پی ٹی آئی کشمیر حلقہ غربی باغ ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات سردار توصیف احمد عباسی، چوہدری محمد رزاق، اکرام قاضی و دیگر بھی موجود تھے، سردار مقبول عباسی کے ہمراہ پی ٹی آئی میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں راجہ عدیل، عدنان عباسی، آصف عباسی اور دیگر نے مسلم کانفرنس سے مستعفی ہو کر عمران خان اور بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا۔

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آزاد کشمیر انتخابات، واجبات جمع کرانے کیلئے آخری تاجر 20 ستمبر

مظفرآباد (پیرو رپورٹ) آزاد جموں وکشمیر بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرمین شیر زمان اعوان ایڈووکیٹ نے کہا کہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آزاد کشمیر کے انتخابات برائے سال 2019-20 کے سلسلہ میں ممبران سپریم کورٹ بار کے واجبات جمع کروانے کی آخری تاریخ 20 ستمبر مقرر کر دی گئی ممبران سپریم کورٹ بار اپنے واجبات بہر صورت 20 ستمبر تک جمع کروا سکتے جس کے بعد ممبران سپریم کورٹ کی حتمی ووٹرز فہرست جاری کر دی جائے گی حتمی ووٹرز فہرست جاری ہونے کے بعد کسی شہری کی ووٹر فہرست جاری نہیں کی جائے گی۔

جسٹس اظہر سلیم بابر کا میرپور میں قائم ماتحت عدالتوں کا دورہ

جوڈیشل افسران وسٹاف کی حاضری، ڈسپلن، یونیفارم، ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی

دستاویز رجسٹریشن کی فوری واپسی کو یقینی بنایا جائے، قائمقام چیف جسٹس ہائیکورٹ

میرپور (سکندر الرحمان راجہ) قائمقام چیف جسٹس عدالت عالیہ آزاد جموں وکشمیر جسٹس اظہر سلیم بابر نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر میرپور میں قائم ماتحت عدالت کا اچانک دورہ کیا دورہ کے دوران جوڈیشل افسران وعملہ سٹاف کی حاضری، ڈسپلن اور یونیفارم سمیت ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی گئی دوران پڑتال جوڈیشل افسران وسٹاف کی حاضری نامکمل پائی گئی قائمقام چیف جسٹس ہائی کورٹ نے ریکارڈ سے متعلقہ رجسٹریشن کی پڑتال کے دوران متعلقہ رجسٹریشن کی فوری واپسی کے ہدایت کی کہ دستاویز رجسٹریشن کی فوری واپسی کو یقینی بنایا جائے اور دستاویز واپس کرتے وقت وصول کنندہ سے واپسی دستخط بھی لیے جائیں تاکہ ہر شخص کی آگاہی کے لیے رجسٹریشن کی فیسوں کا شیڈول مختلف جگہوں پر آویزاں کیا جائے انھوں نے ڈسٹرکٹ ایڈیشنل جج ڈسٹرکٹ رجسٹرار کو ہدایت کی کہ وہ رجسٹریشن سے متعلق اور کمی ہر ماہ جانچ پڑتال کرتے ہوئے رپورٹ رجسٹرار عدالت العالیہ کو ارسال کرنے کو یقینی بنائیں۔ انھوں نے پرانے مقدمات بالخصوص مقدمات قتل اور عائلی مقدمات کو ترجیح بنیادوں پر یکسو کیے جانے سمیت کوتاہیوں کو بہرحال میں حاضر کرکے ان کی شہادت کو قلمبند کرنے کی بھی ہدایات دیں۔

پٹھکہ ٹول ٹیکس چونگی پر تعینات اہلکار جگا ٹیکس وصول کرنے لگے

مظفرآباد (پیرو رپورٹ) پٹھکہ ٹول ٹیکس چونگی پر تعینات اہلکار جگا ٹیکس وصول کرنے لگے، لوڈر سوزوکیوں سے 20 روپے ٹیکس کے بجائے 100 روپے پانی کی ٹرالی وصول کیے جانے لگے، ٹول پلازہ کا کام کرنے کے بجائے پیسے لینے والے سوزوکی مالکان اور ڈرائیور جگا ٹیکس کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے، اعلیٰ حکام سے فی الفور نوٹس لینے کا مطالبہ محمد بشارت محمد ارشد، حنیف قریشی اور دیگر نے بتایا کہ پٹھکہ ٹول ٹیکس چونگی پر تعینات اہلکار لوڈر سوزوکیوں سے ناجائز بھتہ وصول کر رہے ہیں نہ دینے پر بدا خلاقی اور بدتمیزی کرنا معمول بنا لیا ہے۔

گلگت اور دیامر میں 10 روزہ انسداد پولیو مہم 18 ستمبر سے شروع

گلگت (اے پی پی) گلگت اور دیامر میں خصوصی 10 روزہ انسداد پولیو مہم 18 ستمبر سے شروع ہوگی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد نے کہا کہ کہ چونکہ ماضی قریب میں ضلع دیامر میں پولیو وائرس آنے کی تصدیق ہوئی تھی جس کی وجہ سے دیامر اور گلگت میں 10 روزہ انسداد پولیو مہم کے تحت 5 سال تک کی عمر کے بچوں کیلئے مہم چلانے کا فیصلہ کیا گیا پولیو مہم کا اہم جزیہ ہے کہ پیدائش سے 4 ماہ کی عمر تک کے دیامر اور گلگت کے بچوں کو پولیو ویکسین لگائی جائے گی۔

کمشنر میرپور ڈویژن سے کاروباری و دیگر افراد کی ملاقات، تبادلہ خیال

کوٹلی (آئی این پی) کمشنر میرپور ڈویژن چوہدری طیب سے ڈپٹی کمشنر آفس میں سیاسی جماعتوں کے زعماء، انجمن تاجران کے رہنماؤں، وکلاء تنظیموں کے عہدیداران و دیگر نے ملاقات کی اور اپنے جملہ مسائل اور موجودہ ملکی صورتحال کے حوالہ سے تجاویز کا تبادلہ ہوا اس موقع پر کمشنر ڈویژن میرپور چوہدری طیب نے کہا کہ موجودہ ملکی صورتحال، ایل او سی پر بھارتی افواج کی بلا اشتعال فائرنگ اور متبوضہ کشمیر میں نہتے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کو مدنظر رکھتے ہوئے ہماری صفوں میں اتحاد بہت ضروری ہے۔

رانا محمد حسن قائم مقام اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد جموں وکشمیر تعینات

مظفرآباد (پیرو رپورٹ) رانا محمد حسن قائم مقام اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد جموں وکشمیر تعینات نوٹی فکیشن جاری حکومت آزاد کشمیر نے اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد جموں وکشمیر اسماعیل خان کے تبادلے سے خالی ہونے والی اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد جموں وکشمیر اسامی پر ایڈیشنل اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد جموں وکشمیر رانا محمد حسن کو قائم مقام اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد جموں وکشمیر تعینات کر دیا رانا محمد حسن کا شمار آزاد کشمیر کے فرض شناس باصلاحیت، باکردار، ایماندار اور بے باک سینئر بیوروکریٹس میں ہوتا ہے۔

حتہ پانی، شان اہل بیت وشہدائے کربلا کانفرنس 18 ستمبر کو ہوگی

حتہ پانی (نمائندہ جہان پاکستان) سنی فورس میرپور کے زیر اہتمام کالج گراؤنڈ میرپور میں شان اہل بیت وشہدائے کربلا کانفرنس 18 ستمبر 18 محرم الحرام کو ہوگی، کانفرنس کا آغاز دن 12 بارہ بجے ہوگا، کانفرنس کی صدارت قبلہ پیر سید عارف حسین شاہ گیلانی سجادہ نشین دربار عالیہ پتاگ شریف کریں گے، مقامی علمائے کرام اور شعلہ خواں بارگاہ رسالت مآب کے دربار گاہ حسینیت میں اپنی اپنی حاضریاں لگوائیں گے کانفرنس سے خطیب اعظم راولپنڈی پاکستان علامہ محمد حنیف قریشی خصوصی خطاب کریں گے۔

میرپور، ڈوالفقار راجہ کی بیٹی کی رسم قل ادا، پیر شمیم نے دعا کرائی

میرپور (پیرو رپورٹ) معروف قانون دان سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن میرپور صدر پی ٹی ایف ڈوالفقار احمد راجہ ایڈووکیٹ کی بیٹی کی رسم قل ان کی رہائش گاہ سیکٹر ایف دو ان ادا کر دی گئی رسم قل کی دعا معروف عالم دین پیر شمیم نعمانی نے کرائی دعائیہ تقریب میں آزاد کشمیر کے کا تمام چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس راجہ سعید اکرم خان، قائمقام چیف جسٹس ہائی کورٹ اظہر سلیم بابر، جسٹس شیر زکیانی، جسٹس خالد یوسف، جسٹس راجہ جہانداد سمیت سیاسی و سماجی شخصیات، وکلاء اور تمام مکاتب فکر نے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

پیپلز پارٹی بڑی سیاسی جماعت، نظریہ گھر گھر پھیلائیں گے، پروین انصار

استور (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری راجہ آفتاب خان اپنی تیس سال سروس پوری کرنے کے بعد ریٹائر ہو گئے دوران سروس انھوں نے عوام کی خدمت کی راجہ آفتاب خان نے کہا کہ آگے بھی عوام کی خدمت کرتا رہوں گا اگر بلدیاتی الیکشن ہوئے تو یونین کونسل سیری سے امیدوار ہوں گا اور عوام کی بھرپور خدمت کروں گا اپنے حلقہ سے بڑھ چڑھ کر سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لوں گا ڈاکٹر راجہ شوکت علی، راجہ فدا داد خان، راجہ یونس، راجہ بنارس، چوہدری فضل کریم، چوہدری رمضان و دیگر بھی موجود تھے۔

کھوئی رٹہ، راجہ آفتاب ملازمت پوری کرنے کے بعد ریٹائر ہو گئے

کھوئی رٹہ (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری راجہ آفتاب خان اپنی تیس سال سروس پوری کرنے کے بعد ریٹائر ہو گئے دوران سروس انھوں نے عوام کی خدمت کی راجہ آفتاب خان نے کہا کہ آگے بھی عوام کی خدمت کرتا رہوں گا اگر بلدیاتی الیکشن ہوئے تو یونین کونسل سیری سے امیدوار ہوں گا اور عوام کی بھرپور خدمت کروں گا اپنے حلقہ سے بڑھ چڑھ کر سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لوں گا ڈاکٹر راجہ شوکت علی، راجہ فدا داد خان، راجہ یونس، راجہ بنارس، چوہدری فضل کریم، چوہدری رمضان و دیگر بھی موجود تھے۔

حتہ پانی، شان اہل بیت وشہدائے کربلا کانفرنس 18 ستمبر کو ہوگی

حتہ پانی (نمائندہ جہان پاکستان) سنی فورس میرپور کے زیر اہتمام کالج گراؤنڈ میرپور میں شان اہل بیت وشہدائے کربلا کانفرنس 18 ستمبر 18 محرم الحرام کو ہوگی، کانفرنس کا آغاز دن 12 بارہ بجے ہوگا، کانفرنس کی صدارت قبلہ پیر سید عارف حسین شاہ گیلانی سجادہ نشین دربار عالیہ پتاگ شریف کریں گے، مقامی علمائے کرام اور شعلہ خواں بارگاہ رسالت مآب کے دربار گاہ حسینیت میں اپنی اپنی حاضریاں لگوائیں گے کانفرنس سے خطیب اعظم راولپنڈی پاکستان علامہ محمد حنیف قریشی خصوصی خطاب کریں گے۔

بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں کرفیو نے زندگی اجیرن کر دی، ساجد اقبال

سہاگی پونچھ (تفصیلی رپورٹر) سابق کارکن ساجد اقبال کاشر نے کہا کہ متبوضہ کشمیر میں ایک ماہ سے زائد جاری کرفیو سے بھارتی حکمرانوں نے عالمی انسانی حقوق کی دھجیاں اڑا دی ہیں، کشمیری عوام کو کھانے پینے اور طبی سہولیات سے محروم کرنے کیساتھ ان کی شہری آزادی سلب کر لی گئی اگر عالمی برادری نے مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنا ثابت کردار ادا نہ کیا تو صرف جنوبی ایشیا ہی نہیں پوری دنیا کا امن خطرے میں پڑ جائے گا مسئلہ کشمیر کشمیری قوم کی قربانیوں کی بدولت آج عالمی سطح پر فلیش پوائنٹ بن چکا ہے۔

مظلوم کشمیری بھائی 41 روز سے محصور ہیں، سردار تبارک علی

یونیورسٹی گراؤنڈ میں عمران خان کے جلسے سے کشمیریوں کے حوصلے بلند ہوئے

عمران خان اور بیرسٹر سلطان کے خطاب سے بھارتی ایوانوں میں لرزہ طاری ہو گیا

مظفرآباد (پیرو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کے سابق مرکزی نائب صدر سابق اسمبلی ممبر اسمبلی کا حلقہ سردار تبارک علی نے کہا کہ یونیورسٹی گراؤنڈ میں تاریخی جلسہ سے اس پار متبوضہ کشمیر سمیت دنیا بھر میں ایک مثبت پیغام گیا ہمارے مظلوم کشمیری بھائیوں جو گزشتہ 41 روز سے محصور ہیں کے حوصلے بلند ہوئے کشمیریوں کے سفیر اور وزیراعظم پاکستان عمران خان کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے عوام کا سمندر امڈ آیا اس طرح کے جلسہ کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی جلسے میں صرف پاکستان اور آزاد کشمیر کے پرچم لہرائے گئے یہ ایک قوم ہونے کا ثبوت اور تاثر ہے عمران خان اور بیرسٹر سلطان کے خطاب سے بھارتی ایوانوں میں لرزہ طاری ہو گیا سفیر کشمیر کے خطاب اور یکجہتی سے بھارتی فوج کے سامنے برسرپیکار کشمیریوں میں ایک نیا جذبہ اور ولولہ پیدا ہوا ہے جلسہ کو کامیاب بنانے کیلئے کارکنان نے بڑی محنت کی ریاستی عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے ثابت کر دیا کہ وہ عمران خان کو اپنا لیڈر مانتے ہیں پاکستانی قوم کے بعد اب کشمیریوں کی نظریں بھی عمران خان پر ٹکی ہیں کشمیری بھی تبدیلی چاہتے ہیں وہ دن دور نہیں جب عمران خان اور بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کی قیادت میں مسئلہ کشمیر حل ہوگا۔

ڈینگی روک تھام کیلئے عوام میں شعور بیدار کیا جائے، راجہ قیصر

متعلقہ محکمے حفاظتی اقدامات کیلئے ٹیمیں تشکیل دیں، ڈپٹی کمشنر میرپور

گھر اور دفاتر سمیت پبلک مقامات پر صحت وصفائی کو یقینی بنایا جائے، ہدایت

میرپور (پیرو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر راجہ قیصر اور نجیب خان نے ضلع میرپور میں ڈینگی فیور کی روک تھام کے سلسلے میں عوام الناس میں شعور بیدار کرنے کی غرض سے ضلع میرپور کے محکمہ صحت عامہ اور ضلعی افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ ڈینگی فیور کی روک تھام کیلئے اپنے اپنے حلقوں کے متعلقہ صحت، صفائی اور دیگر حفاظتی اقدامات کیلئے ٹیمیں تشکیل دے کر عوام میں شعور بیدار کریں تاکہ ڈینگی فیور کو کنٹرول کیا جا سکے انھوں نے عوام الناس سے بھی کہا کہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں اور گھروں میں مچھروں کو پھیلنے سے روکنے کے لیے حفاظتی اقدامات کے سلسلہ میں محکمہ صحت عامہ کی طرف سے دی جانے والی ہدایات پر سختی سے عمل کریں گھر اور دفاتر سمیت عام پبلک مقامات پر صحت وصفائی کو یقینی بنایا جائے لوگ اپنے گھروں کا کچرا معقول مقام پر اٹھا کریں تاکہ ان کو عام جگہوں پر پھینکنے کے بجائے تلف کیا جا سکے۔ اس طرح دفاتر اور مکانوں کی کھڑکیوں اور دروازوں پر حفاظتی جالی نصب کرنے سمیت دیگر حفاظتی اقدامات کے سلسلہ میں مختلف سیمینارز منعقد کروائے جائیں جن میں کمیونٹی کو شامل کیا جائے۔

میرپور، چیئرمین آزاد جموں وکشمیر تعلیمی بورڈ پروفیسر شاہد منیر جرال سکولز ٹورنامنٹ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں (فوٹو جہان پاکستان)

میرپور، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے زیر انتظام ایریا میں کمرشل صارفین کیلئے پانی کی قیمت میں کمی

میرپور (پیرو رپورٹ) ڈائریکٹر ریجنل پبلک ہیلتھ انجینئرنگ آزاد کشمیر کی طرف سے جاری کردہ پریس ریلیز میں بتایا گیا کہ حکومت آزاد کشمیر کے نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے زیر انتظام ایریا میں کمرشل صارفین (سنگل دکان) سے پینے کے پانی کی قیمت میں کمی کر دی گئی قبل ازیں سنگل دکان جو صرف پینے کیلئے پانی استعمال کرتے ہیں ان کا ماہانہ بل 1000 روپے تھا جسے کم کر کے اب 500 روپے ماہانہ کر دیا گیا۔

مظفرآباد: موٹر وے سٹی ایکسپو 2019 کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں

مظفرآباد (این این آئی) موٹر وے سٹی ایکسپو 2019 کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں شہر کے خاص وعام کو دعوت نامے ارسال سیاسی سماجی اور تجارتی زعما سمیت وکلا برادری اور شہریوں کو موٹر وے سٹی ایکسپو 2019 میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے میڈیا سے موٹر وے سٹی پر ایجنسی کے عالم اپنا نے کہا کہ ہماری جانب سے تحریک آزادی کشمیر کے بیس کیمپ مظفرآباد میں موٹر وے سٹی ایکسپو کا انعقاد اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ ولمن عزیز پاکستان کا کاروباری طبقہ بھی دیگر تمام مکاتب فکر کی طرح موجودہ بھارتی حالات سے پوری طرح باخبر ہے ہم ٹریڈ مینوں کی مسلم کمرشل پالیسیوں اور کشمیریوں کے ساتھ وہ کھڑے جانے والے اقدام سے آگاہ ہیں۔

133 ڈاکٹرز سینئر میڈیکل آفیسر گریڈ 18 میں ترقی، نوٹیفکیشن جاری

ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر سردار آفتاب کی کاوشیں رنگ لے آئیں، تقرریاں 6 ماہ کیلئے ہوئیں

مظفرآباد (پیرو رپورٹ) ڈی جی صحت عامہ ڈاکٹر سردار آفتاب خان کی کاوشیں رنگ لے آئیں، 133 ڈاکٹرز بطور سینئر میڈیکل آفیسر گریڈ 18 میں ترقی یاب نوٹیفکیشن جاری، یہ تقرریاں کرنٹ چارج پوسٹوں پر 6 ماہ کیلئے کی گئی ہیں ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر سردار آفتاب نے کہا کہ محکمہ صحت عامہ میں قسم کی ایمرجنسی کیلئے تیار ہے لائن آف کنٹرول پر تعینات بھی ہیلتھ سینٹرز میں وہ کھلے رہتے ہیں علاج معالجہ کے سلسلہ میں کوئی کمی، کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی جی ہیلتھ نے کہا کہ ان ترقیابیوں کے لئے 6 ماہ کے دوران سلیکشن بورڈ بھی منعقد کروایا جائے گا۔

پولیس چوکی برار کوٹ کی کارروائی 22 بوتل شراب، پستول

پاک سری لنکن کرکٹ سیریز
پاکستان میزبانی کے لئے تیار

عمر شاہین

پاکستان اور سری لنکا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے انٹرنیشنل اور تین ٹی 20 انٹرنیشنل میچوں کی سیریز پر تاحال خدشات کے بادل چھائے ہوئے ہیں، اس کے باوجود کہ سری لنکن کرکٹ بورڈ نے پاکستان کے خلاف محدود اوورز کی سیریز کے لیے اپنی ٹیم کا اعلان بھی کر دیا ہے اور یہ کہ کراچی میں ون ڈے میچوں کے کامیاب اور شاندار انعقاد کے لیے تیاریاں بھی شروع ہو چکی ہیں۔ سری لنکن کرکٹ ٹیم کا دورہ پاکستان منسوخ ہونے کے خدشات کے باوجود سیریز کی تیاریوں کا سلسلہ جاری ہے، پاکستان رینجرز سندھ کے آئی اگسران نے جمعہ کو نیشنل اسٹیڈیم کا دورہ کیا، سیکرٹری کمانڈر رہتاسی رینجرز کرنل رفیق کی سربراہی میں سیکورٹی ٹیم نے ون ڈے سیریز کے لیے سیکورٹی پلان پر مملدرآمد کے لیے اسٹیڈیم کے ڈریسنگ روم اور دیگر مختلف حصوں کے معائنہ کے ساتھ اقدامات کا تفصیلی جائزہ بھی لیا، سیکورٹی ٹیم کو نیشنل اسٹیڈیم کے جنرل منیجر ارشد خان اور کرنل (ر) عثمان نے بریفنگ دی، شیڈول کے مطابق سری لنکا کرکٹ ٹیم پاکستان کے خلاف 3 ون ڈے میچز پر مشتمل انٹرنیشنل سیریز کھیلنے کے لیے 25 ستمبر کو کراچی پہنچ رہی ہے۔ ان تمام باتوں کے باوجود ان سطور کے تحریر کیے جانے تک کرکٹ ماہرین کے نزدیک ابھی بھی سیریز کا انعقاد قطعی غیر یقینی تھا، پاکستان کرکٹ بورڈ واضح کر چکا ہے کہ اب وینیو میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے کیونکہ وقت بھی اب اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ سیریز کو پاکستان کے باہر کسی نیوٹرل مقام پر آرگنائز کیا جا سکے۔ 2009ء کے بعد یہ پہلا موقع ہوگا کہ سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پاکستان میں کوئی مکمل سیریز کھیلے گی اور پاکستان میں دن دن سے زیادہ قیام کرے گی۔ سری لنکن کرکٹ ٹیم کے سینئر کھلاڑیوں کے دورہ پاکستان سے انکار کے بعد پاکستان کے معتبر کرکٹ حلقوں کا یہی مطالبہ سامنے آیا ہے کہ اس سے تو بہتر ہے کہ دورہ ہی منسوخ کر دیا جائے۔ راقم کے نزدیک دورے کی منسوخی پاکستان کرکٹ بورڈ کو مزید دس سال پیچھے لے جائے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے 2015ء سے لے کر اب تک پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ کی بحالی کے لیے جو بھی کوششیں کی ہیں وہ سب اس ایک چھوٹے سے فیصلے سے ختم ہو جائیں گی۔ یہاں پر اصل امتحان پاکستان کرکٹ بورڈ میں اس وقت موجود لوگوں کا ہے جو "باہر سے یہاں درآمد" کیے گئے ہیں، جن کو لاکھوں روپے تنخواہ دی جا رہی ہے اور ان کی تعیناتی پر کہا گیا تھا کہ ان کو کرکٹ معاملات چلانے میں "ید طولیٰ" حاصل ہے اور یہ کہ ان لوگوں کے دنیا کے بڑے کرکٹ بورڈز سے قریبی تعلقات ہیں ان کے آنے سے پاکستان میں رواں برس مکمل انٹرنیشنل کرکٹ بحال ہو جائے گی لیکن یہ لوگ اپنے پہلے ہی "اسائنمنٹ" میں قدرے کمزور نظر آ رہے ہیں، ان سے بہتر تو پی سی بی کے سابق حکام تھے جنہوں نے پاکستان میں بڑے ناموں کو لے کر انٹرنیشنل میچز کروا دیے تھے۔ تاہم، اگر پاک سری لنکن سیریز منسوخ نہ ہوئی اور تینوں ون ڈے انٹرنیشنل اور ٹی 20 میچوں کا انعقاد بہ ہموار انداز سے ہو گیا تو پھر سری لنکا کے پاس دسمبر میں پاکستان میں ٹیسٹ میچ نہ کھیلنے کا کوئی جواز باقی نہیں رہ جائے گا، اس لیے سری لنکا کی جو بھی کرکٹ ٹیم پاکستان آ رہی ہے اسے آنے دیا جائے کیونکہ تاریخ میں اس سیریز کا رزلٹ لکھا جائے گا نا کہ یہ سری لنکا کی کمزور ٹیم پاکستان آئی تھی۔ ماضی میں بھی ایسا کئی بار ہو چکا ہے کہ پاکستان میں بڑی ٹیموں کے کھلاڑیوں نے کھیلنے سے انکار کیا تو مہمان ٹیم کے بورڈ نے نوجوان اور نئے کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیم پاکستان بھیج دی اور سری لنکا نے بھی یہی کیا ہے جو اس کا حق بنتا ہے، مسئلہ تب ہوتا اگر سری لنکن کرکٹ بورڈ سینئر کھلاڑیوں کے انکار کے بعد اپنی ٹیم ہی پاکستان بھیجنے سے منع کر دیتا، ایسا کچھ نہیں ہوا اور صف اول کے کھلاڑیوں کے انکار کے باوجود سری لنکا نے کرکٹ ٹیم پاکستان بھیجنے کا فیصلہ کرتے ہوئے سری لنکا کی ون ڈے اور ٹی 20 کرکٹ ٹیم کا اعلان بھی کر دیا۔ پاکستان دس سال بعد کراچی میں اس ماہ ون ڈے میچ کی میزبانی کرے گا۔ سری لنکا کی ون ڈے ٹیم کی قیادت لاہیرو تھری مانے کریں گے، جبکہ ٹی 20 ٹیم کے کپتان دسون شناکا ہوں گے۔ سری لنکن کرکٹ بورڈ دورہ پاکستان کے لیے سینئر کھلاڑیوں کو رضامند نہیں کر سکا اور ون ڈے ٹیم کے کپتان دموتھ کرونارتنے اور ٹی 20 قائد لاستھ ملنگا سمیت، انجلیو میتھیوز سمیت دس اہم کھلاڑیوں نے پاکستان جا کر کھیلنے سے معذرت کر لی تھی۔ دیگر کھلاڑیوں سورنگا لکمل، اکیلا دھنلیا، دنیش چندی مل، دھنجیا ڈی سلوا، کوشل پریرا، نیرو شن ڈکویلا اور تھسارا پریرا شامل ہیں۔ کوشل مینڈس انجری کی وجہ سے باہر ہو گئے، سینئر کھلاڑیوں کے انکار کے بعد اسکواڈ میں کئی غیر معروف کرکٹرز کو بھی جگہ مل گئی ہے۔ 15 رکنی ون ڈے ٹیم میں واحد نئے کھلاڑی 24 سالہ وکٹ کیپر منود نیشکا ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی ٹیم میں منود نیشکا کے علاوہ بھانوکا راجا پاکسے نئے کھلاڑی ہیں۔ دونوں سری لنکا کی جونیئر ٹیموں میں شامل رہے ہیں۔ دونوں کا گوتھیلے اور لکشان سندا کن کو بنگلہ دیش کے خلاف ون ڈے سیریز سے ڈراپ کر دیا گیا تھا دونوں کو دوبارہ ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ سری لنکا کی ون ڈے ٹیم میں لاہیرو تھری مانے (کپتان)، سدیرا سمرا وکرما، اویشکا فرنینڈو، ھیویان ہے سوریا، ڈاسن شناکا، انجلیو پریرا، منود بھانوکا، وانندو ہسورنگا، کاسن سندیکان، نوون پردیپ، کاسن راجیتھا، لاہیرو کمارا، اسورو ڈانا اور بھانوکا راجا پاکسا شامل ہیں۔

دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ نے سری لنکا کے خلاف رواں ماہ کے آخر میں شیڈول ایک روزہ اور ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچوں کی سیریز کے لیے سرفراز احمد کو قومی کرکٹ ٹیم کا کپتان برقرار رکھا ہے۔ 27 ستمبر سے 9 اکتوبر تک جاری رہنے والی سیریز میں قومی کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان بابر اعظم ہوں گے۔ سرفراز احمد کو اپریل 2016ء میں قومی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹیم کا کپتان مقرر کیا گیا تھا۔ 2017ء میں سرفراز احمد کو قومی ایک روزہ کرکٹ ٹیم کا کپتان مقرر کر دیا گیا تھا۔ اسی سال ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز کے بعد سرفراز احمد کو تینوں فارمیٹ کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کا کپتان مقرر کر دیا گیا تھا۔ سرفراز احمد اب تک 13 ٹیسٹ، 48 ایک روزہ اور 34 ٹی ٹوئنٹی میچز میں قومی کرکٹ ٹیم کی کپتانی کر چکے ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم سرفراز احمد کی قیادت میں 4 ٹیسٹ، 26 ایک روزہ اور 29 ٹی ٹوئنٹی میچز میں کامیابی حاصل کر چکی ہے۔ بابر اعظم آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ میں 16 ویں، ایک روزہ کرکٹ میں تیسرے اور ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں پہلے بہترین بے بازی ہیں۔ بابر اعظم اس سے قبل آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈ کپ 2012ء میں پاکستان کی قیادت کر چکے ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان اور نائب کپتان کا تقرر چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے کیا ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور چیف سلیکٹر مصباح الحق اور پی سی بی کرکٹ کمیٹی نے دونوں ناموں کی سفارش کی تھی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد نے کہا ہے کہ سری لنکا کرکٹ ٹیم سے درخواست ہے کہ وہ پاکستان کا دورہ کرے، پاکستان محفوظ ملک ہے، بھرپور سیکورٹی دیں گے سری لنکا کے دورہ پاکستان کے حوالے سے ہمیں اچھی امید رکھنی چاہیے، دعا کریں کہ سری لنکن ٹیم پاکستان آئے، ان کو ہر ممکن سیکورٹی دی جائے گی، سیریز کے انعقاد کے سلسلے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کراچی اور لاہور کی انتظامیہ کی جانب سے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں، مجھے نہیں معلوم کہ سری لنکا کے خدشات کے پیچھے کون ہے، یہ سیاسی بات ہے جو میرا کام نہیں، انہوں نے کہا کہ پی سی بی نے ملک میں کرکٹ کی بحالی کے لیے گزشتہ دس برس میں بہت کاوشیں کی ہیں جبکہ تین سالوں میں اس حوالے سے بہت زیادہ پیش رفت بھی ہوئی، آئی سی سی اور دیگر ممالک کے کرکٹ بورڈز کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ پاکستان کو سپورٹ کریں تاکہ ملک میں انٹرنیشنل کرکٹ بحال ہو، پاکستان نے ہمیشہ کرکٹ کی ترقی میں اپنا کردار ادا کیا ہے، دہشت گردی کے واقعہ کے باوجود ہماری قومی جونیئر ٹیم نے حال ہی میں سری لنکا کا دورہ کیا، نئے نظام میں مجھے نہیں معلوم کہ کپتان کی کیا اتھارٹی ہے، میرے چاہنے سے کچھ نہیں ہوگا، جو بورڈ چاہے گا وہی ہوگا، سرفراز احمد نے کہا کہ کپتان کو بورڈ کی جانب سے سپورٹ ملنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ جس سے اس کے اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔ سری لنکا کے خلاف سیریز میں کپتان بنائے جانے کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ پی سی بی کی جانب سے مجھے قومی کرکٹ ٹیم کا کپتان برقرار رکھنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے پاکستان کرکٹ ٹیم کی قیادت کرنے کا لطف آ رہا ہے۔ مستقبل میں مصباح الحق کی زیر نگرانی ہماری صلاحیتوں میں نکھار آئے گا۔ میں نے مصباح الحق کی زیر نگرانی بہت کرکٹ کھیلی ہے اور امید ہے کہ ہمارے باہمی تعاون سے قومی کرکٹ ٹیم تینوں فارمیٹ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔ انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ ہم ایک روزہ کرکٹ میں اپنے معیار کے مطابق کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر سکے۔ تاہم، وہ پرامید ہیں کہ بطور کپتان وہ آئندہ اس فارمیٹ میں اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھانے کی کوشش کریں گے۔ سرفراز احمد نے کہا کہ مجھے اپنی ٹیم پر مکمل اعتماد ہے۔ مصباح الحق اور میں ٹیم کی کارکردگی میں تسلسل لانے کی کوشش کریں۔ سری لنکا کے خلاف سیریز کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کے 19 ممکنہ کھلاڑیوں کا اعلان پیر کو ہوگا۔ ملک بھر میں نیا فرسٹ کلاس سیزن بھی شروع ہو چکا ہے جس میں تمام وہ کھلاڑی بھی کھیل رہے ہیں جن کو پاکستان کرکٹ بورڈ نے سینٹرل کنٹریکٹ دیا ہے اور جنہوں نے پری سیزن ٹریننگ کیمپ میں بھی شرکت کی تھی۔ اس بات کا قوی امکان تھا کہ سری لنکا کے خلاف سیریز کے لیے بدھ سے نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں لگائے جانے والے کیمپ میں اوپنر فخر زمان بھی شریک ہوں گے، اس کے علاوہ احمد شہزاد اور عمر اکمل کے بھی طلب کیے جانے کا امکان تھا۔ سیریز کے لیے 16 رکنی حتمی اسکواڈ کا اعلان 23 ستمبر کو کیا جائے گا۔

ادھر پاکستان میں نئے ڈومیسٹک اسٹرکچر کے حامل نئے فرسٹ کلاس سیزن کا بھی آغاز ہو گیا ہے، جس میں ملک بھر کے بہترین 192 کرکٹرز 12 ٹیموں میں فرسٹ اور سیکنڈ الیون میں کھیل رہے ہیں، پاکستان کرکٹ بورڈ کے میڈیا ڈائریکٹر پارلیمنٹ کے نئے سربراہ سید احسن برنی نے فرسٹ کلاس سیزن سے قبل ہی اس سے متعلق خبروں کی میڈیا تک آسان رسائی کو ممکن بنایا تھا اور یہ کہ ٹیموں کی تشکیل، انتخاب، فارمیٹ اور پلے اِنگ کنڈیشنز تک سے میڈیا کو آگاہی دی۔ ماضی میں ایسا نہیں ہوتا تھا، اس کے علاوہ فرسٹ کلاس میچ کے ہر روز کھیل کے بعد کپتان یا کھلاڑیوں کی میڈیا پر براہ راست بریفنگ بھی پاکستان کرکٹ کلچر میں عمدہ اضافہ ہے۔ قائداعظم ٹرافی کے میچوں کی لائیو اسٹریمنگ بھی اس بات کی جانب اشارہ ہے کہ پی سی بی میڈیا ڈائریکٹر پارلیمنٹ میں جدت آ رہی ہے۔ تاہم، قائداعظم ٹرافی کے لوگو اور اس میں شریک ٹیموں کے لوگوز بنانے میں محنت نہیں کی گئی اور لگتا ہے کہ جلد بازی میں ان لوگوز کو فائنل کیا گیا جس میں کرکٹ کا دور دور تک نام و نشان نہیں، حتیٰ کہ ٹیم پختونخوا کا نام بھی "کے پی کے" لکھا گیا جو کسی بھی طرح معافی کے لائق نہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ میں کام کرنے والوں کو کم از کم پاکستان کے صوبوں کے مکمل ناموں سے تو واقفیت ہونی چاہیے۔

قائداعظم ٹرافی
ڈومیسٹک کرکٹ کے ماتھے کا جھومر

اخلاق اسلم

فرسٹ کلاس کرکٹ کسی بھی کرکٹ کھیلنے والے ملک کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور ٹیسٹ کھیلنے والے تمام بڑے ممالک میں ایک فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ ایسا ضرور ہوتا ہے جس کے گرد اس ملک کی ڈومیسٹک کرکٹ گردش کرتی ہے۔ پاکستان میں یہ مقام قائداعظم ٹرافی کو حاصل ہے جو بانی پاکستان کے نام سے منسوب ہے۔

قومی کرکٹ کی تاریخ میں پہلا فرسٹ کلاس کرکٹ میچ آزادی کے چند ماہ بعد 2 صوبائی ٹیموں پنجاب اور سندھ کے درمیان کھیلا گیا۔ باغ جناح لاہور میں کھیلا گیا میچ 27 تا 29 دسمبر 1947ء تک جاری رہا، تاہم، پاکستانی تاریخ کے پہلے فرسٹ کلاس کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز 6 سال بعد ہوا۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب قائداعظم ٹرافی کے پہلے ایڈیشن کا انعقاد 54-1953ء میں کیا گیا۔

ابتدائی ایڈیشن

قائداعظم ٹرافی کے پہلے ایڈیشن میں 3 صوبائی اور 2 ڈیپارٹمنٹل سمیت کل 7 ٹیموں نے شرکت کی۔ ایونٹ میں پنجاب، سندھ، سرحد، بہاولپور، کراچی، کمبائنڈ سروسز اور پاکستان ریلویز نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کے میچز کے بی اے گراؤنڈ کراچی میں کھیلے گئے۔ قائداعظم ٹرافی کے پہلے ایڈیشن کی فاتح ٹیم بہاولپور ٹھہری۔ فائنل میچ میں بہاولپور نے پنجاب کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ 7 ٹیموں سے شروع ہونے والے اس ایونٹ میں ٹیموں کی تعداد آنے والے برسوں میں 26 تک پہنچ چکی تھی تاہم، آئندہ سیزن میں قائداعظم ٹرافی میں 6 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لیے مدمقابل آئیں گی۔ ٹیموں کی محدود تعداد میں شرکت سے ایونٹ میں معیاری کرکٹ کو فروغ ملے گا۔

ڈومیسٹک سیزن 68-1967ء تک مختلف وجوہات کی بنا پر قائداعظم ٹرافی کے 4 ایڈیشنز کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا۔ 61-1960ء میں قائداعظم ٹرافی کے بجائے ایوب ٹرافی کا انعقاد کیا گیا۔ 1965ء میں جنگ کے باعث قائداعظم ٹرافی 66-1965ء کے ایڈیشن کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا۔ 68-1967ء اور 72-1971ء ڈومیسٹک سیزن میں بھی قائداعظم ٹرافی کے میچز کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا تھا۔ تاہم، گذشتہ 47 سال سے قائداعظم ٹرافی کے میچز باقاعدگی سے جاری ہیں۔

کراچی کی حکمرانی

ڈومیسٹک سیزن 55-1954ء میں کراچی کرکٹ ٹیم نے پہلی مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ ڈومیسٹک سیزن 72-1971ء تک کراچی سے تعلق رکھنے والی ٹیموں نے قائداعظم ٹرافی کے 14 میں سے 9 ٹائٹل اپنے نام کیے جبکہ قائداعظم ٹرافی کے 59-1958ء سے 67-1966ء تک مسلسل 7 ایڈیشنز ھیرو قائد کے نام رہے۔ مجموعی طور پر کراچی کی نمائندگی کرنے والی مختلف ٹیموں نے 20 مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل جیتا۔ یہ قائداعظم ٹرافی کی تاریخ میں کسی بھی علاقائی ٹیم کی ریکارڈ تعداد میں جیت ہے۔

کراچی بلیوز سب سے زیادہ 9 مرتبہ ایونٹ اپنے نام کر چکی ہے۔ تاہم، مسلسل 3 مرتبہ قائداعظم ٹرافی جیتنے کا ریکارڈ کراچی وائٹس کی ٹیم کے پاس ہے۔ کراچی وائٹس کی ٹیم سیزن 91-1990ء سے 93-1992ء تک مسلسل 3 مرتبہ ٹائٹل جیت کر فتوحات کی ہیٹ ٹرک کرنے والی واحد ٹیم ہے۔

ڈیپارٹمنٹل ٹیموں کا عروج

قائداعظم ٹرافی کے پہلے ایڈیشن میں 2 ڈیپارٹمنٹل ٹیموں پاکستان ریلویز اور کمبائنڈ سروسز نے شرکت کی۔ تاہم، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز قائداعظم ٹرافی جیتنے والی پہلی ڈیپارٹمنٹل ٹیم تھی۔ پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز قائداعظم ٹرافی 70-1969ء کی فاتح ٹیم تھی۔ تاہم، قومی ڈومیسٹک کرکٹ کی تاریخ میں 70 اور 80 کی دہائیوں کو ڈیپارٹمنٹل ٹیموں کے عروج کا دور کہا جاتا ہے۔ ان 20 سال میں 15 مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل کسی نہ کسی ڈیپارٹمنٹل ٹیم نے جیتا۔ اس دوران 4 مرتبہ ایونٹ کی فاتح پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی ٹیم نے مجموعی طور پر 7 مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔

70 اور 80 کی دہائیوں میں قائداعظم ٹرافی میچز راؤنڈ رابن یا گروپ مرحلے پر مشتمل فارمیٹ میں کھیلے جاتے تھے۔ ایونٹ میں ٹیموں کی تعداد بھی 10 سے 12 ہوتی تھی۔ یہ وہ وقت تھا جب قائداعظم ٹرافی کو صرف ڈیپارٹمنٹل ٹیموں کے لیے مختص کر دیا گیا تھا جبکہ علاقائی ٹیمیں پیٹرنز ٹرافی میں ہنر آزما ہوتی تھیں۔

اس کے بعد 9 سیریز میں قائداعظم ٹرافی میں شہروں کی کرکٹ ایسوسی ایشنز کو ایک بار پھر شامل کر لیا گیا۔ اب ٹیموں کی تعداد کم سے کم 8 اور زیادہ سے زیادہ 11 رکھی گئی تھی۔

مختلف شہروں کی کامیابیاں

قومی ڈومیسٹک کرکٹ کے پریمیئر ٹورنامنٹ، قائداعظم ٹرافی سے جہاں معیاری کرکٹ کو فروغ ملا تو وہیں اس ٹورنامنٹ کے انعقاد سے کرکٹ کو ملک کے کونے کونے تک پہنچانے میں بھی مدد ملی۔ یہ قائداعظم ٹرافی کا ہی ثمر تھا کہ 90 کی دہائی میں قومی کرکٹ ٹیم کے لیے کئی ایسے کھلاڑیوں کا انتخاب کیا گیا جو لاہور یا کراچی سے نہیں بلکہ ملک کے دیگر شہروں میں رہائش پذیر تھے۔ محدود سہولیات کے حامل ان علاقوں سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں نے قائداعظم ٹرافی میں بھی اپنی قابلیت کا بھرپور اظہار کیا۔

2000-01ء سے 2013-14ء تک سیالکوٹ نے 2 جبکہ پشاور، فیصل آباد اور راولپنڈی نے ایک ایک مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔

مقابلوں میں دونوں گروپس کی 4 بہترین ٹیموں نے "سپر ایٹ" جبکہ آخری 6 ٹیموں نے "پام سکس" کی بنیاد پر میچز کھیلے۔ قائداعظم ٹرافی کے آٹھویں ایڈیشن کا آغاز 14 ستمبر سے ہو چکا ہے۔ ایونٹ میں 6 کرکٹ ایسوسی ایشنز کی فرسٹ اور سیکنڈ الیون ٹیمیں 2 مختلف ٹورنامنٹس میں شرکت کریں گی۔ نئے ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر سے معیاری کرکٹ کو فروغ دیا جائے گا جس سے قومی اور بین الاقوامی کرکٹ کے درمیان فرق کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔



1986-87ء میں راولپنڈی نے حبیب بینک لمیٹڈ کی مضبوط ٹیم کو زیر کر کے ٹائٹل اپنے نام کیا تھا جبکہ 99-1998ء میں پشاور کی ٹیم نے کراچی وائٹس کو ایک اننگ کے بھاری مارجن سے شکست دی تھی۔

قائداعظم ٹرافی کی تاریخ میں 16 ایڈیشنز ایسے بھی رہے جب یہ ٹورنامنٹ 2 ڈویژنز میں کھیلا گیا۔ 06-2005ء اور 07-2006ء میں یہ ٹورنامنٹ گولڈ اور سلور ڈویژنز کی طرز پر کھیلا گیا۔ قائداعظم ٹرافی میں 14 ریجن کے درمیان ہونے والے ٹورنامنٹ ایسا ضرور ہوتا ہے جس کے گرد اس ملک کی ڈومیسٹک کرکٹ گردش کرتی ہے۔ پاکستان میں یہ مقام قائداعظم ٹرافی کو حاصل ہے جو بانی پاکستان کے نام سے منسوب ہے۔

قومی کرکٹ کی تاریخ میں پہلا فرسٹ کلاس کرکٹ میچ آزادی کے چند ماہ بعد 2 صوبائی ٹیموں پنجاب اور سندھ کے درمیان کھیلا گیا۔ باغ جناح لاہور میں کھیلا گیا میچ 27 تا 29 دسمبر 1947ء تک جاری رہا، تاہم، پاکستانی تاریخ کے پہلے فرسٹ کلاس کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز 6 سال بعد ہوا۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب قائداعظم ٹرافی کے پہلے ایڈیشن کا انعقاد 54-1953ء میں کیا گیا۔

ابتدائی ایڈیشن

قائداعظم ٹرافی کے پہلے ایڈیشن میں 3 صوبائی اور 2 ڈیپارٹمنٹل سمیت کل 7 ٹیموں نے شرکت کی۔ ایونٹ میں پنجاب، سندھ، سرحد، بہاولپور، کراچی، کمبائنڈ سروسز اور پاکستان ریلویز نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کے میچز کے بی اے گراؤنڈ کراچی میں کھیلے گئے۔ قائداعظم ٹرافی کے پہلے ایڈیشن کی فاتح ٹیم بہاولپور ٹھہری۔ فائنل میچ میں بہاولپور نے پنجاب کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ 7 ٹیموں سے شروع ہونے والے اس ایونٹ میں ٹیموں کی تعداد آنے والے برسوں میں 26 تک پہنچ چکی تھی تاہم، آئندہ سیزن میں قائداعظم ٹرافی میں 6 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لیے مدمقابل آئیں گی۔ ٹیموں کی محدود تعداد میں شرکت سے ایونٹ میں معیاری کرکٹ کو فروغ ملے گا۔

ڈومیسٹک سیزن 68-1967ء تک مختلف وجوہات کی بنا پر قائداعظم ٹرافی کے 4 ایڈیشنز کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا۔ 61-1960ء میں قائداعظم ٹرافی کے بجائے ایوب ٹرافی کا انعقاد کیا گیا۔ 1965ء میں جنگ کے باعث قائداعظم ٹرافی 66-1965ء کے ایڈیشن کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا۔ 68-1967ء اور 72-1971ء ڈومیسٹک سیزن میں بھی قائداعظم ٹرافی کے میچز کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا تھا۔ تاہم، گذشتہ 47 سال سے قائداعظم ٹرافی کے میچز باقاعدگی سے جاری ہیں۔

کراچی کی حکمرانی

ڈومیسٹک سیزن 55-1954ء میں کراچی کرکٹ ٹیم نے پہلی مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ ڈومیسٹک سیزن 72-1971ء تک کراچی سے تعلق رکھنے والی ٹیموں نے قائداعظم ٹرافی کے 14 میں سے 9 ٹائٹل اپنے نام کیے جبکہ قائداعظم ٹرافی کے 59-1958ء سے 67-1966ء تک مسلسل 7 ایڈیشنز ھیرو قائد کے نام رہے۔ مجموعی طور پر کراچی کی نمائندگی کرنے والی مختلف ٹیموں نے 20 مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل جیتا۔ یہ قائداعظم ٹرافی کی تاریخ میں کسی بھی علاقائی ٹیم کی ریکارڈ تعداد میں جیت ہے۔

کراچی بلیوز سب سے زیادہ 9 مرتبہ ایونٹ اپنے نام کر چکی ہے۔ تاہم، مسلسل 3 مرتبہ قائداعظم ٹرافی جیتنے کا ریکارڈ کراچی وائٹس کی ٹیم کے پاس ہے۔ کراچی وائٹس کی ٹیم سیزن 91-1990ء سے 93-1992ء تک مسلسل 3 مرتبہ ٹائٹل جیت کر فتوحات کی ہیٹ ٹرک کرنے والی واحد ٹیم ہے۔

ڈیپارٹمنٹل ٹیموں کا عروج

قائداعظم ٹرافی کے پہلے ایڈیشن میں 2 ڈیپارٹمنٹل ٹیموں پاکستان ریلویز اور کمبائنڈ سروسز نے شرکت کی۔ تاہم، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز قائداعظم ٹرافی جیتنے والی پہلی ڈیپارٹمنٹل ٹیم تھی۔ پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز قائداعظم ٹرافی 70-1969ء کی فاتح ٹیم تھی۔ تاہم، قومی ڈومیسٹک کرکٹ کی تاریخ میں 70 اور 80 کی دہائیوں کو ڈیپارٹمنٹل ٹیموں کے عروج کا دور کہا جاتا ہے۔ ان 20 سال میں 15 مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل کسی نہ کسی ڈیپارٹمنٹل ٹیم نے جیتا۔ اس دوران 4 مرتبہ ایونٹ کی فاتح پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی ٹیم نے مجموعی طور پر 7 مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔

70 اور 80 کی دہائیوں میں قائداعظم ٹرافی میچز راؤنڈ رابن یا گروپ مرحلے پر مشتمل فارمیٹ میں کھیلے جاتے تھے۔ ایونٹ میں ٹیموں کی تعداد بھی 10 سے 12 ہوتی تھی۔ یہ وہ وقت تھا جب قائداعظم ٹرافی کو صرف ڈیپارٹمنٹل ٹیموں کے لیے مختص کر دیا گیا تھا جبکہ علاقائی ٹیمیں پیٹرنز ٹرافی میں ہنر آزما ہوتی تھیں۔

اس کے بعد 9 سیریز میں قائداعظم ٹرافی میں شہروں کی کرکٹ ایسوسی ایشنز کو ایک بار پھر شامل کر لیا گیا۔ اب ٹیموں کی تعداد کم سے کم 8 اور زیادہ سے زیادہ 11 رکھی گئی تھی۔

مختلف شہروں کی کامیابیاں

قومی ڈومیسٹک کرکٹ کے پریمیئر ٹورنامنٹ، قائداعظم ٹرافی سے جہاں معیاری کرکٹ کو فروغ ملا تو وہیں اس ٹورنامنٹ کے انعقاد سے کرکٹ کو ملک کے کونے کونے تک پہنچانے میں بھی مدد ملی۔ یہ قائداعظم ٹرافی کا ہی ثمر تھا کہ 90 کی دہائی میں قومی کرکٹ ٹیم کے لیے کئی ایسے کھلاڑیوں کا انتخاب کیا گیا جو لاہور یا کراچی سے نہیں بلکہ ملک کے دیگر شہروں میں رہائش پذیر تھے۔ محدود سہولیات کے حامل ان علاقوں سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں نے قائداعظم ٹرافی میں بھی اپنی قابلیت کا بھرپور اظہار کیا۔

2000-01ء سے 2013-14ء تک سیالکوٹ نے 2 جبکہ پشاور، فیصل آباد اور راولپنڈی نے ایک ایک مرتبہ قائداعظم ٹرافی کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔

مقابلوں میں دونوں گروپس کی 4 بہترین ٹیموں نے "سپر ایٹ" جبکہ آخری 6 ٹیموں نے "پام سکس" کی بنیاد پر میچز کھیلے۔ قائداعظم ٹرافی کے آٹھویں ایڈیشن کا آغاز 14 ستمبر سے ہو چکا ہے۔ ایونٹ میں 6 کرکٹ ایسوسی ایشنز کی فرسٹ اور سیکنڈ الیون ٹیمیں 2 مختلف ٹورنامنٹس میں شرکت کریں گی۔ نئے ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر سے معیاری کرکٹ کو فروغ دیا جائے گا جس سے قومی اور بین الاقوامی کرکٹ کے درمیان فرق کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

PAK NEWS PAPERS

ٹائی راڈ



پٹھوں کی کمزوری مردانہ کمزوری ختم کرے

شوگر کی وجہ سے مردانہ کمزوری ختم

جراثیم پیدا کرے

شادی شدہ وغیر شادی شدہ کیلئے تحفہ خاص

ترش اشیاء ارکولڈ ڈرنک سے پرہیز کریں

نامرد کو مرد بنائے



اپنا آرڈر

10 کیپسول قیمت -/1000 روپے

Whatsapp یا SMS بھی کر سکتے ہیں

30 کیپسول قیمت -/2500 روپے

پورے پاکستان میں ہوم ڈیلوری کی سہولت

YouTube qayumi dawa khana

Deva Herbal

0345-7000088 منگوانے کیلئے 0300-0776935-6-7-8

0300-2500026 منگوانے کیلئے 0334-0700800

PUBLICITY BY: WHATSAPP GROUP PAK NEWS PAPERS TILL 12-Oct-2019

نوشاہی معجون شباب نوابی پاور+طلأ

نوجوانوں کے دیرینہ مسائل کا حل

دور حاضر کے نوجوانوں کا ایک دیرینہ مسئلہ یہ ہے کہ کثرت احتلام، مادہ منی کی رقت، مادہ کی کمی، ذکاوت حس اور سرعت انزال، معمولی خیالات کے بعد قطرے آنا، پیشاب سے پہلے یا بعد میں لیس دار مادے کا اخراج، اسی بیماری کی وجہ سے نوجوان انتہائی احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں اور بعض تو شادی سے انکار کرتے ہیں حالانکہ یہ کوئی اتنی سنگین بیماری نہیں ہے ہمارا نوشاہی معجون شباب اس کیلئے انتہائی مجرب اور مفید ہے۔



- نقائص کو دور کر کے مردانہ بانچھ پن کو ختم کرتا ہے۔
- تمام اعصاب کو قوت دیتا ہے۔
- سستی اور کاہلی مکمل ختم کر دیتا ہے۔
- مردانہ قوت میں بے مثال ہے۔
- مادہ کے اخراج کی رفتار تیز کر کے حمل قرار پاتا ہے۔
- مردوں کی جنسی کمزوری کو دور کر کے نیا جوش وولولہ پیدا کرتا ہے۔
- منی میں سپر مینا زوا کی کمی، ضعف کرم منی میں مفید ہے۔
- سرعت انزال، جریان میں مفید ہے۔
- قوت اور شباب کو قائم رکھتا ہے۔

معجون-/3500 روپے پورے پاکستان میں ڈیلوری کیلئے رابطہ کریں طلاء-/2500 روپے

YouTube qayumi dawa khana Catrain Y! Bdhdeva@yahoo.com

0300-2500026

0333-5203553 منگوانے کیلئے **0300-6389463**

PUBLICITY BY: WHATSAPP GROUP PAK NEWS PAPERS TILL 12-Oct-2019

ایک ماہ میں نسوانی حسن میں اضافہ کریں

PAK

بریسٹ ڈویلپنگ اینڈ ٹائٹننگ آئل

ہر عمر کی خواتین کیلئے

ان لڑکیوں کیلئے بنایا گیا ہے جو نسوانی حسن کا شکار ہیں ہر عورت کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بریسٹ ٹائٹ سڈول اور جاذب نظر ہوں لیکن کچھ لڑکیوں کے بریسٹ بہت چھوٹے ہوتے ہیں جو کہ ہارمونز کی کمی کی وجہ سے ہوتے ہیں ۔ بہت سی کنواری لڑکیاں جن میں ہارمونز کی کمی کے باعث بریسٹ گروتھ نہیں کرتے لیکن بہت ساری لڑکیاں ایسی بھی ہوتی ہیں جن کے بریسٹ کنواری عمر میں تو ٹھیک ہوتے ہیں لیکن شادی کے بعد جب بچے کی پیدائش ہوتی ہے تو اکثر لڑکیوں کے پستان چھوٹے ہوتے جاتے ہیں یا اتنے لٹک جاتے ہیں کہ نظر ہی نہیں آتے ۔ایسی صورت میں لڑکیاں احساس کمتری کا شکار ہو جاتی ہیں ۔اس صورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہربل میڈیسن کے حکماء نے بریسٹ ڈویلپر آئل تیار کیا ہے جو ہارمونز کو بڑھنے میں مدد دیتا ہے جو مکمل طور پر دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا گیا ہے۔ یہ آپ کی چھاتی کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ ان میں تناؤ لا کر خوبصورت بھی بناتا ہے۔ یہ بریسٹ کے ہارمونز کی افزائش کو درست کر کے ان میں تناؤ لا کر مزید خوبصورتی میں اضافہ کرتا ہے۔

YouTube Deva Herbal Health Tip Catrain Y! Bdhdeva@yahoo.com

0333-5203553, 0300-0776934

منگوانے کے لیے 0300-2500026

PUBLICITY BY: WHATSAPP GROUP PAK NEWS PAPERS TILL 12-Oct-2019

PAK NEWS PAPERS
CURRENT AFFAIRS
ایزی پیسہ نمبر
0348-2036026
جاز کیش نمبر
0302-3204429
PAK
اسلامی معلومات
پاکستانی اخبارات اور میگزین
کرنٹ افیئرز اور روزانہ کی ورکیں وغیرہ
پڑھنے کی خبریں
تعلیمی آسانیاں اور نوٹس
پاکستانی ڈرامے فری اردو انگلش فلمیں
واٹس ایپ گروپ میں ایڈ ہونے کی ماہانہ فیس صرف پچاس روپے ہر مہینے جمع کروانا لازم ہوگی
THE BEST GROUP FOR BEST PEOPLE

پاک نیوز پیپرز

PAK NEWS PAPERS

ہماری ہر PDF فائل

کے آخر میں اپنا کاروباری اشتہار واٹس ایپ
پر مشہوری کے لیے ایڈجسٹ کروائیں یا
لگوائیں وہ بھی مناسب قیمت میں

اشتہارات بکنگ کے لیے

رابطہ نمبرز
0302-3204429
0348-2036026

پاکستان کا نمبر 01 واٹس ایپ گروپ

خوشخبری

WHATSAPP GROUP

PAK NEWS PAPERS

پاک نیوز پیپرز

پاکستان اور دنیا کی تازہ ترین معلومات کی بہترین پانچ سہولیات آپ کے ہاتھوں میں ہمارے پاک نیوز پیپرز واٹس ایپ گروپ کی ماہانہ ایڈوانس فیس صرف پچاس روپے ہے جاز کیش یا ایزی پیسہ کی صورت میں پاک نیوز پیپرز کے دیے گئے نمبرز پر فیس جمع کرا کر ایڈ ہو سکتے ہیں۔

- اسلامی اصلاحی مواد
- ہر گھنٹے کی خبریں
- روزانہ کی اخبارات
- روزانہ کی نوکریاں ٹینڈرز' ایڈمیشنز
- ٹی وی ٹاک شوز' ڈرامے فلمیں اور سبق آموز ویڈیوز

ایڈوانس ماہانہ فیس صرف پچاس روپے

جاز کیش اکاؤنٹ نمبر 0302-3204429

ایزی پیسہ اکاؤنٹ نمبر 0348-2036026

نام بی 786 کافی بے

WHATSAPP GROUP : PAK NEWS PAPERS

اگر آپ پاک نیوز پیپرز واٹس ایپ گروپ میں ایڈ ہونا اور مندرجہ ذیل مواد حاصل کرنا چاہتے ہیں

۱۔ اسلامی اصلاحی مواد
۲۔ تمام پاکستانی اخبارات
۳۔ روزانہ نوکریوں کے اشتہارات
۴۔ ہر گھنٹے کی ٹی وی خبریں
۵۔ انٹرنیشنل اخبارات
۶۔ پاکستانی ٹینڈرز اور ایڈمیشنز اشتہارات
۷۔ کرکٹ میچ اپڈیٹس
۸۔ سنڈے میگزین
۹۔ پاکستانی ٹی وی نیوز چینلز ٹاک شوز
۱۰۔ پاکستانی ٹی وی گیم شوز
۱۱۔ انٹرنیشنل میگزین
۱۲۔ کوکنگ، سلائی اور کمپیوٹر کورس ویڈیوز
۱۳۔ بچوں کے کارٹونز
۱۴۔ سبق آموز ویڈیوز
۱۵۔ پاکستانی اور انڈین ٹی وی ڈرامے
۱۶۔ حقیقت ٹی وی ویڈیوز
۱۷۔ اقوال زریں
۱۸۔ پاکستانی، انڈین، انگلش ٹی وی فلمیں
۱۹۔ تعلیمی اور معلوماتی کتابیں
۲۰۔ ہر مہینے ناولز اور ماہانہ ڈائجسٹ

ابھی گروپ میں ایڈ ہونے کی ماہانہ فیس صرف 50 روپے جازکیش یا ایزی پیسہ اکاؤنٹ میں جمع کروا کر ایڈ ہو سکتے ہیں جو ہر مہینے جمع کروانا لازم ہوگی۔

فیس جمع کروانے کا طریقہ

کسی بھی جازموبی کیش یا ایزی پیسہ شاپ پر جا کر مندرجہ ذیل نمبرز پر ایڈوانس ماہانہ فیس جازکیش یا ایزی پیسہ اکاؤنٹ میں ادا کریں اور کال کر کے اپنا نمبر ہمارے واٹس ایپ گروپ میں ایڈ کروائیں

جازکیش اکاؤنٹ کے ذریعے فیس اس نمبر پر ادا کریں **0302-3204429**

ایزی پیسہ اکاؤنٹ کے ذریعے فیس اس نمبر پر ادا کریں **0348-2036026**

ایزی لوڈ بھیجنے والا ممبر واٹس ایپ گروپ پاک نیوز پیپرز میں ایڈ **نہیں** کیا جائے گا۔

جازکیش یا ایزی پیسہ شاپ سے کم سے کم 100 روپے کا کیش بھیجا جا سکتا ہے لہذا ممبران 02 ماہ کی فیس ایک ساتھ جمع کروا سکتے ہیں۔

پاک نیوز پیپرز واٹس ایپ گروپ رولز اور نوٹ

۱۔ نقالوں سے ہوشیار رہیں دیے گئے نمبرز کے علاوہ کسی دوسرے نمبر پر فیس ادا نہ کریں۔
۲۔ فیک پاک نیوز پیپرز گروپ بنا کر فیس لینے والوں سے پاک نیوز پیپرز کا کوئی تعلق نہیں فل فور ہمارے گروپ سے نکال دیا جائے گا۔
۳۔ کوئی بھی پوسٹس یا کمینٹس کرنے پر گروپ سے نکالا گیا ممبر کو گروپ فیس کی واپسی کا مجاز نہیں۔
۴۔ گروپ میں ٹرائل نہیں دیا جاتا جو ممبر فیس ادا کرتا ہے وہی ایڈ کیا جاتا ہے۔
۵۔ پاک نیوز پیپرز میں ممبرز کو ایڈمنز کی اجازت کے بغیر کسی بھی طرح کی پوسٹ کرنا منع ہے۔
۶۔ گروپ میں نمبر تبدیل کرنے اور ڈمانڈ کرنے کی اجازت نہیں ہے "ایڈمن پینل جو مواد بتا چکا وہی گروپ میں ملے گا۔
۷۔ کوئی سپیشل ڈمانڈ پوری نہیں کی جائے گی۔ **پاکستان کا سب سے بڑا نمبر 1 واٹس ایپ گروپ**

PAK NEWS PAPERS HELP LINK CLICK HERE